

# 2024 نیو یارک شہر پبلک اسکولز
# **داخلوں کا رہنما کتابچہ**

نوزائیدہ و نونہال
3K
پری کنڈرگارٹن
کنڈرگارٹن
قابل اور ہنرمند
مڈل اسکول
ہائی اسکول
متخصص ہائی اسکولز

NYC Public Schools
Eric Adams
Mayor
David C. Banks
Chancellor

schools.nyc.gov/Admissions

اردو | Urdu

# نیویارک شہر پبلک اسکولوں میں خوش آمدید!

## مزید جانیں اور درخواست دیں

**MySchools.nyc**
اسکولوں اور پروگراموں کی چھان بین کریں، اور اپنی پیشکش موصول کریں – سب ایک ہی جگہ۔

**schools.nyc.gov/SignUp**
جدید ترین خبروں اور معلومات کے لیے ہماری ای میلز کے لیے سائن اپ کریں۔

## طریقِ کار بہ طریقِ کار

سب سے جدید ترین، عمیق معلومات حاصل کریں – بشمول کب درخواست دیں اور پیشکشیں کس طرح کی جاتی ہیں۔ ہماری وڈیو سیریز آپکو ہر طریقِ کار کے بارے میں بتائے گی۔

**schools.nyc.gov/InfantsToddlers**
2021 کے بعد پیدا ہونے والے بچوں کے لیے، اہل قرار دیے جانے والے خاندانوں کے لیے

**schools.nyc.gov/3K**
2021 میں پیدا ہونے والے بچوں کے لیے

**schools.nyc.gov/PK**
2020 میں پیدا ہونے والے بچوں کے لیے

**schools.nyc.gov/K**
2019 میں پیدا ہونے والے بچوں کے لیے

**schools.nyc.gov/GT**
کنڈرگارٹن سے لیکر گریڈ چار کے اہل قرار دیے جانے والے بچوں کے لیے


**schools.nyc.gov/MS**
موجودہ گریڈ 5 کے طلبا کے لیے

**schools.nyc.gov/HS | schools.nyc.gov/SHS**
موجودہ گریڈ 8 اور پہلی بار گریڈ 9 کے طلبا کے لیے

## انفرادی معاونت حاصل کریں

- ایک اسکول مشیر کے ساتھ بات کریں۔
- ایک خاندانی استقبالیہ مرکز جائیں (**schools.nyc.gov/FWC**)۔
- داخلے کی معلومات کے بارے میں ہمیں **(718) 935-2009** پر کال کریں۔

# 2024 این وائی سی پبلک اسکولز
# **داخلے رہنما کتابچہ**



اس داخلے رہنما کتابچے میں درج معلومات اشاعت کے وقت تک بالکل درست ہیں لیکن ان میں تبدیلی ہوسکتی ہے۔ داخلوں کی جدید ترین معلومات **schools.nyc.gov/Admissions** پر دیکھیں۔ اسکے علاوہ مائی اسکولز کو استعمال کر کے اسکولوں اور پروگراموں کے بارے میں مخصوص معلومات حاصل کریں (**MySchools.nyc**) یا اسکولوں سے براہ راست رابطہ کریں۔

یہ نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم کی پالیسی ہے کہ بغیر کسی کے اصل یا ادراکی نسل، رنگ، مذہب، عمر، قبیلہ، قومیت، قومی پس منظر،غیر ملکی ہونے کی حیثیت، شہریت کی صورتِ حال، معذوری، جنسی رجحان، صنعف جنس، (بشمول اصل یا ادراکی جنسی شناخت، جنسی اظہار، زچگی / حمل یا بچے کی پیدائش سے متعلق حالات)، یا وزن سے قطع نظر یکساں تعلیمی مواقع مہیا کرے اور مذکورہ بالا کسی بھی تحفظ کردہ درجہ بندیوں کی بنیاد پر بشمول جنسی ایذا دہی یا انتقام سے مبّرا ماحول برقرار رکھے۔ کوئی بھی اسکول کسی بھی طالب علم کی انگریزی میں قابلیت یا تصور کردہ قابلیت کی بنیاد پر داخلے،
رجسٹریشن یا اندراج سے انکار نہیں کر سکتا ہے۔ اس پالیسی کی تعمیل سے متعلق استفسارات ذیل پر بھیجے جاسکتے ہیں:
.Director, Office of Equal Opportunity, 65 Court Street, Brooklyn, New York 11201
ٹیلیفون 718-935-3320 / ٹول فری: 877-332-4845

NYC Public Schools

| | |
|---|---|
| Translations of this admissions guide are available at schools, early childhood education programs, and libraries. | English |
| تتوفر ترجمات دليل القبول هذا في المدارس وبرامج التعليم في الطفولة المبكرة والمكتبات. | Arabic |
| এই অ্যাডমিশন্স গাইডের অনুদিত সংস্করণ স্কুল, আর্লি চাইল্ডহুড এডুকেশন প্রোগ্রাম, এবং লাইব্রেরীসমূহে পাওয়া যাবে। | Bangla |
| 各學校、幼兒教育課程地點、圖書館均有本入學指南的譯本，供大家索閱。 | Chinese |
| Les versions traduites de ce guide d'admission sont disponibles dans les écoles, les programmes d'éducation de la petite enfance et les bibliothèques. | French |
| Tradiksyon gid admisyon sa a disponib nan lekòl, nan pwogram edikasyon pou debitan yo ak nan biblyotèk. | Haitian Creole |
| 이 입학전형 안내서의 번역본들은 학교, 조기 아동교육 프로그램 및 도서관에서 찾아 보실 수 있습니다. | Korean |
| За переводом Руководства для поступающих обращайтесь в школы, программы раннего образования и библиотеки. | Russian |
| Las versiones traducidas de esta guía de admisión están disponibles en las escuelas, los programas de educación para la primera infancia y las bibliotecas. | Spanish |
| اس داخلوں کے رہنما دستی کتابچے کے ترجمے اسکولوں، ابتدائی طفلی تعلیم پروگراموں، اور لائیبریریوں میں دستیاب ہیں۔ | Urdu |

# فہرستِ مندرجات


**1.0 موسم خزاں 2024 میں این وائی سی پبلک اسکولز میں خوش آمدید!** ....... 7

1.1 ہم تمام طلبا کا خیرمقدم کرتے اور خدمات فراہم کرتے ہیں ....... 8

1.2 آپکا اسکول ضلع ....... 10

نیویارک شہر اسکول اضلاع کا **نقشہ** ....... 11

1.3 آپکا مقامی خاندانی استقبالیہ مرکز ....... 12

1.4 آپکا اسکول مشیر ....... 12

خاندانی استقبالیہ مراکز کا **نقشہ** ....... 13

1.5 اندراج کی جانچ فہرست ....... 14

1.6 ذرائع نقل و حمل معلومات ....... 14

1.7 این وائی سی پبلک اسکولز کی تین ویب سائٹس ....... 15

**2.0 مائی اسکولز کو استعمال کریں: آپکی اسکول ڈائریکٹری اور درخواست** ....... 16

2.1 اپنا مائی اسکولز (MySchools) اکاونٹ کیسے بنائیں ....... 17

2.2 اسکولز اور پروگرامز کس طرح تلاش کریں ....... 19

2.3 درخواست کس طرح دی جائے ....... 21

2.4 اپنی پیشکش کیسے موصول کریں ....... 22

## ابتدائی طفلی تعلیم ....... 23

**3.0 نوزائیدہ و نونہال** ....... 24

**4.0 3-K اور پری کنڈرگارٹن** ....... 25

**عمل کرنے کی جانچ فہرست** ....... 25

4.1 کون درخواست دے سکتا ہے؟ ....... 26

4.2 پروگراموں کو تلاش کرنا ....... 26

4.3 یہ جانیں کہ بچے پیشکشیں کیسےحاصل کرتے ہیں ....... 30

4.4 3-K یا پری کنڈرگارٹن میں درخواست دینا ....... 34

4.5 اپنی پیشکش موصول کریں ....... 35

## الیمنٹری اسکول ....... 38

**5.0 کنڈرگارٹن** ....... 39

**عمل کرنے کی جانچ فہرست** ....... 39

5.1 کون درخواست دے سکتا ہے؟ ....... 40

5.2 الیمنٹری اسکولوں کی تحقیق کریں ....... 40

5.3 یہ جانیں کہ بچے پیشکشیں کیسےحاصل کرتے ہیں ....... 42

5.4 کنڈرگارٹن میں درخواست دیں ....... 44

5.5 اپنی پیشکش موصول کریں ....... 45

**6.0 قابل اورہنرمند گریڈز 1 سے لیکر 4 تک داخلے کے لیے** .......... 47
عمل کرنے کی جانچ فہرست .......... 47
6.1 کون درخواست دے سکتا ہے؟ .......... 48
6.2 G&T پروگراموں کی تحقیق کریں .......... 48
6.3 یہ جانیں کہ بچے پیشکشیں کیسےحاصل کرتے ہیں .......... 49

## مڈل اسکول .......... 51



**7.0 مڈل اسکول** .......... 52
عمل کرنے کی جانچ فہرست .......... 52
7.1 کون درخواست دے سکتا ہے؟ .......... 53
7.2 مڈل اسکولوں کی تحقیق کریں .......... 53
7.3 یہ جانیں کہ طلبا پیشکشیں کیسے حاصل کرتے ہیں .......... 54
7.4 مڈل اسکول میں درخواست دینا .......... 57
7.5 اپنی پیشکش موصول کریں .......... 58

## ہائی اسکول .......... 60



**8.0 ہائی اسکول اور متخصص ہائی اسکول** .......... 61
عمل کرنے کی جانچ فہرست .......... 61
8.1 کون درخواست دے سکتا ہے؟ .......... 62
8.2 ہائی اسکولوں اور پروگراموں کی تحقیق کریں .......... 62
8.3 یہ معلوم کریں کہ طلبا پیشکشیں کیسے حاصل کرتے ہیں .......... 64
8.4 ہائی اسکول میں درخواست دینا .......... 67
8.5 متخصص ہائی اسکول داخلوں میں حصہ لیں .......... 69
8.6 اپنی پیشکش موصول کریں .......... 70

## طلبا این وائی سی پبلک اسکولز کے لیے پیشکشیں کیسے حاصل کرتے ہیں: ایک مثال .......... 73

# 1.0 موسم خزاں 2024 میں این وائی سی پبلک اسکولز میں خوش آمدید!

## ابتدائی طفلی تعلیم

**نوزائیدہ اور نونہال، 3K اور پری کنڈرگارٹن**

جز 3.0 اور 4.0 دیکھیں

### نوزائیدہ و نونہال

**2021 سے قبل پیدا ہونے والے بچوں کے خاندان** جو اپنی آمدنی اور ضروریات کی بنیاد پراہلیت رکھتے ہیں نوزائیدہ و نونہال پروگراموں میں سال میں کسی بھی وقت درخواست دے سکتے ہیں۔

### 3K

**3 سالہ بچوں کے لیے**

2021 میں پیدا ہونے والے بچوں کے خاندان 2024 کے آغاز میں درخواست دینا شروع کر سکتے ہیں۔

### پری کنڈرگارٹن

**4 سالہ بچوں کے لیے**

2020 میں پیدا ہونے والے بچوں کے خاندان 2024 کے آغاز میں درخواست دینا شروع کر سکتے ہیں۔

## الیمنٹری اسکول

**گریڈز K–5**

جز 5.0 اور 6.0 دیکھیں

### کنڈرگارٹن

**5 سالہ بچوں کے لیے**

آپ کا بچہ کنڈرگارٹن میں اس کلینڈر سال میں موسم خزاں میں داخل ہوگا جب وہ پانچ سال کا ہو جائیگا، اور خاندان اسی درخواست پر دوہری زبان پروگرامز، قابل اور ہنرمند پروگرامز، اور غیر زون اسکولوں میں درخواست دے سکتے ہیں۔ 2019 میں پیدا ہونے والے بچوں کےخاندان 2024 کے خزاں میں درخواست دینا شروع کر سکتے ہیں۔

### قابل اور ہنرمند (G&T)

اہل بچے (جن کی نشان دہی تیز رفتار تعلیم کے لیے کی گئی ہے) گریڈ 1، 2 ، 3 اور 4 کے پروگراموں میں داخل ہونے کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔

## مڈل اسکول

**گریڈز 6-8**

جز 7.0 ملاحظہ کریں

### مڈل اسکول

اپنے بچے کے گریڈ پانچ کے دوران یا الیمنٹری اسکول کے آخری سال میں درخواست دے سکتے ہیں، اگر اس سے مختلف ہے۔

## ہائی اسکول

**گریڈز 9-12**

جز 8.0 ملاحظہ کریں

### ہائی اسکول

آٹھویں گریڈ کے دوران درخواست دیں (یا نویں گریڈ کے دوران، دسویں گریڈ کی نشستوں کے لیے) - طلبا شہر بھر کے پروگراموں میں درخواست دے سکتے ہیں!

### متخصص ہائی اسکولز

آٹھویں یا نویں گریڈ کے دوران نو متخصص ہائی اسکولوں میں سے کسی میں بھی امتحان اور / یا آڈیشن دینے کے لیے اندراج کرائیں۔

# 1.1 ہم تمام طلبا کا خیرمقدم کرتے اور خدمات فراہم کرتے ہیں

## انگریزی سیکھنے والے طلبا

**schools.nyc.gov/ELL**

ہم آپ کی زبان بولتے ہیں! نیو یارک شہر محکمۂ تعلیم (DOE) انگریزی، عربی، بنگالی، چینی، فرانسیسی، ہیشیئن کریول، کوریائی، روسی، ہسپانوی اور اردو میں معلومات فراہم کرتا ہے اور ہم 200 سے زائد زبانوں میں ترجمانی کی خدمات فراہم کرتے ہیں۔ کوئی بھی اسکول کسی بھی طالب علم کی انگریزی میں قابلیت یا تصور کردہ قابلیت کی بنیاد پر داخلے، رجسٹریشن یا اندراج سے انکار نہیں کر سکتا ہے۔

- انگریزی زبان کا ایک متعلم (ELL) ایک ایسا طالب علم ہے جو انگریزی کے علاوہ ایک دیگر زبان بولتا اور سمجھتا ہے اور اسے نیویارک ریاست نشاندہی امتحان برائے انگریزی زبان کے متعلمین (NYSITELL) کے نتائج کے تحت، انگریزی زبان میں مہارت حاصل کرنے کے لیے معاونت کی ضرورت ہے۔
- نیویارک شہر کے اسکول انگریزی زبان کے متعلمین کے لیے تین انتخابات کی پیشکش کرتے ہیں: انگریزی بحیثیت ایک نئی زبان (ENL)، عبوری دولسانی تعلیم (TBE) اور دوہری زبان (DL)۔ تمام اسکول، کم از کم، ENL پیش کرتے ہیں۔ ہر پروگرام کے انتخاب، ELL کی نشاندہی کا طریقِ کار، اور اپنے حقوق کے بارے میں ہماری ویب سائٹ پر مزید جانیں۔
- تمام ابتدائی طفلی تعلیم پروگرامز، ابھرنے والے (ایمرجنٹ) کثیرالسانی متعلمین (EMLs) کو، وہ بچے جو انگریزی کے علاوہ کوئی اور گھریلو زبان بولتے ہیں معاونت فراہم کرتے ہیں۔

## نقل وطن خاندان

**schools.nyc.gov/SupportingImmigrantFamilies**

نیو یارک شہر میں ہر بچے کو، نقل مکانی کی حیثیت سے قطع نظر، ایک پبلک اسکول میں تعلیم حاصل کرنے کا حق حاصل ہے۔ قانون کے مطابق، بچوں سے نقل وطنی کی صورتِ حال کے دستاویز پیش کرنے کا مطالبہ نہیں کیا جاسکتا اور نہ ہی ان کو نقل وطنی کی صورتِ حال کی بنیاد پر محکمئہ تعلیم پبلک اسکول میں داخلے، رجسٹریشن، یا اندراج سے انکار کیا جا سکتا ہے۔ محکمئہ تعلیم کے ملازمین خاندان کی نقل وطنی کی حیثیت کے متعلق نہیں پوچھیں گے، اور اگر وہ نقل وطنی کی حیثیت کے متعلق جانتے ہیں، تو انہیں اسے بصیغئہ راز رکھنا لازمی ہے۔ پبلک اسکول ہماری جمہوریت کے مرکز میں ہیں اور تمام طلبا، خاندانوں، اور معلمین کے لیے محفوظ مقامات ہیں۔

موزوں عمر کے بچوں کے تمام خاندان K-3 اور پری کنڈرگارٹن اسکول دن اور سال کے پروگراموں کے لیے اہل ہیں، اور K-3 اور پری کنڈرگارٹن ہیڈ اسٹارٹ پروگراموں اور نوزائیدہ و نونہال ارلی لرن ہیڈ اسٹارٹ پروگراموں کی نشستوں کے لیے اہلیت نقل وطنی کی حیثیت پر منحصر نہیں ہے؛ ایسے پروگراموں میں اندراج میں معاونت کے لیے خاندانوں سے انکے بچے کی نقل وطنی کی حیثیت کے بارے میں نہیں پوچھا جائیگا۔ K-3، پری کنڈرگارٹن، اور نوزائیدہ / نونہال توسیعی دن اور سال کی نشستوں کی اہلیت کے لیے، ایک بچے کو نقل وطنی سے متعلق چند مخصوص معیارات کی تکمیل کرنا لازمی ہے، وفاقی گرانٹ کے مطلوبات سے ہم آہنگی میں جو ان پروگراموں کے لیے سرمایہ کاری کرتے ہیں۔ ان نشستوں کی اہلیت کے تعین کے ایک حصے کے طور پر، خاندانوں سے انکے بچے کی نقل وطنی کی حیثیت کے بارے میں پوچھا جائیگا؛ گوکہ، اسے صرف اس بچے کی اس ہروگرام میں اندراج کرنے کے مقصد کے لیے استعمال کیا جائیگا اور اسکے علاوہ صیغئہِ راز میں رکھا جائیگا۔

## معذوری کے حامل طلبا

**schools.nyc.gov/SpecialEducation**

ہر اسکول اور ابتدائی طفلی پروگرام سے انفرادی تعلیمی پروگرام (IEPs) کے حامل طلبا کا خیر مقدم کرنے اور ان کے IEPs کے مطابق تجویز کردہ پروگرامز اور خدمات فراہم کرنے کی توقع کی جاتی ہے۔ تمام اسکول پروگرامز IEPs کے حامل اور غیرحامل طلبا کو داخلہ دیتے ہیں۔ IEPs یا 504 منصوبے کے مطابق طلبا کو امتحانی سہولیات فراہم کی جاتی ہیں۔ ان طلبا کے لیے جنکا IEP ایک ضلع 75 پروگرام کی تجویز کرتا ہے، ہماری ویب سائٹ پر مزید جانیں۔

## رسائی کی ضروریات کے حامل طلبا

**schools.nyc.gov/BuildingAccessibility**

نیو یارک شہر محکمہ تعلیم رسائی کی ضروریات کے حامل کسی بھی طالب علم کو ایسے اسکول پروگرام کی ایک پیشکش فراہم کرنے کے لیے پُرعزم ہے جو انہیں تمام متعلقہ پروگراموں اور خدمات تک رسائی کے قابل بنائے۔ اسکول کی عمارتوں کی بطور مکمل قابلِ رسائی، جزوی رسائی، یا ناقابل رسائی کے طور پر درجہ بندی کی گئی ہے۔ رسائی کے بارے میں تازہ ترین معلومات کے لیے، برائے مہربانی عمارت تک رسائی کی پروفائل فہرست کے لیے ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کریں اور اسکولوں سے براہ راست رابطہ کریں۔

## عارضی رہائش گاہوں میں رہنے والے طلبا

**schools.nyc.gov/STH**

DOE کے اسکولوں میں یا ابتدائی طفلی پروگرام میں مندرج عارضی رہائش گاہ میں مقیم طلبا کسی بھی اسکول پروگراموں میں درخواست دے سکتے ہیں، حتٰی کہ اگر وہ نیو یارک شہر سے باہر ایک عارضی رہائش گاہ میں بھی منتقل ہو جائیں۔ ان سے داخلہ کاروائی میں شرکت کرنے اور پیشکش قبول کرنے کے لیے دستاویزات (بشمول پتہ، عمر کا ثبوت یا مدافعتی ٹیکوں کا ریکارڈ) جمع کرانا مطلوب نہیں ہے۔

## LGBTQ طلبا

**schools.nyc.gov/LGBTQ**

ہمارے تمام اسکول ہم جنس پرست لڑکیوں، ہم جنس پرست لڑکوں، دو جنسیوں، خواجہ سراؤں (ٹرانزجینڈر)، اور ہم جنس پسندوں یا غیر یقینی طلبا، خاندانوں، اور عملے کا خیرمقدم کرتے اور ان کی اعانت کرتے ہیں۔ پیدائش کے وقت تعین کردہ جنس کے قطع نظر، آپ جنسی شناخت کی بنیاد پر یک جنس پروگراموں میں درخواست دے سکتے ہیں۔ اگر آپ کا ایک ٹرانسجینڈر یا جینڈر ایکسپنسو بچہ ہے جو یک جنس اسکول میں دلچسپی رکھتا ہے، آپ انکے اسکول کے رہنما مشیر سے درخواست کے طریق کار میں مدد کے لیے گزارش کر سکتے ہیں۔

## 1.2 آپکا اسکول ضلع

نیویارک شہر میں 32 اسکول اضلاع ہیں۔ اگلے صفحے پر، ایک نقشہ پانچوں بروز میں ان اضلاع کے مقامات دکھاتا ہے۔

K-3، پری کنڈرگارٹن، کنڈرگارٹن، اور مڈل اسکول داخلوں کے لیے، آپکے بچے کو اس ضلع میں اسکول میں شرکت کرنے میں ترجیح مل سکتی ہے جس میں وہ رہائش پذیر ہیں، بشمول انکے زون اسکول (اسکولوں) کے۔ زون اسکول ان درخواست دہندگان کو ترجیح دیتے ہیں جو اس اسکول کے مخصوص علاقے میں رہتے ہیں، جسے اسکا زون کہا جاتا ہے۔ زیادہ تر الیمنٹری اور مڈل اسکول کے طلبا کا زون اسکول ہوتا ہے؛ تاہم، تمام الیمنٹری اسکولز K-3 یا پری کنڈرگارٹن کی پیشکش نہیں کرتے ہیں۔ چند ہائی اسکول کے طلبا کا ایک زون اسکول ہوتا ہے۔

اپنے بچے کا اسکول ضلع تلاش کریں اور یہ جانیں کہ آیا انکے کوئی زون اسکول ہیں:

1. **schoolsearch.schools.nyc** پر جائیں یا **311 کو کال کریں**
2. اپنے گھر کا پتہ درج یا فراہم کریں
3. اپنے خاندان میں ہر بچے کے لیے ذیل کی معلومات مکمل کریں:

بچہ #1 میرا بچہ، ____________ ضلع میں رہتا ہے ________ اور

○ اسکا ایک زون اسکول ہے۔

○ اسکا زون اسکول نہیں ہے۔

انکا زون اسکول ذیل ہے ____________________.

بچہ #2 میرا بچہ، ____________ ضلع میں رہتا ہے ________ اور

○ اسکا ایک زون اسکول ہے۔

○ اسکا زون اسکول نہیں ہے۔


انکا زون اسکول ذیل ہے ____________________.

بچہ #3 میرا بچہ، ____________ ضلع میں رہتا ہے ________ اور

○ اسکا ایک زون اسکول ہے۔

○ اسکا زون اسکول نہیں ہے۔

انکا زون اسکول ذیل ہے ____________________.


نیویارک شہر اسکول اضلاع
برونکس
10
11
9
12
8
7
6
5
4
3
مین ہیٹن
2
1
کوئینز
30
25
26
24
28
29
27
14
32
13
16
23
19
15
17
18
بروکلن
20
22
21
اسٹیٹن
آئلینڈ
31

## 1.3 آپکا مقامی خاندانی استقبالیہ مرکز

خاندانی استقبالیہ مراکز ہر برو میں واقع ہیں۔ ہمارا عملہ یہاں پر طلبا اور خاندانوں کی اندراج اور داخلوں میں معاونت کے لیے ہے، بشمول کسی بھی درخواستوں میں مدد کے۔ براہِ مہربانی **schools.nyc.gov/FWC** کو دیکھیں اس سے پہلے کہ خاندانی استقبالیہ مرکز سے رابطہ کریں؛ ہماری ویب سائٹ ہمارے مقامات، اوقات اور ہم سے کیسے رابطہ کریں اس بارے میں جدید ترین معلومات فراہم کرتی ہے۔

اگلے صفحے پر نقشے کو اپنے ضلع کے خاندانی استقبالیہ مرکز کو دیکھنے کے لیے استعمال کریں۔

میرا مقامی خاندانی استقبالیہ مرکز ذیل ہے۔ ______________________________ ۔

## 1.4 آپکا اسکول مشیر

اگر آپکا بچہ ایک مڈل یا ہائی اسکول میں درخواست دے رہا ہے، انکا موجودہ اسکول مشیر داخلہ طریقِ کار میں آپکے بہترین شراکت دار ہیں! اپنے بچے کی درخواست دینے کے انتخابات پر بات چیت کرنے کے لیے اسکول مشیر سے ایک وقتِ ملاقات لیں۔ آپ اپنے مائی اسکولز اکاونٹ تک رسائی حاصل کرنے یا استعمال کرنے، اپنی درخواست جمع کروانے، پیشکشیں موصول کرنے، اور منتظرین کی فہرستوں کو منظم کرنے میں بھی مدد حاصل کرسکتے ہیں۔

**نوٹس:**

______________________________

______________________________

______________________________


______________________________

______________________________

**نیو یارک شہر پبلک اسکولوں میں نئے ہیں؟**

**ابھی ایک اسکول درکار ہے؟ یہ جاننے کے لیے کہ کیا کرنا ہے schools.nyc.gov/NewStudents پر جائیں یا 718-935-2009 پر رابطہ کریں۔**

# خاندانی استقبالیہ مراکز



# 1.5 اندراج کی جانچ فہرست

جب آپ اپنے بچے کے نئے پروگرام یا اسکول کے لیے اندراج کروائیں، ذیل فراہم کرنا یقینی بنائیں:

- آپ کے بچے کی عمر کا ثبوت (بچے کا پیدائش کا سرٹیفکیٹ، پاسپورٹ، یا بپتسمہ کا ریکارڈ)،
- آپ کے بچے کا مدافعتی ٹیکوں کا ریکارڈ (اگردستیاب ہے)،
- آپ کے بچے کا جدید ترین رپورٹ کارڈ / ٹرانسکرپٹ (اگر دستیاب ہو)، اور
- رہائش کی تصدیق کے لیے دو (2) مستند دستاویزات۔ قابلِ قبول دستاویز کی مثالوں کے لیے، **schools.nyc.gov/NewStudents** پر جائیں یا **311** کو کال کریں۔

براہِ مہربانی توجہ کریں کہ توسیعی دن اور سال ابتدائی ہیڈ اسٹارٹ اور ہیڈ اسٹارٹ پروگرام اضافی دستاویزات کا مطالبہ کرتے ہیں۔ مزید جاننے کے لے **schools.nyc.gov/3K** ,**schools.nyc.gov/InfantsToddlers** یا **schools.nyc.gov/PK** پر جائیں۔

## عارضی رہائش گاہوں کے طلبا متوجہ ہوں

مککنی وینٹو کے مطابق عارضی رہائش گاہ میں رہنے والے طلبا سے اندراج کروانے کے لیے دستاویزات (بشمول پتہ، تاریخ پیدائش یا مدافعتی ٹیکوں کا ثبوت) جمع کروانا مطلوب نہیں ہے۔ اسکول کے لیے لازمی ہے کہ ان طلبا کا عارضی طور پر اندراج کرے اور اس کے بعد دستاویزات کو حاصل کرنے کے لیے عارضی رہائش گاہوں میں رہنے والے طلبا کے DOE رابطہ فرد سے رابطہ کرے۔ مزید جاننے کے لیے ہمارے STH باضابطہ صفحے پر جائیں **schools.nyc.gov/STH**

## مدافعتی ٹیکوں کے مطلوبات

نیویارک ریاست عوامی صحت کا قانون تقاضہ کرتا ہے کہ طلبا ابتدائی طفلی پروگرام یا اسکول میں شرکت کرنے کے لیے مخصوص ویکسینز لگوائیں۔ پانچ سال سے کم عمر کے بچوں کے لیے مخصوص مطلوبات کے بارے میں اور ساتھ ہی طبی استثنا کے بارے میں معلومات کے لیے **schools.nyc.gov/Immunization** پر جائیں۔ 13 جون، 2019 سے، نیویارک ریاست لازمی ویکسینیشنز سے مذہبی استثنات کی اجازت نہیں دیتی ہے۔

# 1.6 ذرائع نقل و حمل معلومات

## بس کی خدمات اور میٹرو کارڈز کے لیے اہلیت


**schools.nyc.gov/BusEligibility**

کنڈرگارٹن سے آٹھویں گریڈ تک ایک پبلک الیمنٹری یا مڈل اسکول میں اندراج اسکول بس کی خدمات کی فراہمی کی ضمانت نہیں ہے۔ آپکے بچے کے لیے دستیاب ذرائع نقل وحمل کے انتخابات (بشمول اسٹاپ سے اسکول بس خدمات یا میٹرو کارڈز) ہماری ویب سائٹ پر دیکھے جاسکتے ہیں۔ توجہ کریں کہ جب طلبا تیسرے گریڈ اور ساتوں گریڈ میں منتقل ہوتے ہیں، ہوسکتا ہے وہ اسٹاپ سے اسکول بس خدمات کے اہل نہ رہیں۔

کسی بھی عمر کے طلبا جنکا IEP سڑک کے کنارے سے اسکول تک بس کی خدمات تجویز کرتا ہے وہ اس اسکول آنے جانے کی بس خدمات موصول کریں گے جس میں وہ جاتے ہیں۔ جو والدین یہ سمجھتے ہیں کہ یہ خدمت انکے بچے کے لیے مناسب ہوسکتی ہے انہیں اسکی اور کسی بھی نقل وحمل کی سہولیات کی گزارش اپنی IEP ٹیم سے رابطہ کرکے کرنی چاہیئے۔

# این وائی سی پبلک اسکولز کی تین ویب سائٹس 1.7

**schools.nyc.gov**




### این وائی سی پبلک اسکولز کی مرکزی عوامی ویب سائٹ

**معلومات کے لیے:** نیویارک شہر پبلک اسکول معلومات، داخلہ پالیسی، کلینڈر، خبریں اور کثیرالسانی وسائل

**اسے کس طرح استعمال کریں:**
نیو یارک شہر پبلک اسکولوں کے بارے میں جدید ترین معلومات تلاش کریں، بشمول کہ دستیاب نشستوں کے لیے کس طرح درخواست دی جائے۔

**یہ کس کے لیے ہے:**

- ہر ایک کے لیے: یہ ویب سائٹ عوام کے لیے کھلی ہے — آپکو کسی اکاونٹ کی ضرورت نہیں ہے
- داخلوں کی جدید معلومات لینے میں دلچسپی ہے؟ ذیل پر ہماری ای میل فہرستوں کے لیے سبسکرائب کریں
**schools.nyc.gov/SignUp**

**MySchools.nyc**




### مائی اسکولز

**درخواست دینے کے لیے:** نیویارک شہر پبلک اسکولوں اور پروگراموں کی قابلِ تلاش ڈائریکٹریز، اور خاندانوں کے لیے ایک انفرادی درخواست کا نظام

**اسے کس طرح استعمال کریں:**
اسکول اور ابتدائی طفلی پروگرامز تلاش کریں، ایک درخواست تشکیل دیں، درخواست دیں، پیشکشیں موصول کریں، اور منتظرین کی فہرستوں کی جانچ کریں—سب ایک ہی جگہ۔ جز **2.0 میں مزید جانیں۔**

**یہ کس کے لیے ہے:**

- ہر ایک کے لیے: سارا سال، اسکول کی ڈائریکٹریز عوام کے لیے کھلی ہیں
- بچوں والے خاندان جو اسکول میں درخواست دے رہے ہیں: ایک اکاونٹ تشکیل دیں اور اسکول اوپن ہاوسز کے لیے سائن اپ کرنے، انفرادی اسکول تلاش کرنے کے نتائج تک رسائی اور داخلہ درخواستیں مکمل کرنے کے لیے لاگ اِن کریں۔

**SchoolsAccount.nyc**




### نیو یارک شہر اسکولز اکاؤنٹ - والدین پورٹل (NYCSA)

**جائزہ لینے کے لیے:** آپکے بچے کے موجودہ اسکول، تعلیم، اور تعلیمی ریکارڈ کے بارے میں معلومات

**اسے کس طرح استعمال کریں:**
اپنے بچے کی اسکول میں پیشرفت سے رابطے میں رہیں - گریڈز ملاحظہ کریں، تازہ ترین معلومات حاصل کریں، فارمز پُر کریں، اور SupportHub پر تکنیکی مدد حاصل کریں اور اکثر پوچھے جانے والے سوالات تلاش کریں اور بہت کچھ

**یہ کس کے لیے ہے:**


- ہر ایک کے لیے: محکمئہ تعلیم کے عام ہنگامی تنبیہات موصول کرنے کے لیے ایک اکاونٹ بنائیں
- وہ خاندان جنکے بچے فی الحال محکمئہ تعلیم پبلک اسکولوں میں ہیں: لاگ ان کریں اور اپنے بچوں کو اپنے اکاونٹ میں شامل کریں تاکہ انکے ریکارڈز تک رسائی اور اسکول سے متعلق تازہ ترین معلومات حاصل کر سکیں

# 2.0 مائی اسکولز کو استعمال کریں: آپکی اسکول ڈائریکٹری اور درخواست

اسکولوں اور ابتدائی طفلی پروگراموں کی چھان بین کرنے سے لے کر آپکے درخواست جمع کروانے اور اپنی پیشکش قبول کرنے تک، آپ مائی اسکولز کو داخلوں کے طریقِ کار کے ہر مرحلے میں استعمال کرسکتے ہیں۔

اس سے پہلے کہ آپ مائی اسکولز کو استعمال کرنا شروع کریں، یہ جاننا اہم ہے کہ اسکولوں میں درخواست دینا اصل میں ان اسکولوں کے *پروگراموں* میں درخواست دینا ہے۔ ایک اسکول میں ایک سے زیادہ پروگرام ہوسکتے ہیں، اگر ایسا ہو، ہر پروگرام آپکی درخواست میں بطور ایک علحیدہ انتخاب کے شمار کیا جاتا ہے۔

**تجویز** مائی اسکولز دس (10) زبانوں میں استعمال کرنے کے لیے دستیاب ہے۔ صفحے کے اوپر ڈراپ ڈاؤن مینو سے اپنی زبان منتخب کریں۔



# 2.1 اپنا مائی اسکولز (MYSCHOOLS) اکاونٹ کیسے بنائیں

## 1 اپنا اکاونٹ بنائیں یا رسائی حاصل کریں

### K-3، پری کنڈرگارٹن، کنڈرگارٹن یا قابل اور ہنرمند کے لیے

آپ اپنا مائی اسکولز اکاونٹ کسی وقت بھی بنا سکتے ہیں!

### مڈل یا ہائی اسکول کے لیے

آپ اپنا مائی اسکولز اکاونٹ ترتیب دے سکتے ہیں یا اس تک رسائی حاصل کرسکتے ہیں جب آپکو اپنے بچے کا استقبالیہ خط موصول ہو جائے، درخواست کھلنے سے تھوڑا قبل۔ آپکے استقبالیہ خط میں شامل ہیں:

- یہ معلومات کہ اپنا اکاؤنٹ کیسے بنائیں
- اپنے بچے کو اپنے نئے یا موجودہ مائی اسکولز اکاونٹ میں شامل کرنے کے لیے ایک منفرد اکاونٹ تخلیق کوڈ

پبلک DOE اور چارٹر اسکول کے طلبا استقبالیہ خطوط آن لائن یا انکے اسکول مشیر کے ذریعے موصول کرینگے۔ آپ بذریعہ ڈاک بھی اپنا خط موصول کر سکتے ہیں۔ نجی اور مذہبی اسکول کے طلبا اپنے اسکول (ہائی اسکول کے لیے) یا ایک خاندانی استقبالیہ مرکز (مڈل اسکول کے لیے) سے ایک استقبالیہ خط فراہم کرنے کا کہہ سکتے ہیں۔




**MySchools.nyc** پر جائیں، "شروع کریں" (Get Started) پر کلک کریں، اور اسکرین پر ہدایات پر عمل کریں۔ اسکے بعد مائی اسکولز کی جانب سے ایک پیغام دیکھنے کے لیے اپنا ای میل اکاونٹ دیکھیں۔ اس ای میل کو کھولیں اور اپنے ای میل پتے کی تصدیق کرنے اور اپنے اکاونٹ تک رسائی کے لیے لنک کو کلک کریں۔

## 2 اپنے بچے کو شامل کریں




ایک بار لاگ اِن ہوجانے کے بعد، آپ اپنے ڈیش بورڈ پر "ایک بچہ شامل کریں" (Add a child) پر کلک کرکے اپنے بچے کو اکاونٹ میں شامل کرسکتے ہیں۔

### K-3، پری کنڈرگارٹن، کنڈرگارٹن یا قابل اور ہنرمند کے لیے

اگلی اسکرین پر، ان گریڈز کے لیے انتخاب کو منتخب کریں اور اگلا (Next) پر کلک کریں۔ اگر آپکا بچہ پہلے ہی سے ایک محکمۂ تعلیم اسکول میں مندرج ہے اور اسکا ایک نو اکائی طالبِ علم کا آئی ڈی نمبر ہے، آپکو اسے یہاں درج کرنے کا انتخاب حاصل ہے۔

### مڈل یا ہائی اسکول کے لیے

اگلی اسکرین پر، ان گریڈز کے لیے انتخاب کو منتخب کریں اور "اگلے" (Next) پر کلک کریں۔ اسکے بعد اپنے بچے کا 9 اکائی طالبِ علم کا آئی ڈی نمبر بالائی خانے میں اور انکا 6 حروف کا منفرد اکاونٹ تخلیقی کوڈ نچلے خانے میں درج کریں – اس کوڈ کا اشتراک کسی کے ساتھ نہ کریں اور اس کو ایک محفوظ جگہ پر رکھیں۔ برائے مہربانی توجہ کریں کہ یہ آپکے NYCSA کوڈ سے ایک مختلف کوڈ ہے۔

اگر اس سال آپکے ایک سے زیادہ بچے درخواست دے رہے ہیں، آپکو چاہئیے کہ ہر بچے کو اپنے اکاونٹ میں شامل کریں۔

## 3 اپنا ڈیش بورڈ چیک کریں


جب آپ تصدیق دیکھ لیں کہ آپکے بچے کو آپکے اکاونٹ میں شامل کردیا گیا ہے، وہ آپکے مائی اسکولز ڈیش بورڈ میں فہرست پر درج ہو جائینگے۔

### K-3، پری کنڈرگارٹن، کنڈرگارٹن، یا قابل اور ہنرمند کے لیے

اپنے بچے کا پروفائل کا جائزہ لینا یقینی بنائیں اور تصدیق کریں کہ ہر چیز درست نظر آ رہی ہے۔ اگر کوئی چیز غلط نظر آرہی ہے، تجدید کرنے کے لیے "پروفائل میں ترمیم کریں" (Edit Profile) بٹن پر کلک کریں۔

### مڈل یا ہائی اسکول کے لیے

اپنے بچے کے پروفائل کی جانچ کریں اور تصدیق کریں کہ ہر چیز درست نظر آ رہی ہے۔ اگر کوئی چیز غلط نظر آئے، براہ مہربانی اپنے بچے کے موجودہ اسکول یا ایک خاندانی استقبالیہ مرکز سے بات کریں۔




اب آپکا انفرادی مائی اسکولز اکاونٹ بالکل درست ہے! جب درخواست کھلے گی، آپ اپنی درخواست بنانے اور جمع کرانے کے قابل ہونگے۔

# 2.2 اسکولز اور پروگرامز کس طرح تلاش کریں

جیسے جیسے آپ اپنے بچے کے اسکول یا پروگرام انتخابات کے بارے میں جانیں گے، اس پر غور کریں کہ آپ کے اہل خانہ کے لیے زیادہ کیا اہم ہے —یہ مقام، رسائی، سائز یا دیگر خصوصیات ہو سکتی ہیں۔ جب آپ اپنے مائی اسکولز اکاونٹ میں لاگ ان کریں گے اور اپنی انفرادی تلاش تک رسائی کریں گے، آپکو اشاروں کا ایک سلسلہ نظر آئے گا جو آپکی رہنمائی کرے گا کہ اسکولوں کو کیسے تلاش کریں اور انکے بارے میں کیسے جانیں۔ ان کو پڑھیں تاکہ آپ اپنے آپ کو اس طریقِ کار سے مانوس کرسکیں۔ برائے مہربانی توجہ کریں کہ ہر خصوصیت کی جگہ مختلف ہوسکتی ہے اس پر منحصر ہے کہ آیا آپ کمپیوٹر استعمال کررہے ہیں یا فون یا ٹیبلیٹ۔

جب آپ اپنے اکاونٹ میں لاگ اِن کریں گے، آپ وہ تمام اسکول اور پروگرامز دیکھیں گے جن میں آپکا بچہ بطور انتخابات درخواست دے سکتا ہے۔ جب آپکو اپنی دلچسپی کا پروگرام مل جائے، اسے اپنے پسندیدہ میں یا براہِ راست اپنی درخواست میں شامل کریں۔

- **K-3، پری کنڈرگارٹن اور کنڈرگارٹن درخواست دہندگان** کسی وقت بھی ایک اکاونٹ بنا سکتے ہیں؛ ہم تجویز کریں گے کہ چھان بین کرنے سے پہلے لاگ ان کریں۔

  اہل خانہ اپنے ترجیحی K-3 / پری کنڈرگارٹن پروگرام میں سال بھر، براہِ راست بھی اندراج کروا سکتے ہیں، مائی اسکولز اکاونٹ کے سالانہ درخواست کے دورانیے کے علاوہ جو آنے والے تعلیمی سال کے لیے ہے۔ نوزائیدہ اور نونہال پروگراموں کے لیے درخواست طریقِ کار مائی اسکولز میں شامل نہیں ہے۔ نوزائیدہ اور نونہال کے اہل خانہ، اپنے ترجیحی پروگرام میں سال بھر براہ راست اندراج کرا سکتے ہیں۔ تمام ابتدائی طفلی پروگرام کا اندراج نشست کی دستیابی اور اہلیت سے مشروط ہے۔


- **مڈل اور ہائی اسکول درخواست دہندگان کے لیے** اپنا استقبالیہ خط موصول کرنے سے پہلے پبلک ڈائریکٹری میں پروگراموں کی چھان بین کرنا شروع کریں۔ ذیل کے طریقوں سے:

  اسکولوں اور پروگراموں کی تلاش شروع کرنے کے لیے **MySchools.nyc** پر جائیں۔ نیچے اسکرول کریں اور "سرسری جائزہ شروع کریں" (Start browsing) پر کلک کریں۔ اگلے صفحے پر، وہ ڈائریکٹری منتخب کریں جسکی آپ چھان بین کرنا چاہتے ہیں۔

---

اب آپ ڈائریکٹری میں ہیں! ذیل میں ہے کہ کیسے شروع کیا جائے:

- اپنے نزدیک ترین اسکولوں کی فہرست دیکھنے کے لیے اپنا پتہ یہاں ٹائپ کریں۔ جب آپ اپنے اکاونٹ میں لاگ ان ہونگے، آپ خود بخود دیکھ سکیں گے کہ کونسے پروگرامز آپکے گھر کے قریب ہیں۔
- کسی مخصوص اسکول یا پروگرام کے بارے میں مزید جاننے کے لیے اسکا نام یہاں ٹائپ کریں۔
- اسکولوں یا ابتدائی طفلی پروگراموں کی فہرست کو نیچے تک دیکھیں۔ کسی اسکول یا پروگرام کے بارے میں مزید جاننے اور رابطے کی معلومات دیکھنے کے لیے اسکے نام پر کلک کریں۔



## فلٹرز استعمال کریں

اپنی تلاش کو مختصر بنانے کے لیے فلٹرز استعمال کریں۔ مثلاً، آپ اسکولوں کو مقام، سب وے لائنز، اہلیت کے مطلوبات، اور داخلوں میں تنوع (DIA) کے آغازِ کار میں شرکت کے لحاظ سے فلٹر کرسکتے ہیں۔

فلٹر انتخابات بلحاظ ڈائریکٹری مختلف ہوسکتے ہیں۔ مثلاً، پری کنڈرگارٹن ڈائریکٹری میں، آپ وسیع اوقات والے پروگراموں کے لحاظ سے "جلدی چھوڑنا دستیاب ہے" (Early Drop-Off Available) یا "تاخیر سے لے جانا دستیاب ہے" (Late Pick-Up Available) کو دیگر فلٹر خصوصیات میں منتخب کرکے فلٹر کرسکتے ہیں۔ ہائی اسکول ڈائریکٹری مزید فلٹرز فراہم کرتی ہے تاکہ آپ اپنی تلاش کو ان اسکولوں تک مختصر کرسکیں جو مخصوص کھیلوں، ارلی کالج پروگرامز، D75 مشمولاتی پروگرامز اور مزید کی پیشکش کرتے ہیں۔

**تجویز** تمام گریڈ سطوح کے لیے، آپ ان پروگراموں کو فلٹر کرسکتے ہیں جو مکمل یا جزوی قابلِ رسائی ہیں۔




---

## تلاش کی اصطلاحات استعمال کریں

آپ مخصوص اسکولوں یا پروگراموں کے بارے میں معلومات سرچ بار میں انکا نام ٹائپ کرکے دیکھ سکتے ہیں۔ آپ اپنے بچے کی ضروریات اور دلچسپیوں سے میل کھانے والے پروگراموں کو تلاش کرنے کے لیے دیگر کلیدی الفاظ استعمال کر سکتے ہیں۔ مڈل اور ہائی اسکولوں کے لیے، آپ سرگرمیوں کے لحاظ سے تلاش کرسکتے ہیں، جیسے "رقص" یا "مباحثہ"؛ کورسز، جیسے "کمپیوٹر سائنس" یا "AP تاریخ"؛ کھیل، جیسے "باسکٹ بال" یا "جمناسٹکس"؛ اور بہت کچھ۔




---

## ☆اپنے پسندیدہ پروگراموں کی ایک فہرست بنائیں

درخواست دورانیہ کھلنے سے قبل، اپنے پسندیدہ پروگراموں کی ایک فہرست بنا کر رکھیں۔ درخواست دورانیہ کھلنے کے بعد، آپ پروگرام کے نام کے برابر میں ستارے پر کلک کر کے انہیں مائی اسکولز میں اپنے پسندیدہ میں محفوظ کرسکتے ہیں۔



## 2.3 درخواست کس طرح دی جائے

جب آپ درخواست دینے کے لیے تیار ہوجائیں، اپنے پسندیدہ میں سے اپنے اونچے ترین انتخابات اپنی درخواست میں شامل کریں۔ آپ پروگراموں کو پہلے بطور پسندیدہ محفوظ کیے بغیر بھی براہِ راست اپنی درخواست میں شامل کرسکتے ہیں۔ جب آپ اپنے انتخابات کو اپنی درخواست میں شامل کرچکیں، پروگراموں کو اپنی حقیقی ترجیحی ترتیب میں ڈریگ اور ڈراپ کریں، آپکا پہلا انتخاب بطور #1، آپکا دوسرا انتخاب بطور #2، اور اسہی طرح مزید۔

**تجویز** ہائی اسکول میں درخواست دینے والے خاندانوں کے لیے، ہم آپکی اپنی درخواست میں 12 پروگرامز شامل کرنے کی تجویز کریں گے (اور اس سے کم نہیں!) تاکہ آپکے بچے کو اس پروگرام سے ایک پیشکش موصول کرنے کا بہترین موقع مل سکے جس میں وہ جانا چاہتے ہیں۔

جب آپ اپنی درخواست کو حتمی شکل دے رہے ہونگے، آپ کو کسی بھی نامکمل معلومات کے بارے میں تنبیہات مل سکتی ہیں۔ اگر ایسا ہو، اپنی درخواست کا اچھی طرح جائزہ لیں اور یقینی بنائیں کہ وہ مکمل ہے۔

آخر میں، آپکو کہا جاسکتا ہے:

- اپنے بچے کی رسائی کی ضروریات کے بارے میں سوالات کے جواب دیں
- ایک بہن / بھائی کے متعلق معلومات اپنی درخواست میں درج کریں جو فی الوقت ایک اسکول میں جارہا ہے
- اسہی درخواست میں ایک اور بچے کو شامل کریں



درخواست دینے کو تیار ہیں؟ "درخواست جمع کروائیں" (Submit Application) بٹن پر کلک کریں۔ جب آپ **کنفیٹی (confetti)** دیکھیں، اسکا مطلب ہے کہ ہم نے آپ کی درخواست موصول کر لی ہے! آپکو بذریعہ ای میل ایک رسید بھی ملے گی جس میں آپکی درخواست کے انتخابات شامل ہونگے۔

**اپنی درخواست میں تبدیلیاں کرنا چاہتے ہیں؟** آپ اپنی درخواست میں آخری تاریخ تک کسی بھی وقت تبدیلی کر سکتے ہیں اور دوبارہ جمع کراسکتے ہیں۔ برائے مہربانی توجہ کریں کہ ہم آپکی درخواست پر کارروائی کرتے وقت صرف آپکی آخری درخواست کو استعمال کریں گے۔

# 2.4 اپنی پیشکش کیسے موصول کریں

### نتائج اور پیشکشیں




آپ اپنے بچے کے نتائج تک رسائی کے لیے مائی اسکولز کو استعمال کرسکتے ہیں۔ یہ آپ کو بتائے گا کہ آپ کے بچے کو کس اسکول یا پروگرام نے ایک نشست کی پیشکش کی ہے (اگر قابلِ اطلاق ہے)، آپ کا بچہ کن منتظرین کی فہرست میں ہے (اگر قابلِ اطلاق ہے)، اور آگے کیا کرنا ہے۔ اپنے بچے کے نتائج یا پیشکش کی معلومات کا جائزہ لینے کے لیے، اپنے ڈیش بورڈ پر جائیں اور "نتائج اور منتظرین کی فہرستوں کا جائزہ لیں" (View Results & Waitlists) پر کلک کریں۔ آپ اپنی پیشکش کو مائی اسکولز استعمال کرکے قبول کر سکتے ہیں (اگر قابلِ اطلاق ہے)۔




### منتظرین کی فہرستیں

اگر پیشکشیں ہوجانے کے بعد کسی پروگرام میں ایک نشست دستیاب ہوجاتی ہے، وہ پروگرام اپنی منتظرین کی فہرست کو منتطرین کی فہرست پیشکش کرنے کے لیے استعمال کرسکتا ہے۔

- آپکے بچے کو کسی بھی ایسے پروگرام کے لیے منتظرین کی فہرست میں خود بخود رکھا جائے گا جو آپ نے اپنے بچے کی درخواست میں اس پروگرام سے اونچے درجے پر درج کیا تھا جس میں ان کو پیشکش موصول ہوئی ہے۔
- درخواست کی آخری تاریخ کے بعد (K-3، پری کنڈرگارٹن اور کنڈرگارٹن کے لیے) یا پیشکشیں جاری کرنے کے بعد (مڈل یا ہائی اسکول کے لیے)، آپکے پاس اپنے بچے کو اضافی پروگراموں کی فہرستِ منتظرین میں شامل کرنے کا انتخاب ہے۔ ایک اسکول یا پروگرام آپ سے براہِ راست رابطہ کرے گا اگر وہ آپکے بچے کو ایک منتظرین کی فہرست سے پیشکش کرنے کے قابل ہیں۔ اگر آپکا ایک مائی اسکولز اکاونٹ ہے، آپ ایک ای میل بھی موصول کریں گے۔
- تعلیمی سال کے دوران کسی بھی وقت، ایک خاندان اپنے ترجیحی اسکول یا پروگرام سے اندراج کرانے کے لیے براہ راست رابطہ کر سکتا ہے، اگر جگہ ہے اور وہ اسکی اہلیت رکھتے ہیں۔

اپنے مائی اسکولز اکاونٹ میں، آپ یہ بھی دیکھ سکتے ہیں کہ آپ کونسی منتظرین کی فہرست میں ہیں، منتظرین کی ہر فہرست میں کس جگہ پر ہیں اور منتظرین کی فہرست کی ایک پیشکش کو قبول یا مسترد کریں، اگر آپ کو ایک پیشکش موصول ہوتی ہے۔

# ابتدائی طفلی تعلیم

## نوزائیدہ اور نونہال

## 3K
3 سالہ بچوں کے لیے

## پری کنڈرگارٹن
4 سالہ بچوں کے لیے

**تجویز** ہماری داخلہ وڈیوز یہاں ملاحظہ کریں، **schools.nyc.gov/InfantsToddlers**، **schools.nyc.gov/3K** اور **schools.nyc.gov/PK**! ہم آپکی رہنمائی کریں گے کہ کیسے اسکولوں اور پروگراموں کی چھان بین کریں، ایک مائی اسکولز اکاونٹ تخلیق کریں، اور درخواست دیں۔

## نیو یارک شہر پبلک اسکولوں میں نئے ہیں؟

**ابھی ایک اسکول درکار ہے؟ یہ جاننے کے لیے کہ کیا کرنا ہے schools.nyc.gov/NewStudents پر جائیں یا 718-935-2009 پر رابطہ کریں۔**

# 3.0 نوزائیدہ و نونہال

مفت یا کم قیمت نوزائیدہ و نونہال پروگرام ان خاندانوں کے لیے دستیاب ہیں جنکے بچوں کی عمریں چھ ماہ اور تین سال کے درمیان ہیں (جو ابھی تک عمر کے لحاظ سے 3-K کے اہل نہیں ہیں) جو آمدنی اور ضروریات کی بنیاد پر اہلیت رکھتے ہیں۔ نوزائیدہ و نونہال پروگراموں میں اندراج سال بھر جاری رہتا ہے، اور اہلیت کے حامل اہل خانہ کسی بھی وقت اپنے ترجیحی پروگرام کے مقام پر براہ راست اندراج کرا سکتے ہیں۔ تمام نوزائیدہ و نونہال پروگراموں کے لیے خاندان پر اہلیت کے مطلوبات کا اطلاق ہوتا ہے۔ مزید جاننے کے لیے یہاں جائیں **schools.nyc.gov/InfantsToddlers**. دو قسم کے نوزائیدہ و نونہال پروگرام ہیں:

- **توسیعی دن اور سال نوزائیدہ و نونہال پروگرامز** سال بھر ہر روز 10 گھنٹے تک نگہداشت اور تعلیم فراہم کرتے ہیں اور دو ترتیبوں میں دستیاب ہیں۔
  - نیو یارک شہر ابتدائی تعلیم مراکز (NYCEECs) میں مرکز پر مبنی دیکھ بھال
  - گھر میں قائم دیکھ بھال بذریعہ فیملی چائلڈ کئیر نیٹ ورکس (FCCNs)

  ایک پروگرام سے براہ راست ای میل کرکے رابطہ کریں **CCapplication@schools.nyc.gov**، یا اہلیت کے بارے میں مزید جاننے اور اندراج کرانے کے لیے یہاں جائیں **MyCity.nyc.gov**

- **ارلی ہیڈ اسٹارٹ پروگرامز** حاملہ ماوں، نوزائیدہ، اور نونہال بچوں کو خدمات فراہم کرتے ہیں۔ یہ پروگرامز تمام سال خدمات فراہم کرتے ہیں، ہر روز کم از کم آٹھ گھنٹے کے لیے۔ اہلیت اور اندراج کے بارے میں جاننے کے لیے پروگراموں سے براہِ راست رابطہ کریں۔

آپ کسی بھی پروگرام کی رابطہ معلومات **MySchools.nyc** پر 3-K ڈائریکٹری میں دیکھ سکتے ہیں۔ پروگرام کی اہلیت خاندان کی آمدنی، سائز اور ضروریات کی بنیاد پر ہوتی ہے۔ جب آپ ڈائریکٹری کو دیکھ رہے ہوں، "مزید فلٹرز" ("More Filters") کو استعمال کریں اور "نوزائیدہ و نونہال" ("Infants and Toddlers") منتخب کریں۔

## پروگرام کے لیے اہلیت

نوزائیدہ و نونہالوں کے لیے توسیعی دن اور سال اور ارلی ہیڈ اسٹارٹ پروگراموں کے لیے آمدنی کی اہلیت کے سب سے جدید ترین مطلوبات جاننے کے لیے، ملاحظہ کریں **schools.nyc.gov/InfantsToddlers**۔

### ارلی ہیڈ اسٹارٹ پروگراموں کے لیے

- ☐ آپکا بچہ اہل ہوسکتا ہے اگر ذیل کے زمروں میں سے کم از کم ایک کا آپ پر اطلاق ہوتا ہو:
  - ☐ آپ ایک ایسے بچے کا اندراج کروا رہے ہیں جو عارضی نگہداشت (فوسٹر کیئر) میں ہے
  - ☐ آپ SSI (سپلیمینٹل سیکیورٹی انکم) وصول کرتے ہیں
  - ☐ آپ HRA (انسانی وسائل کی انتظامیہ) نقد امداد وصول کرتے ہیں
  - ☐ آپ عارضی رہائش گاہ میں رہتے ہیں
  - ☐ آپ کے خاندان کی آمدنی ایک مخصوص سطح سے نیچے ہے
  - ☐ کیا آپ SNAP ( سپلیمنٹل نوٹریشن امدادی پروگرام) مفادات موصول کرتے ہیں؟

### توسیعی دن اور سال پروگرامز کے لیے

- ☐ آپکی آمدنی ایک مخصوص سطح سے نیچے ہے **اور** آپکے پاس دیکھ بھال کے لیے ذیل کی منظور کردہ وجوہات میں سے کم از کم ایک وجہ ہے:
  - ☐ آپ فی ہفتہ اوسطاً 10 یا زیادہ گھنٹے کام کرتے ہیں
  - ☐ آپ ایک تعلیمی یا پیشہ ورانہ تربیتی پروگرام میں ہیں
  - ☐ آپ چھ مہینوں سے کام کی تلاش میں ہیں (بشمول بے روزگاری کی صورت میں مفادات وصول کرنے کے)
  - ☐ آپ عارضی رہائش گاہ میں رہتے ہیں
  - ☐ آپ گھریلو تشدد کے بارے میں خدمات میں شرکت کررہے ہیں

داخلے
عمل کرنے کی
جانچ فہرست

# 3-K 4.0 اور پری کنڈرگارٹن

کیلنڈر سال 2021 میں پیدا ہونے والے بچوں کے خاندان 3-K کے لیے خزاں 2024 میں درخواست دے سکتے ہیں۔

کیلنڈر سال 2020 میں پیدا ہونے والے بچوں کے خاندان پری کنڈرگارٹن کے لیے خزاں 2024 میں درخواست دے سکتے ہیں۔

*آپ اس جانچ فہرست کو استعمال کریں تو خالی جگہوں کو پُر کریں۔*

## 1 3-K اور پری کنڈر گارٹن داخلوں کے بارے میں جانیں۔

- ☐ اس رہنما کتابچے کو پڑھیں! جانچ کریں **schools.nyc.gov/3K** یا جدید ترین معلومات کے لیے یہاں دیکھیں **schools.nyc.gov/PK**
- ☐ تقریبات اور حتمی تواریخ کے بارے میں ہماری 3-K اور / یا پری کنڈرگارٹن داخلوں کی ای میل فہرستوں کے لیے سائن اپ کریں: **schools.nyc.gov/SignUp**
- ☐ ہمارے 3-K اور پری کنڈر گارٹن ویب صفحات پر داخلے تقریبات کے بارے میں جانیں۔ میں ایک تقریب میں شرکت کرونگا بتاریخ___/___/___۔

## 2 ابتدائی طفلی پروگراموں کی تحقیق کریں

- ☐ پروگرام کے انتخابات کی چھان بین کرنے کے لیے **MySchools.nyc** کو استعمال کریں – جز **2.0** پر مزید جانیں۔
- ☐ اپنا اسکول ضلع (32-1) تلاش کریں: اپنا پتہ **schoolsearch.schools.nyc** درج کریں یا **311** پر کال کریں: میرا اسکول ضلع ہے میرا اسکول ضلع ہے ___________۔
- ☐ اوپن ہاوسز میں شرکت کریں! مائی اسکولز تقریبات کلینڈر اور پروگراموں کی ویب سائٹس دیکھیں یا تقریبات اور وسائل کے بارے میں جدید ترین معلومات کے لیے ان سے براہِ راست رابطہ کریں۔

## 3 اپنے کیلنڈر پر نشان لگائیں اور درخواست دیں!

- ☐ معلوم کریں کہ 3-K یا پری کنڈرگارٹن میں کب درخواست دینی ہے: 3-K درخواست کی آخری تاریخ ہے ___/___/___۔ پری کنڈرگارٹن درخواست کی آخری تاریخ ہے ___/___/___۔
- ☐ آخری تاریخ تک درخواست دیں۔ آپ کس طریقے سے درخواست دینے کا منصوبہ رکھتے ہیں؟ *ایک انتخاب کو منتخب کریں:*
  - ○ آن لائن **MySchools.nyc**
  - ○ بذریعہ فون **718-935-2009**
  - ○ خاندانی استقبالیہ مرکز کے ذریعے – ذیل پر جانیں کس طرح **schools.nyc.gov/FWC**

## 4 اپنے بچے کی پیشکش موصول اور قبول کریں

- ☐ آپ اپنے بچے کے نتائج تک اپنے مائی اسکولز اکاونٹ میں رسائی کر سکتے ہیں۔

**3-K کے لیے** آپکے نتائج میں ایک 3-K پروگرام کی پیشکش شامل ہوسکتی ہے۔ **چند علاقوں** میں زیادہ مانگ اور محدود نشستوں کی وجہ سے، چند خاندان شائد کوئی 3-K پیشکش وصول نہ کر پائیں۔

**پری کنڈرگارٹن کے لیے** آپکے نتائج میں ایک پری کنڈرگارٹن پروگرام کی پیشکش شامل ہوگی۔

- ☐ میرے بچے کی *(ایک پر دائرہ لگائیں)* 3-K / پری کنڈر گارٹن پیشکش یہ ہے: ____________________۔
- ☐ اپنی پیشکش کو قبول کریں اور پروگرام کے ساتھ رجسٹر ہونے کے لیے کام کریں۔
- ☐ اگر منتظرین کی فہرست کی ایک پیشکش میں دلچسپی رکھتے ہیں تو منتظرین کی فہرست کو منظم کریں۔

## 4.1 کون درخواست دے سکتا ہے؟

### 3K

3-K کے لیے اس کیلنڈر سال میں درخواست دیں جس میں آپکا بچہ تین سال کا ہو جائے۔ 2024 کے شروع میں، نیویارک شہر کے 2021 میں پیدا ہونے والے بچوں کے تمام خاندان مفت یا کم قیمت، مکمل دن، اعلیٰ معیاری 3-K پروگراموں کے لیے ستمبر 2024 میں داخلے کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ 3-K پروگرامز تمام 32 اسکول اضلاع میں پیش کیے جاتے ہیں۔

- بچوں کو اس اسکول ضلع میں 3-K فار آل پروگراموں میں شرکت کرنے کی ترجیح ہے جہاں وہ رہتے ہیں، لیکن کسی بھی ضلع سے خاندانوں کا تمام شہر کے پروگراموں میں ستمبر 2024 داخلے کے لیے درخواست دینے کا خیرمقدم کیا جاتا ہے۔
- چند علاقوں میں زیادہ مانگ اور محدود نشستوں کی وجہ سے، تمام درخواست دہندگان کو 3-K کی پیشکشوں کی ضمانت نہیں دی جا سکتی ہے۔

### پری کنڈرگارٹن

پری کنڈرگارٹن کے لیے اس کیلنڈر سال میں درخواست دیں جس میں آپکا بچہ چار سال کا ہو جائے۔ 2024 کے شروع میں، نیویارک شہر کے 2020 میں پیدا ہونے والے بچوں کے تمام خاندان مفت یا کم قیمت، مکمل دن، اعلیٰ معیاری پری کنڈرگارٹن کے لیے ستمبر 2024 پروگراموں کے لیے داخلے میں درخواست دے سکتے ہیں۔

- جن خاندانوں کے بچے آجکل ایک تین سالہ پروگرام میں شرکت کر رہے ہیں، بشمول 3-K کے، ایک اسکول میں یا مرکز میں جو پری کنڈرگارٹن کی پیشکش کرتے ہیں انہیں پھر بھی اس پری کنڈرگارٹن پروگرام میں اپنی نشست محفوظ کرانے کے لیے پری کنڈرگارٹن میں درخواست لازماً دینی چاہئیے۔
- نیویارک شہر میں ہر چار سالہ بچے کے لیے ایک پری کنڈرگارٹن نشست موجود ہے۔

**تجویز** آمدنی اور ضروریات کی بنیاد پر اہلیت رکھنے والے خاندانوں کے لیے کچھ پروگرام اضافی مفت یا کم قیمت 3-K اور پری کنڈر گارٹن نشستوں کی پیشکش کرتے ہیں – **جز 4.2** میں مزید جانیں۔

## 4.2 پروگراموں کو تلاش کرنا

درخواست دہی کا دورانیہ کھلنے سے پہلے، آپ اپنے بچے کے لیے ابتدائی طفلی پروگرام انتخابات کی چھان بین کرنے کے لیے مائی اسکولز کو استعمال کرسکتے ہیں جز **2.0** میں جانیں کہ کس طرح۔ **اسکولوں اور پروگراموں کی ویب سائٹ پر جائیں یا متوقع خاندانوں کے وسائل یا تقریبات کے بارے میں جاننے کے لیے ان سے براہِ راست رابطہ کریں۔**

## نشست کی قسمیں

تین قسموں کی 3-K / پری کنڈرگارٹن نشستیں ہیں۔ ایک واحد پروگرام، ایک، دو یا تمام تین قسموں کی نشستوں کی پیشکش کر سکتا ہے، جو کہ زیادہ تر، اوقات اور اہلیت کے مطلوبات کے لحاظ سے مختلف ہوتی ہیں۔

**3-K / پری کنڈرگارٹن نشستوں کی قسمیں**

| قسم | لاگت | اوقات | اہلیت |
|---|---|---|---|
| **اسکول دن** | مفت | تعلیمی سال کے دوران ایک دن میں 6 گھنٹے اور 20 منٹ کی نگہداشت اور تعلیم فراہم کرتے ہیں، عام طور پر ستمبر سے جون تک۔ | اہلیت کے لیے کوئی اضافی مطلوبات نہیں ہیں۔<br>• نیو یارک شہر کے 2020 میں پیدا ہونے والے تمام بچے اسکول دن پری کنڈر گارٹن نشستوں کے لیے اہل ہیں۔<br>• نیو یارک شہر کے تمام بچے جو 2021 میں پیدا ہوئے ہیں اسکول دن 3-K نشستوں کے اہل ہیں۔ |
| **توسیعی دن اور سال** | مفت یا کم قیمت | سال بھر **ہر روز 10 گھنٹے** تک ابتدائی نگہداشت اور تعلیم فراہم کرتے ہیں۔ | خاندان کی آمدنی اور ضروریات پر مبنی۔<br>اگر آپکو ایک **توسیعی دن اور سال** کے لیے نشست کی ایک پیشکش موصول ہوتی ہے، آپکو بچوں کی نگہداشت کی ایک درخواست کو مکمل کرکے اپنے بچے کی اہلیت کی یہاں تصدیق کرانے کی ضرورت ہو گی **MyCity.nyc.gov**۔ |
| **ہیڈ اسٹارٹ** | مفت | **سال بھر** ہر روز 10 گھنٹے تک ابتدائی نگہداشت اور تعلیم کی پیشکش کرتے ہیں۔ | خاندان کی آمدنی اور ضروریات پر مبنی۔<br>اگر آپ ایک پیشکش موصول کرتے ہیں، پروگرام آپکے بچے کی اہلیت کی تصدیق کرنے کے لیے آپکے ساتھ ملکر براہِ راست **کام کرے گا**۔ |

**نشست کی قسم (کے لحاظ سے) اہلیت**

### توسیعی دن اور سال پروگرامز کے لیے

- ☐ آپکی آمدنی ایک مخصوص سطح سے نیچے ہے **اور** آپکے پاس دیکھ بھال کے لیے ذیل کی منظور کردہ وجوہات میں سے کم از کم ایک وجہ ہے:
  - ☐ آپ فی ہفتہ اوسطاً 10 یا زیادہ گھنٹے کام کرتے ہیں
  - ☐ آپ ایک تعلیمی یا پیشہ ورانہ تربیتی پروگرام میں ہیں
  - ☐ آپ چھ مہینوں سے کام کی تلاش میں ہیں (بشمول بے روزگاری کے مفادات وصول کرنے کے)
  - ☐ آپ عارضی رہائش گاہ میں رہتے ہیں
  - ☐ آپ گھریلو تشدد کی خدمات میں شرکت کررہے ہیں

### ہیڈ اسٹارٹ پروگراموں کے لیے

- ☐ آپ ایک ایسے بچے کا اندراج کروا رہے ہیں جو عارضی نگہداشت (فوسٹر کیئر) میں ہے
- ☐ آپ SSI (سپلیمینٹل سیکیورٹی انکم) وصول کرتے ہیں
- ☐ آپ HRA (انسانی وسائل کی انتظام) نقد امداد وصول کرتے ہیں
- ☐ آپ عارضی رہائش گاہ میں رہتے ہیں
- ☐ آپ کے خاندان کی آمدنی ایک مخصوص سطح سے نیچے ہے
- ☐ کیا آپ SNAP ( سپلیمنٹل نوٹریشن امدادی پروگرام) مفادات موصول کرتے ہیں؟

توسیعی دن یا سال نشستوں یا ہیڈ اسٹارٹ نشستوں کے ساتھ پروگراموں کو تلاش کرنے کے لیے، مائی اسکولز میں "مزید فلٹرز" ("More Filters") کے انتخاب کو منتخب کریں اور "توسیعی دن اور سال" ("Extended Day and Year") اور / یا "ہیڈ اسٹارٹ" ("Head Start") منتخب کریں۔

## پروگرام کی ترتیبیں

3-K اور پری کنڈرگارٹن پروگرام مختلف ترتیبوں میں قائم ہیں۔ ہر ترتیب بچوں کو ایک محفوظ اور مشفق تعلیمی ماحول فراہم کرتی ہے۔ آپ ان میں کسی ایک یا تمام ترتیبوں میں درخواست دینے کا انتخاب کرسکتے ہیں، یہ اس پر منحصر ہے کہ آپ کے اہل خانہ کی کیا ترجیح ہے۔

---

### نیویارک شہر ابتدائی تعلیم مراکز (NYCEECs)

مقامی، برادری پر مبنی پروگرام جو ایک کڑے تشخیصی طریقِ کار کے ذریعے منتخب کیے جاتے ہیں اور محکمئہ تعلیم کے ساتھ 3-K اور پری کنڈر گارٹن فراہم کرنے کے لیے شراکت کرتے ہیں۔

***آپ شائد اس انتخاب پر غور کرنا چاہیں گے اگر...***

- آپ کا بچہ فی الوقت اس مقام پر ایک پروگرام میں شرکت کررہا ہے جس میں آپ دلچسپی رکھتے ہیں۔
- آپ کے بچے کا ایک بھائی / بہن ہے جو اسی مقام پر شرکت کرتا ہے جس میں آپ دلچسپی رکھتے ہیں۔
- آپ ان انتخابات میں دلچسپی رکھتے ہیں جو آپ کے کام کی جگہ یا آپکے اسکول سے قریب واقع ہے، نہ کہ صرف جہاں آپکا خاندان رہتا ہے
- آپ کا خاندان اس تنظیم سے سماجی خدمات موصول کرتا ہے جو یہ ابتدائی طفلی پروگرام کی پیشکش کرتی ہے۔
- آپ کو اپنے بچے کے لیے جلدی چھوڑ کر جانے یا اسکول کے بعد لانے کے انتخابات کی ضرورت ہے – کئی پروگرام جلدی چھوڑ کر جانے اور / یا دیر سے لے جانے کی پیشکش کرتے ہیں اور کچھ پروگرام توسیعی دن اور سال اور / یا ہیڈ اسٹارٹ نشستوں کی بھی پیشکش کرتے ہیں۔

---

### نیویارک شہر پبلک ایلیمنٹری اسکولز (ضلع اسکولز)

کچھ 3-K اور پری کنڈر گارٹن پروگرامز پیش کرتے ہیں

***آپ شائد اس انتخاب پر غور کرنا چاہیں گے اگر...***

- آپ کا بچہ فی الوقت اسکول میں شرکت کررہا ہے
- آپکا ایک بڑا بچہ پہلے ہی اسکول میں جاتا ہے
- آپ چاہتے ہیں کہ آپ کا بچہ ایک ایلیمنٹری اسکول ترتیب میں پروگرام میں شرکت کرے

---

### پری کنڈر گارٹن مراکز

محکمئہ تعلیم کے عملے کے ذریعے چلائے جاتے ہیں، اور صرف کنڈرگارٹن سے پہلے کے گریڈز کی پیشکش کرتے ہیں

***آپ چاہیں گے کہ اس انتخاب کو زیرِ غور لائیں اگر ...***

- آپ کا بچہ فی الوقت پری کنڈر گارٹن مرکز میں شرکت کر رہا ہے
- آپ چاہتے ہیں کہ آپ کا بچہ صرف دیگر نوعمر بچوں کی ترتیب والے پروگرام میں شرکت کرے

### گھر میں قائم / فیملی چائلڈ کئیر (FCC) پروگرامز

**صرف نوزائیدہ و نونہال اور 3-K لیے** (پری کنڈرگارٹن نہیں) ایک گھر کی ترتیب میں ایک لائسنس یافتہ، مستند بچوں کی دیکھ بھال فراہم کنندہ کے ذریعے پیش کرتے ہیں

***آپ شائد اس انتخاب پر غور کرنا چاہیں گے اگر...***

- آپکا بچہ پہلے ہی اس پروگرام میں جاتا ہے
- آپ چاہتے ہیں کہ آپکا بچہ ایک ملی جلی عمر کی ترتیب میں تعلیم پائے، جس میں بھائی / بہن، چھ ہفتے سے تین سال کی عمر کے بچے شامل ہوسکتے ہیں
- آپ چاہتے ہیں کہ آپکا بچہ اگلے سال مرکز یا اسکول میں پری کنڈرگارٹن میں منتقلی سے قبل ایک گھر کی ترتیب میں مرکز یا 3-K جائے
- آپ کو اپنے بچے کے لیے جلدی چھوڑ کر جانے یا اسکول کے بعد لانے کے انتخابات کی ضرورت ہے – کئی پروگرام جلدی چھوڑ کر جانے اور / یا دیر سے لے جانے کی پیشکش کرتے ہیں اور کچھ پروگرام توسیعی دن اور سال نشستوں کی بھی پیشکش کرتے ہیں۔

## دوہری زبان پروگرامز اور لسانی معاونتیں

کچھ کنڈرگارٹن انتخابات دوہری زبان پروگرام بھی پیش کرتے ہیں، جہاں طلبا کو دو زبانوں میں تعلیم دی جاتی ہے: انگریزی اور ایک اہدافی زبان۔ مخصوص دوہری زبان پروگراموں کے بارے میں مائی اسکولز میں اور پروگراموں سے براہِ راست رابطہ کرکے مزید جانیں۔ کچھ 3-K اور پری کنڈر گارٹن انتخابات (بالخصوص NYCEECs) ان خاندانوں کو لسانی معاونتیں فراہم کرتے ہیں جن کی گھریلو زبان انگریزی کے علاوہ دوسری زبان ہے۔ لسانی معاونتوں میں ذیل میں سے ایک یا زیادہ شامل ہوسکتے ہیں:

- عملے کا ایک رکن جو بچے کی گھریلو زبان میں رواں ہے اور خاندانوں اور بچے کو معاونت دینے کے لیے دستیاب ہے
- اہل خانہ سے ملاقاتوں میں ترجمانی کی خدمات
- خاندان کی گھریلو زبان میں ترجمہ شدہ ابلاغ
- معلمین، جو بچے کی تمام اسکول دن کے دوران انگریزی اور انکی گھریلو زبان دونوں میں مسلسل فروغ کی معاونت کرتے ہیں۔

لسانی معاونت فراہم کرنے والے دوہری زبان پروگرام اور ابتدائی طفلی پروگرام طلبا کو ان کی گھریلو زبان کی بنیاد پر ترجیح دیتے ہیں۔ دوہری زبان پروگراموں یا لسانی معاونتوں والے پروگراموں کے بارے میں مزید معلومات کے لیے **earlychildhoodpolicy@schools.nyc.gov** پر ای میل کریں یا **311** پر کال کریں۔

## نصف دن اور چارٹر اسکول پری کنڈرگارٹن پروگرامز

آپ نصف دن اور چارٹر اسکول پری کنڈرگارٹن پروگرامز مائی اسکولز میں بھی تلاش کر سکتے ہیں۔ تاہم، ان پروگراموں میں پری کنڈرگارٹن داخلوں کے علحیدہ طریق کار ہیں —اسکا مطلب ہے آپ اپنے بچے کی پری کنڈر گارٹن درخواست میں نصف دن یا چارٹر اسکول پروگراموں کو شامل نہیں کرسکتے۔ مزید معلومات کے لیے اور درخواست کس طرح دیں اس بارے میں جاننے کے لیے ان پروگراموں سے براہِ راست رابطہ کریں۔ **چارٹر اسکولز** مفت پبلک اسکولز ہیں جو DOE سے علحیدہ خودمختارانہ طور پر چلائے جاتے ہیں۔ ایک پری کنڈرگارٹن پروگرام میں داخلے کے لیے کوئی بھی اہل بچہ چارٹر اسکول میں داخلہ حاصل کرنے کا اہل ہے۔ مزید معلومات کے لیے، **schools.nyc.gov/Charters** پر جائیں یا **212-374-5419** پر کال کریں۔

## 4.3 یہ جانیں کہ بچے پیشکشیں کیسے حاصل کرتے ہیں

ایک مخصوص پروگرام سے پیشکش موصول کرنے کے لیے آپ اپنے بچے کے امکانات کس طرح جان سکتے ہیں؟ آغاز کرتے وقت یہ جاننا مددگار ہوتا ہے کہ پیشکشیں کس طرح کی جاتی ہیں۔ بچے 3-K اور پری کنڈرگارٹن پیشکشیں چار کلیدی عناصر کی بنیاد پر موصول کرتے ہیں:

### آپ کی درخواست کے انتخابات

آپ اپنے بچے کی درخواست میں جو انتخابات درج کریں گے **اور** آپ ان کو جس ترتیب سے درج کریں گے اس سے فرق پڑتا ہے! اپنی درخواست میں 12 تک پروگراموں کو اپنی حقیقی ترجیح کی ترتیب میں درج کریں اپنے پہلے انتخاب کو #1 پر درج کریں۔ اس سے بہتر کوئی طریقہ نہیں ہے۔ آپ کے بچے کو داخلے کے لیے سب سے پہلے اس کے پہلے انتخاب کے لیے زیر غور لایا جائے گا۔ اگر وہ پروگرام آپکے بچے کو ایک پیشکش نہیں کرسکتا، تو انکو آپ کے دوسرے انتخاب پروگرام کے لیے زیر غور لایا جائے گا جیسے کہ یہ آپ کا پہلا انتخاب تھا، اور اسی طرح۔ ذیل کے تین دیگر عناصر پر منحصر، محکمئہ تعلیم آپکی درخواست کے اونچے ترین ممکنہ انتخاب کے لیے ایک پیشکش کرنے کی کوشش کرے گا۔

### ہر پروگرام میں نشست کی دستیابی

ہر ایک پروگرام میں دستیاب نشستوں کی مخصوص تعداد ہوتی ہے۔ اگر کسی پروگرام میں درخواست دہندگان کی تعداد نشستوں سے زیادہ ہوتی ہے، پیشکش کرنے کے لیے داخلے کی ترجیحات کو استعمال کیا جاتا ہے۔

### ہر پروگرام کی داخلے کی ترجیحات

پروگرامز دوسروں کے مقابلے میں درخواست دہندگان کے مختلف گروپس کو داخلوں کے لیے ترجیح دے سکتے ہیں۔ ایک پروگرام کے اعلیٰ ترین ترجیحی گروپ میں شامل تمام درخواست دہندگان کو پیشکش کے لیے پہلے زیرِ غور لایا جائے گا۔ اس کے بعد بھی، اگر نشستیں دستیاب ہیں، تو اس پروگرام کے دوسرے ترجیحی گروپ میں درخواست دہندگان کو زیرِ غور لایا جائے گا، اور اسی طرح چلتا رہے گا۔ آپ پروگرام کو اپنی درخواست میں کہاں درجہ بند کرتے ہیں اس سے پروگرام کے لیے آپ کی ترجیح متاثر نہیں ہو گی۔

### بلا ترتیب تفویض کردہ نمبرز

ہر درخواست دہندہ کو داخلوں کے طریقِ کار کے ایک جز کے بطور ایک بلا ترتیب عدد تفویض کردیا جاتا ہے۔ اگر کسی پروگرام میں ترجیحی گروپ میں درخواست گزاروں کی تعداد کے مقابلے میں کم نشستیں دستیاب ہیں تو ان بلا ترتیب اعداد کو اس ترتیب کا تعین کرنے میں استعمال کیا جاتا ہے جس میں سے طلبا پیشکشیں موصول کرتے ہیں۔

**تجویز** اسکی ایک مثال دیکھنے کے لیے اس رہنما کتابچے کے **پچھلے سرورق کا اندرونی حصہ** دیکھیں کہ درخواست دہندگان کسی پروگرام سے ایک پیشکش کیسے موصول کرتے ہیں۔

## داخلوں کی ترجیحات کیوں اہم ہیں

آپ کے بچے کا کچھ پروگراموں میں داخل ہونے کا امکان دیگر پروگراموں سے بہتر ہوتا ہے۔ جب درخواست دہندگان کی تعداد دستیاب نشستوں سے زیادہ ہو جاتی ہے، ایک پروگرام تمام درخواست دہندگان کو پیشکشیں نہیں کرسکتا۔ ایسی صورتوں میں، پیشکشیں اس بنیاد پر کی جاتی ہیں کہ بچوں کے کونسے گروپ کی اس پروگرام میں شرکت کرنے کی اونچی ترین داخلہ ترجیح ہے۔

- ترجیحی گروپ 1 میں تمام درخواست دہندگان کو پہلے زیرِ غور لایا جاتا ہے۔
- اس کے بعد، اگر نشستیں دستیاب ہیں، تو ترجیحی گروپ 2 میں درخواست دہندگان کو زیرِ غور لایا جائے گا، اور اسی طرح چلتا رہے گا۔
- پروگرام کی مانگ مختلف ہوتی ہے۔ کچھ پروگرامز زیادہ تر یا تمام ترجیحی گروپس سے درخواست دہندگان کو داخلہ دیتے ہیں، جبکہ دیگر صرف اپنے پہلے ترجیحی گروپ سے درخواست دہندگان کو داخل کرتے ہیں۔

**تجویز** کسی بھی پروگرام کی داخلے کی ترجیحات اسکے مائی اسکولز صفحے پر دیکھیں۔ اس بنیاد پر، آپ اپنے بچے کے لیے اس پروگرام کے ترجیحی گروپ کا تعین کرسکتے ہیں اور یہ جان سکتے ہیں کہ گزشتہ سال طلبا کے کس گروپ نے پیشکشیں موصول کی تھیں۔ یہ معلومات آپ کو ایک مخصوص پروگرام میں آپ کے بچے کے پیشکش موصول کرنے کے امکانات جاننے میں مدد کرسکتی ہے۔

## داخلوں کی ترجیحات کی قسمیں

### موجودہ طالب علم ترجیح

آپکے بچے کو اسکے موجودہ پروگرام یا اسکول میں رہنے کی ترجیح حاصل ہے، اگر قابل اطلاق ہو۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کا بچہ اسی پروگرام میں شرکت جاری رکھے، اس پروگرام کو اپنی درخواست میں درج کرنا یقینی بنائیں اور یہ نشاندہی کریں کہ آپ کا بچہ ایک موجودہ طالب علم ہے۔

### بھائی / بہن کی ترجیح

اگر آپ کے بچے کا بھائی / بہن ایک اسکول یا پروگرام میں شرکت کرتا ہے اور آپ اسے اپنی درخواست میں درج کرتے ہیں، انہیں اس پروگرام سے پیشکش ملنے کے زیادہ امکانات ہوتے ہیں۔

- درخواست کنندہ کے بھائی / بہن کی تعریف میں اسکا بھائی یا بہن ہیں بشمول سوتیلے بھائی، سوتیلے بہنیں، علاتی بھائی، علاتی بہنیں، لے پالک بھائی اور لے پالک بہنیں ہیں جو ایک ہی گھر میں رہتے ہیں اور فی الحال اس اسکول میں رجسٹر شدہ یا مندرج ہیں اور جو ستمبر 2024 میں اس اسکول میں مندرج ہوں گے۔ ان میں وہ طلبا بھی شامل ہیں جو ایک ہی اسکول کی عمارت میں ضلع 75 پروگراموں میں مندرج ہیں۔
- اگر آپ کے کوئی اور بڑے بچے ہیں جو 2024 کے لیے پری کنڈرگارٹن یا کنڈرگارٹن میں درخواست دے رہے ہیں اور آپ کو ابھی تک اس بچے کی پیشکش نہیں ملی ہے، ہر بھائی / بہن کی معلومات اور اس اسکول کا نام شامل کرنا یقینی بنائیں جس اسکول میں آپ ان کو اکھٹا بھیجنا چاہیں گے۔ آپ کے چھوٹے بچے کو اس اسکول میں 3-K یا پری کنڈرگارٹن کے لیے بھائی / بہن کی ترجیح ملے گی جہاں آپ کے بڑے بچے کو پیشکش ملے گی اگر آپ نے اسی اسکول کا 3-K یا پری کنڈرگارٹن پروگرام اپنے چھوٹے بچے کی درخواست میں درج کیا ہے اور اگر وہ اسکول 3-K یا پری کنڈرگارٹن کی پیشکش کرتا ہے۔

### ضلعی ترجیح

آپکے اسکول کے ضلع (32-1) کا تعین آپکے گھر کے پتے سے ہوتا ہے۔ آپ کے بچے کو اس اسکول ضلع کے DOE پبلک اسکولوں اور پری کنڈر گارٹن مراکز میں پروگراموں میں شرکت کرنے کی ترجیح حاصل ہے جہاں آپ کا خاندان رہائش پذیر ہے۔

### زون کی ترجیح

- نیویارک شہر میں زیادہ تر خاندانوں کا ایک زون الیمنٹری اسکول ہوتا ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ جو بچے زون یا اسکول کے اردگرد کے علاقے میں رہتے ہیں انہیں اس اسکول میں شرکت کرنا کی ترجیح حاصل ہے۔ اگر آپ کا ایک زون DOE پبلک اسکول ہے جو 3-K یا پری کنڈرگارٹن پروگرام پیش کرتا ہے، آپ کے بچے کو اس پروگرام میں شرکت کرنے کی ترجیح حاصل ہے۔
- برائے مہربانی توجہ کریں اضلاع 1، 7 اور 23 میں رہنے والے خاندانوں کا زون اسکول نہیں ہوتا ہے— اس اضلاع میں رہنے والے بچوں کو ضلع کے تمام اسکولوں میں شرکت کرنے کی ترجیح حاصل ہے۔

**تجویز** یہ معلوم کرنے کے لیے کہ کیا آپ کے بچے کا ایک زون اسکول ہے اور اپنا اسکول ضلع معلوم کرنا چاہتے ہیں تو **schoolsearch.schools.nyc** پر جائیں یا **311** پر کال کریں۔

## 3-K پروگرام داخلوں کی ترجیحات

پروگرام کی ترتیب کے مطابق، درخواست دہندگان ذیل ترتیب میں پیشکش خط موصول کرتے ہیں۔

### نیو یارک شہر ابتدائی تعلیم مراکز

1. وہ بچے جو فی الحال NYCEEC میں مندرج ہیں
2. وہ بچے جن کے بھائی / بہن NYCEEC میں مندرج ہیں
3. وہ بچے جن کے خاندان فی الوقت اس تنظیم سے مفت یا کم قیمت سماجی خدمات موصول کررہے ہیں جو مرکز کے 3-K پروگرام کو چلاتی ہے
4. ضلع میں رہنے والے دیگر بچے*
5. تمام دیگر بچے

### زون DOE (ضلع) اسکولز

1. وہ بچے جو زون میں رہتے ہیں اور ان کا ایک بھائی / بہن اسکول میں ہے
2. زون میں رہنے والے دیگر بچے
3. وہ بچے جو ضلع میں رہتے ہیں اور ان کا ایک بھائی / بہن اس اسکول میں ہوگا
4. وہ بچے جو ضلع سے باہر رہتے ہیں اور ان کا ایک بھائی / بہن اس اسکول میں ہوگا
5. ضلع میں رہنے والے دیگر بچے
6. ضلع سے باہر رہنے والے دیگر بچے

### غیر زون DOE اسکولز

1. وہ بچے جو ضلع میں رہتے ہیں اور ان کا ایک بھائی / بہن اس اسکول میں ہوگا
2. وہ بچے جو ضلع سے باہر رہتے ہیں اور ان کا ایک بھائی / بہن اس اسکول میں ہوگا
3. ضلع میں رہنے والے دیگر بچے
4. ضلع سے باہر رہنے والے دیگر بچے

### پری کنڈرگارٹن مراکز

1. وہ بچے جو ضلع میں رہتے ہیں اور ان کا ایک بھائی / بہن پری کنڈرگارٹن مرکز میں ہوگا
2. وہ بچے جو ضلع سے باہر رہتے ہیں اور ان کا ایک بھائی / بہن پری کنڈرگارٹن مرکز میں ہوگا
3. ضلع میں رہنے والے دیگر بچے
4. ضلع سے باہر رہنے والے دیگر بچے

### گھر میں قائم / فیملی چائلڈ کئیر (FCC)

1. وہ بچے جو فی الحال FCC پروگرام میں مندرج ہیں
2. وہ بچے جنکا ایک بھائی / بہن FCC پروگرام میں ہوگا
3. وہ بچے جن کے خاندان فی الوقت اس تنظیم سے مفت یا کم قیمت سماجی خدمات موصول کررہے ہیں جو FCC پروگرام کو چلاتی ہے
4. ضلع میں رہنے والے دیگر بچے*
5. تمام دیگر بچے

*یہ ترجیحات ہیڈ اسٹارٹ یا توسیعی دن اور سال نشستوں کے لیے قابلِ اطلاق نہیں ہیں۔

## پری کنڈرگارٹن پروگرام داخلوں کی ترجیحات

پروگرام کی ترتیب کے مطابق، درخواست دہندگان ذیل ترتیب میں پیشکش خط موصول کرتے ہیں۔

### نیو یارک شہر ابتدائی تعلیم مراکز

1. وہ بچے جو فی الوقت اس مرکز کے K-3 یا دیگر تین سالہ بچوں کے لیے پروگرام میں شرکت کرتے ہیں۔
2. وہ بچے جن کے بھائی / بہن اس مرکز میں ہیں
3. وہ بچے جن کے خاندان فی الوقت اس تنظیم سے مفت یا کم قیمت سماجی خدمات موصول کررہے ہیں جو اس مرکز کے پری کنڈرگارٹن پروگرام کو چلاتی ہے
4. بچے جو انگریزی کے علاوہ دوسری زبان بولتے ہیں جس میں خدمات فراہم کرنے میں مرکز خصوصیت رکھتا ہے، اگر قابلِ اطلاق ہو
5. تمام دیگر بچے

### زون DOE (ضلع) اسکول

1. وہ بچے جو فی الوقت اس اسکول میں K-3 میں شرکت کررہے ہیں**
2. وہ بچے جو زون میں رہتے ہیں اور ان کا ایک بھائی / بہن اس اسکول میں ہے
3. زون میں رہنے والے دیگر بچے
4. وہ بچےجو اس ضلع میں رہتے ہیں اور ان کا ایک بھائی / بہن اس اسکول میں ہے
5. وہ بچے جو ضلع سے باہر رہتے ہیں اور ان کا ایک بھائی / بہن اس اسکول میں ہے
6. ضلع میں رہنے والے دیگر بچے
7. ضلع سے باہر رہنے والے دیگر بچے

### غیر زون DOE اسکولز

1. وہ بچے جو فی الوقت اس اسکول میں 3-K میں شرکت کررہے ہیں**
2. وہ بچے جو ضلع میں رہتے ہیں اور ان کا ایک بھائی / بہن اس اسکول میں ہے
3. وہ بچے جو ضلع سے باہر رہتے ہیں اور ان کا ایک بھائی / بہن اس اسکول میں ہے
4. ضلع میں رہنے والے دیگر بچے
5. ضلع سے باہر رہنے والے دیگر بچے

### پری کنڈرگارٹن مراکز

1. وہ بچے جو فی الوقت پری کنڈرگارٹن مرکز میں 3-K میں شرکت کررہے ہیں**
2. وہ بچے جو اسی ضلع میں رہتے ہیں جس میں پری کنڈرگارٹن مرکز ہے
3. ضلع سے باہر رہنے والے بچے

**اگر ایک پری کنڈرگارٹن پروگرام میں موجودہ درخواست دہندگان طلبا کی تعداد دستیاب نشستوں سے زیادہ ہے، موجودہ طلبا کو اس پری کنڈرگارٹن پروگرام میں داخلوں میں ترجیح پری کنڈرگارٹن مراکز کے لیے زون اسکولوں کے لیے دوسری (2nd) سے ساتویں (7th) ترجیحات، غیر زون اسکولوں کے لیے دوسری (2nd) سے پانچویں (5th) ترجیحات، یا پری کنڈرگارٹن پروگرامز کے لیے دوسری (2nd) سے تیسری (3rd) ترجیحات کی ترتیب کی بنیاد پر موصول ہوں گی۔

## 4.4 3-K یا پری کنڈرگارٹن میں درخواست دینا

اپنے کیلنڈر پر نشان لگائیں! *(ایک پر نشان لگائیں)* **3-K/ پری کنڈرگارٹن درخواست کی آخری تاریخ ہے** ___/___/___۔

جب درخواست کا دورانیہ کھلے گا تو آپ مائی اسکولز اکاونٹ میں اپنے بچے کی درخواست تک رسائی حاصل کریں۔ آپ اس درخواست میں 12 تک پروگرام انتخابات درج کر سکتے ہیں۔

- اپنی درخواست میں انتخابات کو اپنی حقیقی ترجیح کی ترتیب میں درج کریں اپنے پہلے پروگرام انتخاب کو اوپر بطور #1 درج کریں۔ پروگراموں کو یہ معلوم نہیں ہوگا آیا وہ آپکا پہلا انتخاب تھے یا بارہواں ۔
- چند پری کنڈرگارٹن فراہم کنندگان ایک مقام پر ایک سے زیادہ پروگرام کی پیشکش کرتے ہیں—جیسے کہ دوہری زبان پروگرام—لٰہذا اپنی درخواست میں درست پروگرام شامل کرنے کو یقینی بنائیں۔
- کسی بچے کے صرف بنیادی نگران والدین یا سرپرست ان کی کنڈرگارٹن درخواست جمع کرا سکتے ہیں۔
- آخری تاریخ تک ملنے والی تمام درخواستوں پر یکساں طور پر غور کیا جائے گا۔ **جلدی درخواست دینے کا کوئی فائدہ نہیں ہے**۔ آپ اپنی درخواست پر آخری تاریخ سے پہلے کسی بھی وقت تبدیلی کرسکتے ہیں اور دوبارہ جمع کرواسکتے ہیں۔

## درخواست کس طرح دی جائے

تین میں سے کسی ایک طریقے کے ذریعے درخواست دیں:

**آن لائن MySchools پر۔** *تجویز کردہ!* درخواست کے دورانیے کے دوران، دن میں 24 گھنٹے، ہفتے کے 7 دن یہ انتخاب دستیاب ہے۔ آن لائن انگریزی، عربی، بنگلہ، چینی، ہیشین کریؤل، فرانسسی، کوریائی، روسی، ہسپانوی یا اردو میں درخواست دیں۔ **درخواست جمع کروائیں** بٹن کو کلک کرنا نہ بھولیں! جب آپ کنفیٹی confetti, دیکھیں، تو آپ کو علم ہو جائے گا کہ ہم نے آپ کے بچے کی درخواست موصول کر لی ہے!

**بذریعہ فون 718-935-2009 پر۔ ہم اس دوران دستیاب ہیں، پیر تا جمعہ: صبح 8:00 تا شام 6:00 بجے تک۔**

**بذریعہ ایک خاندانی استقبالیہ مرکز۔ اوقات اور مقامات کی جدید ترین معلومات schools.nyc.gov/FWC** پر حاصل کریں۔

بذریعہ فون یا ایک خاندانی استقبالیہ مرکز کے ذریعے درخواست دے رہے ہیں؟ ترجمانی کی خدمات 200 سے زائد زبانوں میں دستیاب ہیں: آپ اپنی زبان میں سوالات پوچھ سکتے ہیں اور داخلوں کے بارے میں معلومات کی گزارش کرسکتے ہیں۔

### وہ خاندان جو متعدد بچوں کے لیے 3-K یا پری کنڈرگارٹن میں درخواست دے رہے ہیں

اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپکے بچے ایک ہی پروگرام میں جائیں، آپ ان کے لیے ایک ہی وقت میں اپنے مائی اسکولز اکاونٹ میں درخواست دے سکتے ہیں۔ تمام بچوں کو شامل کرنے کے بعد، درخواست جمع کرواتے وقت اس بات کو درج کرنا یقینی بنائیں کہ کونسے بچے ایک سے زیادہ ہیں (جیسے جڑواں)۔

# 4.5 اپنی پیشکش موصول کریں

3-K اور پری کنڈرگارٹن پیشکشیں بہار کے موسم میں کی جاتی ہیں۔ جب پیشکشیں دستیاب ہونگی، جن خاندانوں نے درخواست دی تھی وہ اپنے نتائج مائی اسکولز میں دیکھ سکتے ہیں؛ آپ اس خط کو بذریعہ ڈاک موصول کرنے کا انتخاب بھی کرسکتے ہیں۔

**3-K درخواست دہندگان کے لیے** آپکے خط میں ایک 3-K پروگرام پیشکش شامل ہوسکتی ہے۔ چند علاقوں میں زیادہ مانگ اور محدود نشستوں کے باعث، کچھ خاندانوں کو شائد 3-K کی ایک پیشکش نہیں مل سکے گی۔

**پری کنڈرگارٹن درخواست دہندگان کے لیے** آپکے خط میں ایک پری کنڈرگارٹن پروگرام کی پیشکش شامل ہوگی۔

میرے بچے کی پیشکش ذیل کے لیے ہے ________________________________۔

اس پیشکش کو قبول کرنے کی آخری تاریخ ہے ___/___/___ *(خالی جگہ پُر کریں)*۔

## اگلے اقدامات

- **اپنے بچے کی پیشکش قبول کریں** آخری تاریخ تک۔ اس سے پروگرام میں آپکے بچے کی نشست محفوظ ہو جاتی ہے۔ آپ آن لائن اپنے مائی اسکولز اکاونٹ کے ذریعے قبول کرسکتے ہیں یا پروگرام سے براہِ راست رابطہ کرکے۔ ہم آپکی حوصلہ افزائی کریں گے کہ آپ اپنے بچے کی پیشکش کو قبول کریں اگرچہ آپ ایک منتظرین کی فہرست سے پیشکش کی توقع کررہے ہیں – ایسا کرنا بعد میں آپکے ایک منتظرین کی فہرست سے پیشکش موصول کرنے کے امکانات پر اثرانداز نہیں ہوگا۔
- **اندراج کروائیں**۔ اپنے بچے کے پروگرام سے اگلے اقدامات کے بارے میں پوچھیں اور اندراج کروانے کے لیے وقت مقرر کریں۔ اندراج کی جانچ فہرست جز **1.5** میں یہ جاننے کے لیے استعمال کریں کہ آپکو کیا فراہم کرنے کی ضرورت ہے، اور ساتھ ہی مدافعتی ٹیکوں کے مطلوبات۔

## منتظرین کی فہرستیں

پروگرامز پیشکشیں کرنے کے بعد منتظرین کی فہرستوں کو کسی بھی بقایا نشستوں کو پُر کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ آپکے 3-K یا پری کنڈرگارٹن نتائج میں ان پروگراموں کی ایک فہرست شامل ہوگی جن میں آپکا بچہ خود بخود منتظرین کی فہرست میں ہے۔

- آپکے بچے کو کسی بھی ایسے پروگرام کے لیے منتظرین کی فہرست میں خود بخود رکھا جائے گا جو آپ نے اپنے بچے کی درخواست میں اس پروگرام سے اونچے درجے پر درج کیا تھا جس میں ان کو پیشکش موصول ہوئی ہے۔
  - اگر آپ کے بچے نے آپ کے پہلے انتخاب پروگرام کی پیشکش موصول کی ہے تو وہ خود بخود کسی منتظرین کی فہرست میں نہیں ہیں۔
  - اگر آپکے بچے کو ایک 3-K پیشکش نہیں ملی، یا اگر انہیں ایک 3-K یا پری کنڈرگارٹن پیشکش ایسے پروگرام میں ملی ہے جو آپ نے انکی درخواست پر درج نہیں کیا تھا، تو آپکا بچہ انکی درخواست پر ہر پروگرام کے لیے خود بخود منتظرین کی فہرست پر ہوگا۔
- درخواست کی آخری تاریخ کے بعد (بشمول جب آپکو اپنے بچے کے نتائج مل جائیں)، آپ اپنے بچے کو اضافی پروگراموں کی منتظرین کی فہرست میں شامل کرسکتے ہیں۔ یہ اختیاری ہے، اور منتظرین کی فہرستوں کی تعداد کی کوئی حد نہیں ہے جن میں آپ شامل ہوسکتے ہیں۔
- 3-K یا پری کنڈرگارٹن کے نتائج دستیاب ہونے کے بعد، آپ مائی اسکولز اکاونٹ کو اپنے بچے کی منتظرین کی فہرست میں جگہ دیکھنے اور منتظرین کی فہرست پیشکش کو قبول یا مسترد کرنے کے لیے استعمال کرسکتے ہیں۔
- ایک پروگرام آپ سے براہِ راست رابطہ کرے گا اگر وہ آپ کے بچے کو انکی منتظرین کی فہرست سے ایک پیشکش کرنے کے قابل ہوئے۔ ذیل پر مزید جانیں **schools.nyc.gov/Waitlists**۔

**تجویز** کیا آپ موجودہ تعلیمی سال کے لیے 3-K یا پری کنڈرگارٹن کی ایک نشست تلاش کر رہے ہیں؟ آپ **MySchools.nyc** کو پروگرام کے انتخابات دیکھنے کے لیے استعمال کرسکتے ہیں، اور ایسا پروگرام تلاش کرنے میں مدد حاصل کرنے کے لیے **ESEnrollment@schools.nyc.gov** پر رابطہ کر سکتے ہیں جس میں اب نشستیں دستیاب ہیں۔ آپ اندراج کے لیے پروگراموں سے براہِ راست رابطہ بھی کر سکتے ہیں۔

# میری درخواست کے انتخابات

1 ____________________

2 ____________________

3 ____________________

4 ____________________

5 ____________________

6 ____________________

7 ____________________

8 ____________________

9 ____________________

10 ____________________

11 ____________________

12 ____________________

**MySchools.nyc** پر اپنے اسکول اور پروگرام انتخابات تلاش کریں اور درخواست دیں۔

# ایلیمنٹری اسکول
## گریڈز K–5

## کنڈرگارٹن
5 سالہ بچوں کے لیے

## قابل اور ہنرمند (G&T)
کنڈرگارٹن سے لیکر گریڈ چار کے اہل قرار دیے جانے والے بچوں کے لیے

**تجویز** ہمارے ایلیمنٹری اسکول داخلہ وڈیو سلسلے کو ذیل پر ملاحظہ کریں **schools.nyc.gov/K**! ہم آپکی رہنمائی کریں گے کہ کیسے اسکولوں کی چھان بین کریں، ایک مائی اسکولز اکاونٹ تخلیق کریں، اور درخواست دیں۔

**نیو یارک شہر پبلک اسکولوں میں نئے ہیں؟**
**ابھی ایک اسکول درکار ہے؟ یہ جاننے کے لیے کہ کیا کرنا ہے schools.nyc.gov/NewStudents پر جائیں یا 718-935-2009 پر رابطہ کریں۔**

## داخلے عمل کرنے کی جانچ فہرست

# 5.0 کنڈرگارٹن

*جب آپ اس جانچ فہرست کو استعمال کریں تو خالی جگہوں کو پُر کریں۔*

## 1 کنڈرگارٹن داخلوں کے بارے میں جانیں

☐ کنڈرگارٹن اور قابل اور ہنر مند (G&T) داخلوں کے لیے ای میل فہرستوں کے لیے یہاں سائن اپ کریں **schools.nyc.gov/SignUp**۔ ہم آپ کو اس پورے طریق کار کے دوران تازہ ترین معلومات بھیجتے رہیں گے۔

☐ اس رہنما کتابچے کو پڑھیں۔ اس سال کی درخواست کے گوشوارہ وقت اور داخلہ تقریبات کے بارے میں جدید ترین معلومات کے لیے **schools.nyc.gov/K** اور **schools.nyc.gov/GT** دیکھیں۔

☐ کنڈرگارٹن داخلہ کی ایک تقریب میں تشریف لائیں: میں ایک تقریب میں شرکت کرونگا بتاریخ___/___/___.

## 2 اسکولوں کی تحقیق کریں

☐ کنڈرگارٹن کے انتخابات، بشمول دوہری زبان اور قابل اور ہنرمند پروگراموں کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے لیے **MySchools.nyc** کو استعمال کریں۔ مائی اسکولز کو استعمال کرنے کے بارے میں ایک ٹیٹوریل کے لیے، جز **2.0** ملاحظہ کریں۔

☐ **schoolsearch.schools.nyc** پر اپنا پتہ درج کر کے یا **311** پر کال کر کے معلوم کریں کہ آپ کس اجتماعی اسکول ضلع (1-32) میں رہتے ہیں اور اگر آپ کے بچے کا کوئی زون اسکول ہے۔

☐ میرا اسکول ضلع ہے __________________ اور—*ایک انتخاب کو منتخب کریں:*

○ میرے بچے کا زون ایلیمنٹری اسکول ذیل ہے________________________.

**یا**

○ میرے بچے کے پاس زون ایلیمنٹری اسکول نہیں ہے۔

☐ اوپن ہاوسز یا دوروں میں شرکت کریں! تواریخ، اوقات اور مقامات دیکھنے کے لیے مائی اسکولز تقریبات کیلنڈر دیکھیں یا پروگراموں کی ویب سائٹس پر براہ راست جاکر جدید ترین تقریبات، وسائل اور رابطہ معلومات حاصل کریں۔

## 3 اپنے کیلنڈر پر نشان لگائیں – اور درخواست دیں!

☐ یہ جانیں کہ کنڈرگارٹن میں کس وقت درخواست دیں۔
کنڈرگارٹن درخواست کی آخری تاریخ ہے ___/___/___.

☐ آخری تاریخ تک کنڈرگارٹن میں درخواست دیں۔ آپ کس طریقے سے درخواست دینے کا منصوبہ رکھتے ہیں؟
*ایک انتخاب کو منتخب کریں:*

○ آن لائن: **MySchools.nyc**

○ بذریعہ فون: **718-935-2009**

○ ایک خاندانی استقبالیہ مرکز کے ذریعے— ذیل پر جانیں کس طرح **schools.nyc.gov/FWC**

## 4 اپنے بچے کی پیشکش موصول اور قبول کریں

☐ اپنے بچے کی کنڈرگارٹن پیشکش موصول کریں! اس پیشکش خط میں منتظرین کی فہرستوں اور اگلے مراحل کے بارے میں معلومات بھی شامل ہوگی۔

☐ میرے بچے کی کنڈرگارٹن پیشکش ذیل اسکول کے لیے ہے: ________________________.

☐ اپنی پیشکش آن لائن مائی اسکولز کے ذریعے یا اسکول سے براہِ راست رابطہ کر کے قبول کریں۔ اسکے بعد اپنے نئے اسکول کے ساتھ رجسٹر کروانے کا وقت متعین کریں۔

## 5.1 کون درخواست دے سکتا ہے؟

نیو یارک شہر میں 2019 میں پیدا ہونے والے بچوں کے تمام خاندان اس تعلیمی سال میں کنڈرگارٹن پروگراموں کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ اس عمر کے تمام بچوں کو خزاں 2024 میں ایک پبلک اسکول میں کنڈرگارٹن کی ایک نشست کی ضمانت دی جاتی ہے۔ ان میں وہ بچے شامل ہیں جو فی الوقت نیو یارک شہر ابتدائی تعلیمی مراکز (NYCEECs)، محکمئہ تعلیم پبلک اسکولوں (ضلع اسکول)، پری کنڈرگارٹن مراکز، چارٹر اسکولوں، اور نجی / مذہبی اسکولوں کے پری کنڈرگارٹن میں شرکت کررہے ہیں، اس کے ساتھ وہ بچے بھی ہیں جو پہلی بار اسکول کا آغاز کریں گے۔

**تجویز** کچھ ایلیمنٹری اسکول پری کنڈرگارٹن پروگراموں کی پیشکش کرتے ہیں؛ اگر آپ کا بچہ اس وقت ایک اسکول میں ایک پری کنڈرگارٹن پروگرام میں شرکت کررہا ہے اور آپ چاہتے ہیں کہ آپ کا بچہ ایلیمنٹری اسکول کے لیے وہیں رہے تو پھر بھی آپ کو کنڈرگارٹن میں درخواست دینے کی ضرورت ہے۔

## 5.2 ایلیمنٹری اسکولوں کی تحقیق کریں

دو قسم کے اسکول ہیں جن کو آپ اپنے بچے کی کنڈرگارٹن درخواست میں درج کر سکتے ہیں۔

### زون اسکول

نیو یارک شہر کے زیادہ تر خاندانوں کے **زون شدہ ایلیمنٹری اسکول** ہوتے ہیں۔ اگر آپکا ایک (زون) ہے اس کا مطلب ہے کہ آپ ایک مخصوص اسکول کی حدود کے علاقے میں رہتے ہیں اور آپ کے بچوں کو اس اسکول میں شرکت کرنے کے لیے ترجیح حاصل ہے۔ زیادہ تر بچے اپنے زون ایلیمنٹری اسکول میں جاتے ہیں، اور زیادہ تر زون اسکول اس علاقے کے تمام طلبا کو کنڈرگارٹن کی پیشکشیں کرتے ہیں۔ کچھ اسکولوں کے پاس ان کے زون سے باہر رہنے والے طلبا کو پیشکش کرنے کے لیے بھی جگہ ہوتی ہے۔

**تجویز** اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کا بچہ اپنے زون اسکول میں شرکت کرے تو اس کو اپنی درخواست میں شامل کریں۔ اگر یہ آپکا اولین انتخاب اسکول نہیں ہے، آپکو اسے پہلے درجے پر رکھنے کی ضرورت نہیں ہے: چاہے آپ اپنے زون شدہ اسکول کو پہلے انتخاب پر رکھیں یا بارہویں، آپکے بچے کو اس میں شرکت کی وہی ترجیح رہے گی۔

### غیر زون اسکول

**غیر زون اسکول** ان اسکولوں کا کوئی زون نہیں ہوتا ہے۔ پورے ضلع یا برو کے خاندانوں کو ان میں شرکت کی ترجیح ہے۔ بیشتر غیر زون اسکول ان طلبا کو ترجیح دیتے ہیں جن کے بڑے بھائی یا بہن اسہی اسکول میں شرکت کر رہے ہیں، جو اسکول میں موجودہ پری کنڈرگارٹن طلبا ہیں، یا جو ضلع میں رہتے ہیں۔

نیویارک شہر کے تین اضلاع —اضلاع 1، 7 اور 23— میں صرف غیر زون شدہ اسکول ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ ان اضلاع میں سے کسی ایک میں رہنے والے تمام طلبا کو اپنے ضلع کے تمام اسکولوں میں جانے کی ترجیح حاصل ہوتی ہے۔

## قابل اور ہنرمند

قابل اور ہنرمند (G&T) پروگرام ایلیمنٹری اسکول کے اہل طلبا کو سرعتی تدریس فراہم کرتے ہیں۔

اس پروگرام میں زیر غور لائے جانے کے لیے آپ کا اہل ہونا ضروری ہے۔ اگر آپ قابل اور ہنرمند (G&T) پروگراموں میں دلچسپی رکھتے ہیں، آپ انہیں اپنی کنڈرگارٹن درخواست میں دوسرے، غیر G&T پروگراموں کے ساتھ، اپنی اصل ترجیحی ترتیب میں درج کر سکتے ہیں۔ اگر آپ نے اپنی درخواست میں کم از کم ایک G&T پروگرام درج کیا ہے، اہلیت کا تعین کرنے کے لیے آپ کے بچے کی چھان بین (screening) کی جائیگی۔ G&T داخلوں کی تازہ ترین معلومات کے لیے، بشمول کون درخواست دے سکتا ہے، یہاں جائیں **schools.nyc.gov/GT**

## دوہری زبان کے پروگرام

کچھ ایلیمنٹری اسکول دوہری زبان پروگراموں کی پیشکش بھی کرتے ہیں۔ یہ پروگرام طلبا کو انگریزی اور دیگر زبان، دونوں میں تعلیم دیتے ہیں۔ ان پروگراموں کا ہدف طلبا کو دونوں زبانوں میں مطالعہ کرنے، تحریر کرنے اور بولنے کے قابل بنانا ہے۔ ایک دوہری زبان پروگرام میں درخواست دینے کے لیے، اس کو اپنے بچے کی درخواست میں شامل کریں۔ براہِ کرم توجہ کریں کہ آپ کے بچے کی درخواست میں ایک ہی اسکول میں دو پروگراموں کو دو علیحدہ انتخابات شمار کیا جائے گا۔

## میگنٹ اسکول

کچھ ایلیمنٹری اسکول میگنٹ اسکول کہلائے جاتے ہیں، جو ایک ایسا اسکول پیما نصاب فراہم کرتے ہیں جس کو ایک مخصوص موضوع کے گرد ڈیزائین کیا گیا ہے۔ ان اسکولوں کا مقصد درخواست دہندگان کی ایک متنوع آبادی کو متوجہ کرنا ہے اور ماضی میں یہ اپنے زون یا ضلع سے باہر رہنے والے طلبا کو داخلہ دیتے آئے ہیں۔ گوکہ چند اسکولوں کے نام کے ساتھ "میگنٹ" کا لفظ ہوتا ہے، صرف اس اسکول کو جو فی الحال میگنٹ اسکول امدادی پروگرام (MSAP) سرمایہ موصول کرتے ہیں اسکو **MySchools.nyc** ڈائریکٹری صفحے پر "میگنٹ اسکول" کا خطاب دیا گیا ہے۔

## خاص موسیقی اسکول (SPECIAL MUSIC SCHOOL)

ایک ایسا ایلیمنٹری اسکول ہے جو اپنے داخلے کے طریق کار کے جز کے طور پر آڈیشن کا تقاضہ کرتا ہے۔ اگر آپ نے خاص موسیقی اسکول کو اپنے بچے کی درخواست میں شامل کیا ہے تو آپ سے رابطہ کیا جائے گا اور آپ کو آڈیشن کے متعلق تفصیلات فراہم کی جائیں گی۔ مزید معلومات کے لیے براہِ مہربانی **kaufmanmusiccenter.org/sms** پر جائیں۔

## چارٹر اسکولز

چارٹر اسکول مفت پبلک اسکولز ہیں جو DOE سے علیحدہ خودمختارانہ طور پر چلائے جاتے ہیں اور یہ نیو یارک شہر کے تمام طلبا کے لیے کھلے ہیں۔ محکمئہ تعلیم پبلک اسکولوں میں درخواست دینے کے لیے اہل تمام طلبا چارٹر اسکولوں میں بھی درخواست دینے کے لیے اہل ہیں۔ چارٹر اسکولوں کا داخلے کا علیحدہ طریق کار ہوتا ہے۔ اگر آپ کنڈرگارٹن کے لیے ایک چارٹر ایلیمنٹری اسکول میں درخواست دینا چاہتے ہیں تو یہ جاننے کے لیے کہ درخواست کس طرح دیں اس اسکول سے براہ راست رابطہ کریں۔ ذیل پر مزید جانیں **schools.nyc.gov/Charters**۔

# 5.3 یہ جانیں کہ بچے پیشکشیں کیسے حاصل کرتے ہیں

بچے چار کلیدی عناصر کی بنیاد پر کنڈرگارٹن کی پیشکشیں موصول کرتے ہیں:

## آپ کی درخواست میں انتخابات

آپ اپنے بچے کی درخواست میں جتنے کنڈرگارٹن پروگراموں کو درج کریں گے **اور** آپ ان کو جس ترتیب سے درج کریں گے اس سے فرق پڑتا ہے! درخواست میں 12 تک انتخابات کو اپنی حقیقی ترجیح کی ترتیب میں درج کریں اپنے پسندیدہ انتخاب کو #1 پر درج کریں۔ ذیل میں درجِ فہرست عناصر کو مدنظر رکھتے ہوئے جہاں تک ممکن ہوگا آپ کا بچہ اس کے اعلی ترین انتخاب سے پیشکش موصول کریگا۔ چند صورتوں میں، آپ کا بچہ ایک ایسی پیشکش موصول کر سکتا ہے جس کو آپ نے ان کی درخواست میں درج نہیں کیا تھا۔

## ہر پروگرام میں نشست کی دستیابی

کنڈرگارٹن پروگرام سائز اور مانگ کے لحاظ سے مختلف ہوتے ہیں۔ ہر ایک کنڈرگارٹن پروگرام میں دستیاب نشستوں کی ایک مخصوص تعداد ہوتی ہے۔ اگر کسی پروگرام میں درخواست دہندگان کی تعداد نشستوں سے زیادہ ہوتی ہے، تو ہم ہر درخواست دہندہ کو پیشکش کرنے کے قابل نہیں ہوں گے۔ اس وقت پیشکشیں داخلہ ترجیحات اور بلاترتیب انداز میں تفویض کردہ نمبر کی بنیاد پر کی جائیں گی۔

## ہر پروگرام کی داخلے کی ترجیحات

آپ کے بچے کو دیگر کے مقابلے میں کچھ کنڈرگارٹن پروگراموں میں پیشکش حاصل کرنے کا زیادہ امکان ہے۔ کنڈرگارٹن پروگرام دیگر گروپس سے پہلے درخواست دہندگان کے مخصوص گروپس کو داخلوں میں دوسروں سے پہلے ترجیحات دیتے ہیں، جیسے کہ ان طلبا کو جنکے بھائی / بہن اس اسکول میں ہیں۔ ایک پروگرام کی داخلے کی ترجیحات اس ترتیب کا تعین کرتی ہیں جس میں درخواست دہندگان کے مخصوص گروپس کو زیر غور لایا جاتا ہے۔ کسی پروگرام کے ترجیحی گروپ 1 میں تمام درخواست دہندگان کو پیشکشوں کے لیے پہلے زیرِ غور لایا جائے گا۔ اس کے بعد، اگر اب بھی نشستیں دستیاب ہیں تو پھر اس پروگرام کے ترجیحی گروپ 2 کے طلبا کو زیرِ غور لایا جائے گا، اور اسی طرح چلتا رہے گا۔

## بلا ترتیب تفویض کردہ نمبرز

کنڈرگارٹن کے ہر ایک درخواست دہندہ کو ایک بلا ترتیب نمبر بھی تفویض کیا جاتا ہے۔ اگر کسی ترجیحی گروپ میں درخواست دہندگان کی تعداد کے مقابلے میں پروگرام میں کم نشستیں دستیاب ہوتی ہیں تو یہ بلا ترتیب نمبرز اس ترتیب کا تعین کرتے ہیں جس سے طلبا پیشکشیں حاصل کرتے ہیں۔

**تجویز** ایک مثال دیکھنے کے لیے اس رہنما کتابچہ کے **پشت کے سرورق کا اندرونی حصہ** دیکھیں!

## اپنے امکانات کو جانیں

مائی اسکولز اکاؤنٹ میں، آپ اسکول کی داخلہ ترجیحات کے بارے میں جان سکتے ہیں اور یہ کہ پچھلے سال کس نے پیشکش موصول کی تھی۔ یہ معلومات آپ کو ایک مخصوص اسکول میں آپ کے بچے کے پیشکش موصول کرنے کے امکانات جاننے میں مدد کرسکتی ہے۔

- یہ جانیں کہ آپ کا بچہ اپنی دلچسپی کے ہر ایک پروگرام کے داخلوں کے کس ترجیحاتی گروپ میں ہے۔ آپ کا بچہ مختلف پروگراموں کے لیے مختلف ترجیحی گروپس میں ہوگا۔
- ایک اسکول میں شرکت کرنے کے لیے آپ کے بچے کو جتنی اونچی ترجیح حاصل ہوگی، آپ کے بچے کا اس اسکول سے پیشکش موصول کرنے کا امکان اتنا ہی زیادہ ہو جائیگا۔
- اگر کسی اسکول نے 2023 میں طلبا کے ایک مخصوص گروپ کو پیشکشیں کی تھیں تو ہوسکتا ہے وہ اس گروپ کو دوبارہ پیشکشیں کرنے کے قابل ہوں۔

## داخلہ کی عام ترجیحات

### زون کی ترجیح

ایک زون اسکول، زون سے باہر رہنے طلبا کے مقابلے میں ان طلبا کو داخلے کے لیے ترجیح دیتے ہیں جو اس اسکول کے زون میں رہتے ہیں۔

### بھائی / بہن کی ترجیح

ایلیمنٹری اسکولز ان درخواست دہندگان کے لیے داخلوں کی ترجیحات پیش کرتے ہیں جن کے بھائی / بہن انہی اسکولوں میں شرکت کرتے ہیں۔ اگر آپ کے بچے کا ایک بڑا بھائی / بہن اس اسکول میں داخل ہے جس کو آپ نے اپنے بچے کی درخواست میں شامل کیا ہے تو اس کا اس اسکول سے ایک پیشکش موصول کرنے کا امکان زیادہ ہو سکتا ہے۔

- اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ آپ کا بچہ بھائی / بہن کی ترجیح موصول کرے درخواست دیتے وقت بھائی / بہن کی معلومات فراہم کریں۔
- **کس کو بھائی / بہن سمجھا جاتا ہے؟** داخلوں کے لیے، بھائی / بہن کی تعریف میں درخواست کنندہ کے بھائی / بہن، بشمول سوتیلے بھائی، سوتیلے بہنیں، علاتی بھائی، علاتی بہنیں، لے پالک بھائی اور لے پالک بہنیں جو ایک ہی گھر میں رہتے ہیں اور فی الحال اس اسکول کے کنڈرگارٹن تا گریڈ 12 تک رجسٹر شدہ یا مندرج ہیں اور جو ستمبر 2024 میں اس اسکول کے کنڈرگارٹن تا گریڈ 12 کے درمیان کسی بھی گریڈ سطح پر مندرج ہوں گے۔ ان میں وہ طلبا بھی شامل ہیں جو ایک ہی اسکول کی عمارت میں ضلع 75 پروگراموں میں مندرج ہیں۔

### موجودہ پری کنڈرگارٹن طلبا کی ترجیح

اگر آپ کا بچہ فی الوقت DOE پبلک ایلیمنٹری اسکول کے پری کنڈرگارٹن میں مندرج ہے تو اس کو اس اسکول کے کنڈرگارٹن میں جانے کے لیے داخلوں کی ترجیح حاصل ہو گی۔ یاد رکھیں کہ اگرچہ آپ چاہتے ہیں کہ آپکا بچہ اس اسکول میں تعلیم جاری رکھے، **آپ کو پھر بھی کنڈرگارٹن میں درخواست دینے کی ضرورت ہے۔** برائے مہربانی توجہ دیں کہ ہر ایلیمنٹری اسکول میں پری کنڈرگارٹن پروگرام نہیں ہوتا ہے۔

### ضلعی ترجیح

بیشتر ایلیمنٹری اسکول اپنے ضلع میں رہنے والے طلبا کو دیگر اضلاع میں رہنے والے طلبا پر داخلے کے لیے ترجیح دیتے ہیں۔

## داخلے کی ترجیحات

### زون اسکولوں کے لیے

زون شدہ سبھی ایلیمنٹری اسکول درج ذیل ترتیب میں طلبا کو پیشکشیں کرتے ہیں:

1. وہ طلبا جو زون میں رہتے ہیں اور ان کا ایک بھائی / بہن اسکول میں ہے
2. زون میں رہنے والے دیگر طلبا

اگر جگہ دستیاب ہو، تو زون سے باہر رہنے والے طلبا کو ذیل ترتیب میں داخل کیا جا سکتا ہے۔

3. ضلع میں رہنے والے وہ طلبا جن کا بھائی / بہن اسکول میں ہے
4. ضلع سے باہر رہنے والے وہ طلبا جن کا بھائی / بہن اسکول میں ہے
5. جو طلبا ضلع میں رہتے ہیں اور جو فی الوقت اسکول کے پری کنڈرگارٹن میں مندرج ہیں
6. جو طلبا ضلع سے باہر رہتے ہیں اور فی الوقت اسکول کے پری کنڈرگارٹن کے لیے مندرج ہیں
7. ضلع میں رہنے والے دیگر طلبا
8. ضلع سے باہر رہنے والے دیگر طلبا

### غیر زون اسکولوں کے لیے

مختلف غیر زون اسکولوں کے داخلوں کی ترجیحات مختلف ہوتی ہیں، لیکن زیادہ تر غیر زون اسکول داخلوں میں ترجیح ان طلبا کو دیتے ہیں جنکے بھائی بہن اگلے تعلیمی سال میں شرکت کرینگے، فی الحال پری کنڈرگارٹن پروگرام میں ہیں، یا جو اسی ضلع میں رہتے ہیں جس میں یہ اسکول واقع ہے۔

- آپ مائی اسکولز میں کسی بھی اسکول کے داخلوں کی ترجیحات تلاش کر سکتے ہیں اور تعین کر سکتے ہیں کہ اس اسکول کے لیے آپ کا بچہ کس ترجیحی گروپ میں ہے۔
- کچھ اضلاع – جیسے اضلاع 1، 7 اور 23 – میں ضلع کے لیے مخصوص داخلوں کی ترجیحات ہیں۔ ہر ایک اسکول کے مائی اسکولز صفحے پر مزید جانیں۔

# 5.4 کنڈرگارٹن میں درخواست دیں

اپنے کیلنڈر پر نشان لگائیں! **کنڈرگارٹن درخواست کی آخری تاریخ ہے ___/___/___** (*خالی جگہوں کو پُر کریں*)۔

جب کنڈرگارٹن کی درخواست کا دورانیہ کھلے گا، آپ اپنے مائی اسکولز اکاؤنٹ میں اپنے بچے کی درخواست تک رسائی حاصل کر سکیں گے۔ آپ اپنے بچے کی درخواست میں 12 انتخابات تک درج کرنے کے قابل ہونگے۔ اپنا پہلا انتخاب پروگرام بطور #1 درج کرنا یاد رکھیں! اس بات سے قطع نظر کہ آپ کس وقت درخواست دیتے ہیں، آخری تاریخ تک موصول ہونے والی تمام درخواستوں پر یکساں طور پر کارروائی کی جائے گی۔ جلدی درخواست دینے کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔

اگر آپ کے ایک سے زائد بچے کنڈرگارٹن کے لیے درخواست دے رہے ہیں اور آپ چاہتے ہیں کہ آپکے بچے ایک ہی اسکول میں شرکت کریں تو آپ کے پاس دونوں یا تمام بچوں کے لیے ایک ہی وقت میں درخواست دینے کا انتخاب ہو گا۔

## درخواست کس طرح دی جائے

**آخری تاریخ تک تین طریقوں میں سے ایک کے ذریعے درخواست دیں!**

**آن لائن MySchools کے ذریعے۔** *تجویز کردہ!* درخواست کے دورانیے کے دوران، دن میں 24 گھنٹے، ہفتے کے7 دنوں میں یہ انتخاب دستیاب ہے۔ آن لائن انگریزی، عربی، بنگلہ، چینی، ہیشین کریؤل، فرانسسی، کوریائی، روسی، ہسپانوی یا اردو میں درخواست دیں۔ **درخواست جمع کروائیں** بٹن کو کلک کرنا نہ بھولیں۔ جب آپ کنفیٹی **confetti**، دیکھیں، تو آپ کو علم ہو جائے گا کہ ہم نے آپ کے بچے کی درخواست موصول کر لی ہے!

**بذریعہ فون 718-935-2009 پر۔** ہم پیر تا جمعہ، صبح 8:00 تا شام 6:00 بجے تک دستیاب ہیں۔

**بذریعہ ایک خاندانی استقبالیہ مرکز۔** اوقات اور مقامات کی جدید ترین معلومات **schools.nyc.gov/FWC** پر دیکھیں۔

بذریعہ فون یا ایک خاندانی استقبالیہ مرکز کے ذریعے درخواست دے رہے ہیں؟ ترجمانی کی خدمات 200 سے زائد زبانوں میں دستیاب ہیں: آپ اپنی زبان میں سوالات پوچھ سکتے ہیں اور داخلوں کے بارے میں معلومات کی گزارش کرسکتے ہیں۔

**تجویز** آپ اپنی درخواست میں آخری تاریخ سے پہلے کسی بھی وقت تبدیلی کرسکتے ہیں۔

# 5.5 اپنی پیشکش موصول کریں

موسمِ بہار میں، آپ اپنے بچے کا کنڈر گارٹن کی پیشکش کا خط موصول کریں گے۔ آپ اس خط تک رسائی اپنے مائی اسکولز اکاونٹ میں کر سکتے ہیں؛ آپ اس خط کو بذریعہ ڈاک موصول کرنے کا بھی انتخاب کرسکتے ہیں۔ یہ خط آپکو بتائے گا کہ آپکا بچہ کنڈرگارٹن میں کہاں جائے گا، آگے کیا کریں، اور آپکا بچہ کہاں پر منتظرین کی فہرست میں درج ہے، اگر قابلِ اطلاق ہو۔

## آپکی پیشکش

میرے بچے کی کنڈرگارٹن پیشکش ____________________ کے لیے ہے، اور اس پیشکش کو قبول کرنے کی آخری تاریخ ہے ___/___/___ (*خالی جگہوں کو پُر کریں*)۔

## اگلے اقدامات

- **اپنے بچے کی پیشکش کو انکے پیشکش خط میں فراہم کردہ آخری تاریخ تک قبول کریں۔** یہ ان کے اسکول میں آپ کے بچے کی کنڈر گارٹن نشست کو محفوظ کرتی ہے۔ آپ مائی اسکولز کے ذریعے یا اسکول سے براہِ راست رابطہ کر کے اپنی پیشکش قبول کر سکتے ہیں۔ ہم آپ کی اپنے بچے کی پیشکش کو قبول کرنے کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں، اگرچہ آپ کو منتظرین کی فہرست کی ایک پیشکش کی امید ہے۔ اس پیشکش کو قبول کرنے سے آپ کے ایک منتظرین کی فہرست سے پیشکش موصول کرنے کے امکانات متاثر نہیں ہوں گے۔
- **اپنے بچے کا کنڈر گارٹن کے لیے اندراج کرائیں۔** اپنے بچے کے اسکول سے اگلے اقدامات کے بارے میں پوچھیں اور اندراج کروانے کے لیے وقت مقرر کریں۔ جز **1.5** میں **اندراج کی جانچ فہرست کو یہ جاننے کے لیے استعمال کریں کہ** آپکو اپنی پیشکش قبول کرنے کے لیے کیا فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔

## منتظرین کی فہرستیں

ایک کنڈرگارٹن پروگرام کی منتظرین کی فہرست درخواست دہندگان کی ایک فہرست ہے جنہوں نے اس پروگرام میں درخواست دی تھی لیکن اس میں ایک پیشکش موصول نہیں کی۔ اگر پروگرام میں پیشکشیں کردینے کے بعد ایک نشست دستیاب ہوجاتی ہے، یہ الیمنٹری اسکول منتظرین کی فہرست پر پہلے طالب علم کو ایک پیشکش کرسکتا ہے۔

- آپکے بچے کو کسی بھی کنڈرگارٹن پروگرام کے لیے منتظرین کی فہرست میں خود بخود رکھا جائے گا جو آپ نے اپنے بچے کی درخواست میں اس پروگرام سے اونچا درج کیا تھا جس میں ان کو پیشکش موصول ہوئی ہے۔
- درخواست کی آخری تاریخ کے بعد (بشمول جب آپکو اپنے بچے کے نتائج مل جائیں)، آپ اپنے بچے کو اضافی پروگراموں کی منتظرین کی فہرست میں شامل کرسکتے ہیں۔ یہ اختیاری ہے۔
- کنڈرگارٹن کے نتائج دستیاب ہونے کے بعد، آپ مائی اسکولز اکاونٹ کو اپنے بچے کی منتظرین کی فہرست میں جگہ دیکھنے اور منتظرین کی فہرست کی کسی پیشکش کو قبول یا مسترد کرنے کے لیے استعمال کرسکتے ہیں۔
- ایک اسکول آپ سے براہِ راست رابطہ کرے گا اگر وہ آپکے بچے کو اپنی منتظرین کی فہرست سے ایک نشست پیش کرنے کے قابل ہیں۔ مزید جانیں: **schools.nyc.gov/Waitlists**

**تجویز** وہ خاندان جنکی درخواست کی آخری تاریخ نکل گئی ہے وہ ابھی بھی اپنے بچوں کو منتظرین کی فہرست میں شامل کرسکتے ہیں۔ تمام پانچ سالہ بچوں کو ایک اسکول میں تقرری کی ضمانت دی جاتی ہے۔ تاہم، آخری تاریخ تک ایک کنڈرگارٹن درخواست جمع کروانا اپنی پسند کے ایک اسکول سے پیشکش موصول کرنے کا بہترین طریقہ ہے۔

داخلے
عمل کرنے کی
جانچ فہرست

# 6.0 قابل اورہنرمند
## گریڈز 1 سے لیکر 4 تک داخلے کے لیے

*جب آپ اس جانچ فہرست کو استعمال کریں تو خالی جگہوں کو پُر کریں۔*

## 1 قابل اور ہنر مند (G&T) داخلوں کے بارے میں جانیں۔

- ☐ قابل اور ہنر مند (G&T) داخلوں کی ای میل فہرستوں کے لیے سائن اپ کریں: **schools.nyc.gov/SignUp**۔ ہم اس پورے طریق کار کے دوران تازہ ترین معلومات بھیجتے رہیں گے۔
- ☐ اس رہنما کتابچے کو پڑھیں۔ اس سال کی درخواست کے گوشوارہ وقت اور داخلہ تقریبات کے بارے میں جدید ترین معلومات کے لیے **schools.nyc.gov/GT** ملاحظہ کریں۔
- ☐ کنڈر گارٹن داخلوں کی ایک تقریب میں تشریف لائیں: میں ایک تقریب میں شرکت کرونگا بتاریخ ___/___/___.

## 2 پروگراموں کی چھان بین کریں

- ☐ اپنے قابل اور ہنر مند انتخابات جاننے کے لیے **MySchools.nyc** کو استعمال کریں۔ مائی اسکولز کو استعمال کرنے کے بارے میں ایک ٹیٹوریل کے لیے، جز **2.0** ملاحظہ کریں۔
- ☐ اپنا پتہ یہاں درج کرکے معلوم کریں کہ آپ کس کمیونٹی اسکول ضلع (1-32) رہتے ہیں **schoolsearch.schools.nyc** یا **311** پر کال کریں۔
- ☐ میرا اسکول ضلع ہے ______________________________۔
- ☐ اوپن ہاوسز یا دوروں میں شرکت کریں! تواریخ، اوقات اور مقامات دیکھنے کے لیےمائی اسکولز تقریبات کلینڈر دیکھیں یا پروگراموں کی ویب سائٹس پر براہ راست جاکر جدید ترین تقریبات، وسائل اور رابطہ معلومات حاصل کریں۔

## 3 اپنے کیلنڈر پر نشان لگائیں – اور درخواست دیں!

- ☐ معلوم کریں کہ گریڈز 1 سے لیکر 4 تک قابل و ہنرمنر داخلوں میں کس طرح درخواست دینی چاہئیے:
  G&T درخواست کی آخری تاریخ ہے___/___/___.
- ☐ آخری تاریخ تک درخواست دیں۔ آپ کس طریقے سے درخواست دینے کا منصوبہ رکھتے ہیں؟ *ایک انتخاب کو منتخب کریں:*
  - ○ آن لائن بذریعہ **MySchools.nyc**
  - ○ ایک خاندانی استقبالیہ مرکز کے ذریعے— ذیل پر جانیں کس طرح **schools.nyc.gov/FWC**
- ☐ اہلیت کے مطلوبات کے بارے میں جدید ترین معلومات کے لیے **schools.nyc.gov/GT** پر جائیں۔

## 4 اپنے نتائج حاصل کریں اور اپنی پیشکش قبول کریں

- ☐ آپ اپنے بچے کے نتائج تک اپنے مائی اسکولز اکاونٹ میں رسائی کر سکتے ہیں۔ آپ کے نتائج میں ایک قابل و ہنرمند پروگرام کی پیشکش شامل ہوسکتی ہے، لیکن زیادہ مانگ کی وجہ سے ہوسکتا ہے ہم تمام درخواست دہندگان کو پیشکشیں نہ کرسکیں۔

## 6.1 کون درخواست دے سکتا ہے؟

**1 سے لیکر 4 گریڈز تک کے لیے قابل اور ہنرمند داخلے**

- موجودہ کنڈرگارٹن، پہلے، دوسرے اور تیسرے گریڈز کے طلبا، جو اہلیت رکھتے ہیں، وہ ستمبر 2024 کے لیے ایک پروگرام میں داخل ہونے کے لیے 2024 بہار میں درخواست دے سکتے ہیں۔

**تجویز** اگر آپ 2019 میں پیدا ہونے والے ایک بچے کے لیے کنڈرگارٹن میں قابل و ہنرمند پروگراموں کو تلاش کر رہے ہیں، آپ انکو کنڈرگارٹن کی درخواست پر درج کر سکتے ہیں۔ مزید جاننے کے لیے **جز 5.0** پر جائیں!

## 6.2 G&T پروگراموں کی تحقیق کریں

درخواست دہی کا دورانیہ کھلنے سے پہلے، آپ اپنے بچے کے لیے G&T پروگراموں کے انتخابات کی چھان بین کرنے کے لیے مائی اسکولز استعمال کرسکتے ہیں – **جز 2.2** میں مزید جانیں۔ اسکولوں اور پروگراموں کی ویب سائٹ پر جائیں یا متوقع خاندانوں کے لیے وسائل یا ورچوئل سرگرمیوں کے بارے میں جاننے کے لیے ان سے براہِ راست رابطہ کریں۔

دو قسم کے G&T پروگرام ہوتے ہیں:

### ضلعی پروگرامز

یہ پروگرامز ان طلبا کو داخلے کے لیے ترجیح دیتے ہیں جو ایک مخصوص ضلع میں رہتے ہیں۔ یہ ضلع کے اندر کے ایلیمنٹری اسکولوں میں پیش کیے جاتے ہیں، کنڈرگارٹن سے شروع اور پانچویں گریڈ میں ختم ہوتے ہیں۔

### شہرپیما G&T پروگرامز

یہ پروگرامز تمام بروز سے طلبا کو قبول کرتے ہیں، اور کسی رہائشی ضلع کو داخلوں میں ترجیح نہیں دیتے ہیں۔

موجودہ G&T طلبا جو اہل ہیں شہر پیما میں درخواست دے سکتے ہیں۔

### آپ کی درخواست کے انتخابات:

آپ اپنے بچے کی درخواست میں جو انتخابات درج کریں گے **اور** آپ ان کو جس ترتیب سے درج کریں گے اس سے فرق پڑتا ہے! اپنی درخواست میں 12 تک پروگراموں کو اپنی حقیقی ترجیح کی ترتیب میں درج کریں اپنے پہلے انتخاب کو 1# پر درج کریں۔ اس سے بہتر کوئی طریقہ نہیں ہے۔ آپ کے بچے کو داخلے کے لیے سب سے پہلے اس کے پہلے انتخاب کے لیے زیر غور لایا جائے گا۔ اگر وہ پروگرام آپکے بچے کو ایک پیشکش نہیں کرسکتا، تو انکو آپ کے دوسرے انتخاب پروگرام کے لیے زیر غور لایا جائے گا جیسے کہ یہ آپ کا پہلا انتخاب تھا، اور اسی طرح۔ محکمئہ تعلیم آپکی درخواست کے اونچے ترین ممکنہ انتخاب کے لیے ایک پیشکش کرنے کی کوشش کرے گا، ذیل کے عناصر پر منحصر۔

### ہر پروگرام میں نشست کی دستیابی

ہر ایک پروگرام میں دستیاب نشستوں کی مخصوص تعداد ہوتی ہے۔ اگر کسی پروگرام میں درخواست دہندگان کی تعداد نشستوں سے زیادہ ہوتی ہے، پیشکش کرنے کے لیے داخلے کی ترجیحات کو استعمال کیا جاتا ہے۔

### ہر پروگرام کی داخلے کی ترجیحات

درخواست دہندگان کے مختلف گروپس کو مختلف پروگراموں میں شرکت کرنے کی ترجیح حاصل ہے۔ ایک پروگرام کے اعلیٰ ترین ترجیحی گروپ میں شامل تمام درخواست دہندگان کو پیشکش کے لیے پہلے زیرِ غور لایا جاتا ہے۔ اس کے بعد بھی، اگر نشستیں دستیاب ہیں، تو اس پروگرام کے دوسرے ترجیحی گروپ میں درخواست دہندگان کو زیرِ غور لایا جائے گا، اور اسی طرح چلتا رہے گا۔ آپ پروگرام کو اپنی درخواست میں کس درجہ میں داخل کرتے ہیں اس سے پروگرام کے لیے آپ کی ترجیح متاثر نہیں ہو گی۔

### بلا ترتیب تفویض کردہ نمبرز

ہر درخواست گزار کو داخلوں کے طریقِ کار کے ایک جز کے بطور ایک بلا ترتیب عدد تفویض کردیا جاتا ہے۔ اگر کسی ترجیحی گروپ میں درخواست گزاروں کی تعداد کے مقابلے میں پروگرام میں کم نشستیں دستیاب ہیں تو ان بلا ترتیب اعداد کو اس ترتیب کا تعین کرنے میں استعمال کیا جاتا ہے جس میں سے طلبا پیشکشیں موصول کرتے ہیں۔

## 6.3 یہ جانیں کہ بچے پیشکشیں کیسےحاصل کرتے ہیں

آپ کے بچے کا کچھ پروگراموں میں داخل ہونے کا امکان دیگر پروگراموں سے بہتر ہوتا ہے۔ جب درخواست دہندگان کی تعداد دستیاب نشستوں سے زیادہ ہو جاتی ہے، ایک پروگرام تمام درخواست دہندگان کو پیشکشیں نہیں کرسکتا۔ ایسی صورتوں میں، پیشکشیں اس بنیاد پر کی جاتی ہیں کہ بچوں کے کونسے گروپ کی اس پروگرام میں شرکت کرنے کی اونچی ترین داخلہ ترجیح ہے۔

### داخلہ ترجیحات کی قسمیں

**بھائی / بہن کی ترجیح**

اگر آپ کے بچے کا بھائی / بہن ایک اسکول یا پروگرام میں شرکت کرتا ہے اور آپ اسے اپنی درخواست میں درج کرتے ہیں، انہیں اس پروگرام سے پیشکش ملنے کے زیادہ امکانات ہوتے ہیں۔

**ضلعی ترجیح**

آپکے اسکول کے ضلع (1-32) کا تعین آپکے گھر کے پتے سے ہوتا ہے۔ آپ کے بچے کو اس ضلعی اسکول کے پروگراموں میں شرکت کرنے کی ترجیح حاصل ہے جہاں آپ کا خاندان رہائش پذیر ہے۔ برائے مہربانی توجہ کریں کہ شہر پیما G&T پروگرامز ضلعی ترجیح نہیں دیتے ہیں۔

### درخواست کس طرح دی جائے

**آخری تاریخ تک دو طریقوں میں سے ایک کے ذریعے درخواست دیں:**

**آن لائن MySchools پر۔** *تجویز کردہ!* درخواست کے دورانیے کے دوران، دن میں 24 گھنٹے، ہفتے کے7 دنوں میں یہ انتخاب دستیاب ہے۔ آن لائن انگریزی، عربی، بنگلہ، چینی، ہیشین کریؤل، فرانسسی، کوریائی، روسی، ہسپانوی یا اردو میں درخواست دیں۔

**بذریعہ ایک خاندانی استقبالیہ مرکز۔** اوقات اور مقامات کی جدید ترین معلومات **schools.nyc.gov/FWC** پر دیکھیں۔

# میری درخواست کے انتخابات

1 ______________________________

2 ______________________________

3 ______________________________

4 ______________________________

5 ______________________________

6 ______________________________

7 ______________________________

8 ______________________________

9 ______________________________

10 ______________________________

11 ______________________________

12 ______________________________

**MySchools.nyc** پر اپنے اسکول اور پروگرام
انتخابات تلاش کریں اور درخواست دیں۔

# مڈل اسکول
## گریڈز 6-8



**تجویز** ہمارے مڈل اسکول داخلہ وڈیو سلسلے کو **schools.nyc.gov/MS** پر ملاحظہ کریں! ہم آپکی رہنمائی کریں گے کہ کیسے اسکولوں کی چھان بین کریں، ایک مائی اسکولز اکاونٹ تخلیق کریں، اور درخواست دیں۔

## نیو یارک شہر پبلک اسکولوں میں نئے ہیں؟

**ابھی ایک اسکول درکار ہے؟ یہ جاننے کے لیے کہ کیا کرنا ہے schools.nyc.gov/NewStudents پر جائیں یا 718-935-2009 پر رابطہ کریں۔**

داخلے
**عمل کرنے کی جانچ فہرست**

# 7.0 مڈل اسکول

*جب آپ اس جانچ فہرست کو استعمال کریں تو خالی جگھوں کو پُر کریں۔*

## 1 مڈل اسکول داخلوں کے بارے میں جانیں!

- ☐ ہماری مڈل اسکول داخلہ ای میل فہرست کے لیے سائن اپ کریں: **schools.nyc.gov/SignUp**. ہم پورے طریق کار کے دوران تازہ ترین معلومات بھیجتے رہیں گے۔
- ☐ اس رہنما کتابچے کو پڑھیں! اس سال کی درخواست کے گوشوارہ وقت اور داخلہ تقریبات کے بارے میں جدید ترین معلومات کے لیے **schools.nyc.gov/MS** ملاحظہ کریں۔
- ☐ مڈل اسکول داخلوں کے متعلق ایک تقریب میں تشریف لائیں: میں ایک تقریب میں شرکت کرونگا بتاریخ ___/___/___.

## 2 اسکولوں کی تحقیق کریں

- ☐ **MySchools.nyc** کو استعمال کریں ان پروگراموں کی نشاندہی کے لیے جن میں آپکا بچہ شرکت کرنے کا اہل ہے۔
- ☐ اپنے بچے کا اسکول ضلع (اضلاع) اور کوئی بھی زون مڈل اسکول (اسکولز) تلاش کریں:
**schoolsearch.schools.nyc** پر اپنا پتہ داخل کریں یا **311** پر کال کریں۔ میرے بچے کا الیمنٹری اسکول ذیل ضلع میں ہے____________________ ۔ میرا مڈل اسکول ضلع ____________________ ہے۔
  - ○ میرا زون مڈل اسکول (اسکولز) ________________________________________ ہے۔

    **یا**

  - ○ میرا زون اسکول نہیں ہے۔
- ☐ اوپن ہاوسز میں شرکت کریں! تواریخ، اوقات اور مقامات دیکھنے کے لیےمائی اسکولز تقریبات کلینڈر دیکھیں یا پروگراموں کی ویب سائٹس پر براہ راست جاکر جدید ترین تقریبات، وسائل اور رابطہ معلومات حاصل کریں۔

## 3 اپنا مائی اسکولز اکاونٹ بنائیں اور درخواست دیں

- ☐ یہ جانیں کہ مڈل اسکول میں کب درخواست دیں۔ درخواست کی آخری تاریخ ہے ___/___/___۔
- ☐ اپنے بچے کا استقبالیہ خط موصول کریں، جس میں ایک یگانہ مائی اسکولز اکاونٹ تخلیق کوڈ اور اس بارے میں ہدایات شامل ہیں کہ اپنے بچے کی درخواست تک کس طرح رسائی حاصل کریں۔ ایک مائی اسکولز ٹیٹوریل کے لیے جز **2.0** ملاحظہ کریں۔
- ☐ اپنے بچے کی درخواست میں اپنی حقیقی ترجیح کی ترتیب میں 12 تک پروگرام انتخابات کو شامل کریں۔ یہ جانیں کہ مخصوص پروگراموں میں درخواست دینے کے لیے آپ کو اور کیا کرنے کی ضرورت ہے، جیسے کہ ایک آڈیشن مکمل کرنا۔
- ☐ اپنے بچے کے موجودہ اسکول مشیر یا ایک خاندانی استقبالیہ مرکز کے ساتھ اپنے بچے کی درخواست میں انتخابات پر بات چیت کرنے کے لیے وقتِ ملاقات طے کریں۔
- ☐ مڈل اسکول میں آخری تاریخ تک درخواست دیں۔ آپ کس طریقے سے درخواست دینے کا منصوبہ رکھتے ہیں؟ *ایک انتخاب کو منتخب کریں:*
  - ○ آن لائن: **MySchools.nyc**
  - ○ اپنے بچے کے **موجودہ اسکول مشیر کے ذریعے**
  - ○ خاندانی استقبالیہ مرکز کے ذریعے – ذیل پر جانیں کس طرح **schools.nyc.gov/FWC**

## 4 اپنے بچے کی پیشکش موصول کریں۔

- ☐ آپکے پیشکش کے خط میں شامل ہوگا آپکے بچے کے مڈل اسکول کی پیشکش، منتظرین کی فہرست کے بارے میں معلومات، اور کوئی اگلے اقدامات۔ میرے بچے کی مڈل اسکول کی پیشکش ____________________ کے لیے ہے۔

## 7.1 کون درخواست دے سکتا ہے؟

نیویارک شہر طلبا محکمئہ تعلیم پبلک مڈل اسکولوں میں ایک مڈل اسکول کی درخواست پانچویں گریڈ میں یا انکے ایلمنٹری اسکول کے آخری سال میں، اگر مختلف ہو، جمع کروا کر درخواست دیتے ہیں۔*

درخواست دینے کے لیے، آپکے بچے کے لیے لازمی ہے کہ وہ

1. نیویارک شہر کے رہائشی ہوں اور
2. ایک موجودہ پانچویں گریڈ کا طالب علم ہوں یا، اگر انکا ایلمنٹری اسکول چھٹے گریڈ میں ختم ہوتا ہو، ایک موجودہ چھٹے گریڈ کا طالب علم ہو۔

*ضلع 3 میں رہنے والے یا اسکول جانے والے چوتھے گریڈ کے موجودہ طلبا Center School (03M243) کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ کوئینز میں رہنے والے یا اسکول جانے والے چوتھے گریڈ کے موجودہ طلبا Louis Armstrong Middle School (30Q227) کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ چھٹے گریڈ کے تمام موجودہ طلبا Baccalaureate School for Global Education (30Q580) کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔

## 7.2 مڈل اسکولوں کی تحقیق کریں

کچھ مڈل اسکولوں میں ایک سے زیادہ پروگرام ہوتے ہیں، جیسے کہ ایک عام تعلیم پروگرام اور ایک دوہری زبان ہسپانوی پروگرام۔ اگر آپ ایک ہی اسکول میں ایک سے زیادہ پروگراموں میں درخواست دینے میں دلچسپی رکھتے ہیں، ہر پروگرام آپکے بچے کی درخواست پر بطور ایک علحیدہ انتخاب کے شمار کیا جاتا ہے۔ آپ 12 تک پروگراموں میں درخواست دے سکتے ہیں۔

### اہلیت کے مطلوبات

جب آپ اپنے بچے کے مڈل اسکول انتخابات کی تحقیق کریں گے، یہ جاننا اہم ہے کہ وہ کن پروگراموں میں درخواست دینے اور، اگر وہ ایک پیشکش موصول کریں تو اس میں شرکت کرنے کے اہل ہیں۔ جب آپ اپنے MySchools اکاؤنٹ میں لاگ اِن ہوں گے آپ ہر اس پروگرام کے ان تمام انتخابات کو دیکھیں گے جن میں آپ کا بچہ شرکت کرنے کا اہل ہے اور یہ وہ پروگرام ہیں جو آپ انکی درخواست میں شامل کرسکتے ہیں۔ مائی اسکولز کے صفحے پر درج، ایک پروگرام کی اہلیت کے مطلوبات آپ کو بتاتے ہیں کہ کون اس میں درخواست دے سکتا ہے۔ مثال کے طور پر، اگر ایک پروگرام کی اہلیت "ضلع 27 کے طلبا اور مکینوں کے لیے کھلا" ہے اس کا مطلب ہے کہ صرف ضلع 27 کے رہائشی یا اسکے پبلک ایلمنٹری اسکولوں میں شرکت کرنے والے طلبا درخواست دے سکتے ہیں۔ وہ طلبا جو دیگر اضلاع میں رہتے ہیں یا اسکول جاتے ہیں وہ اس پروگرام میں درخواست دینے کے اہل نہیں ہیں، اور اسے اپنی درخواست میں شامل کرنے کے قابل نہیں ہوں گے۔

زیادہ تر پروگراموں میں اہلیت کی تین میں سے ایک قسمیں ہیں: ضلع، برو پیما، یا شہر پیما۔

**ضلعی پروگرامز ضلع کے طلبا اور مکینوں کے لیے کھلے ہیں**
آپ کا بچہ ان پروگراموں کے لیے درخواست دے سکتا ہے جو اس ضلع میں واقع ہیں جس کے مڈل اسکولوں کے لیے آپ کا خاندان زون شدہ ہے اور، اگر مختلف ہو، اس ضلع میں جس میں آپ کا بچہ پبلک ایلمنٹری اسکول میں شرکت کرتا ہے۔ بعض اوقات خاندان اپنے زون شدہ ایلمنٹری اسکول ضلع سے مختلف ضلع کے مڈل اسکول کے لیے زون شدہ ہوتے ہیں۔ ایسی صورتوں میں، مڈل اسکول کا زون آپکے بچے کی اہلیت کا تعین کرے گا۔

کچھ ضلعی پروگرامز تمام طلبا کے لیے کھلے ہوتے ہیں جو اس ضلع میں رہتے یا اسکول جاتے ہیں؛ دیگر پروگراموں کے زیادہ مخصوص اہلیت کے مطلوبات ہوتے ہیں۔ اگر ایک پروگرام کی اہلیت "زون میں رہنے والے طلبا کے لیے کھلا" ہے، اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ ان درخواست دہندگان کے لیے کھلا ہے جو ( بڑے ضلع کے بجائے) اس اسکول کے گرد چھوٹے جغرافیائی علاقے میں رہتے ہیں۔

**بَرو پیما پروگرامز اس برو کے طلبا اور مکینوں کے لیے کھلے ہیں**
یہ پروگرامز ان تمام طلبا کے لیے کھلے ہیں جو ایک خاص برو میں رہتے یا فی الوقت ایلمنٹری اسکول جاتے ہیں۔ مثلاً، برونکس میں رہنے والے تمام طلبا کو برونکس کے تمام مڈل اسکولوں میں برو پیما اہلیت حاصل ہے۔

**شہر پیما پروگرامز نیویارک شہر کے تمام مکینوں کے لیے کھلے ہیں**
یہ پروگرام شہر بھر میں تمام مڈل اسکول درخواست دہندگان کے لیے کھلے ہیں۔ کچھ شہرپیما مڈل اسکول طلبا سے داخلوں کے طریقِ کار کے ایک جز کے بطور آڈیشن کا مطالبہ کرسکتے ہیں - یہاں مزید جانیں **schools.nyc.gov/MS**

## پروگرام کی خصوصیات

جب ایکبار آپ کو معلوم ہوجائے کہ آپکا بچہ کن پروگراموں میں درخواست دے سکتا ہے، اب انکے بارے میں مزید جاننے کا وقت ہے! اسکو زیرِ غور لائیں جو آپکے لیے اہم ہے— یہ مقام، پیش کردہ زبانیں، ایک کھیلوں کی ٹیم، یا رسائی ہوسکتے ہیں۔ مائی اسکولز کو پروگراموں کی تلاش اور چھان بین کے لیے کس طرح استعمال کریں اس کے بارے میں ایک ٹیٹوریل کے لیے جز **2.0** ملاحظہ کریں۔

## چارٹر اسکولز

چارٹر اسکول مفت پبلک اسکولز ہیں جو DOE سے علیحدہ خودمختارانہ طور پر چلائے جاتے ہیں اور یہ نیو یارک شہر کے تمام طلبا کے لیے کھلے ہیں۔ محکمئہ تعلیم پبلک مڈل اسکولوں میں درخواست دینے کے اہل تمام طلبا چارٹر مڈل اسکولوں میں بھی درخواست دینے کے لیے اہل ہیں۔ چارٹر اسکولوں کا داخلوں کا علیحدہ طریق کار ہوتا ہے۔ اگر آپ ایک چارٹر اسکول میں درخواست دینا چاہتے ہیں تو درخواست دینے کے بارے میں جاننے کے لیے اس اسکول سے براہ راست رابطہ کریں۔ ذیل پر مزید جانیں: **schools.nyc.gov/Charters**

# 7.3 یہ جانیں کہ طلبا پیشکشیں کیسے حاصل کرتے ہیں

آپ ایک مخصوص پروگرام سے پیشکش موصول کرنے کے لیے اپنے امکانات کس طرح جان سکتے ہیں؟ اور اپنی درخواست پر ایک پروگرام سے پیشکش موصول کرنے کے لیے آپ اپنے امکانات میں کس طرح اضافہ کر سکتے ہیں؟ آغاز کرتے وقت یہ جاننا مددگار ہوتا ہے کہ پیشکشیں کس طرح کی جاتی ہیں۔ طلبا پروگراموں کی پیشکشیں **چار کلیدی عناصر** کی بنیاد پر موصول کرتے ہیں۔

## آپ کی درخواست میں انتخابات

آپ کا بچہ کہاں مڈل اسکول میں جائے گا یہ تعین کرنے کا سب سے اہم عنصر یہ ہے کہ آپ ان کی درخواست کو کس طرح مکمل کرتے ہیں۔ یہ آپکے بچے کے لیے آپکی ترجیح کے اسکول سے پیشکش موصول کرنے کا بہترین موقع ہے، اس لیے سوچ سمجھ کر انتخاب کرنا یقینی بنائیں۔

- اپنے انتخابات میں سے، 12 تک ایسے پروگراموں کو منتخب کریں جن میں آپ کا بچہ شرکت کرنا چاہتا ہے اور انہیں اپنے بچے کی درخواست میں شامل کریں۔ زیادہ انتخابات کو درج کرنے سے آپ کے اپنے انتخابات میں سے ایک پیشکش موصول کرنے کے امکانات بڑھ جاتے ہیں؛ اس سے آپ کے لیے اپنے اولین پسند کے کسی پروگرام سے پیشکش موصول کرنے کا امکان کم **نہیں** ہوتا ہے۔ آپ کے لیے اپنے اعلی انتخاب سے پیشکش موصول کرنے کا امکان ایک جیسا رہتا ہے چاہے آپ صرف اس انتخاب کو شامل کریں یا اس کے نیچے گیارہ اضافی انتخابات کو درج کریں۔
- پروگراموں کو اپنی درخواست میں اپنی حقیقی ترجیح کی ترتیب میں درج کرنے کو یقینی بنائیں، اپنے بچے کے پہلے انتخاب کو بطور #1، ان کے دوسرے انتخاب کو بطور #2 اور اسی طرح۔ آپ کے بچے کو سب سے پہلے اس کے پہلے انتخاب کے لیے زیر غور لایا جائے گا۔ اگر آپ کا بچہ اپنے پہلے انتخاب کے لیے ایک پیشکش موصول نہیں کرتا ہے تو ان کو ان کے دوسرے انتخاب کے لیے زیر غور لایا جائے گا جیسے کہ یہ ان کا پہلا انتخاب تھا، اور اسی طرح۔ اس حصے میں بیان کیے گئے دیگر عناصر کو مدنظر رکھتے ہوئے جہاں تک ممکن ہو گا ان کو ان کے اعلی ترین انتخاب سے پیشکش موصول ہو گی۔ مڈل اسکول نہیں دیکھِ سکیں گے کہ آپ نے انکو کس ترتیب میں رکھا ہے اور ان کو یہ علم نہیں ہوتا ہے کہ وہ آپ کا پہلا انتخاب تھے یا بارہواں۔

## ہر پروگرام کی نشست کی دستیابی

**نشستیں اور مانگ**۔ ہر ایک مڈل اسکول میں درخواست دہندگان کے لیے نشستوں کی مخصوص تعداد ہوتی ہے۔ مائی اسکولز کے داخلوں کے جز میں یہ معلوم کریں کہ پچھلے سال آنے والے طلبا کے لیے کتنی جگہیں (نشستیں) تھیں اور کتنے طلبا (درخواست دہندگان) نے ان نشستوں کے لیے درخواست دی تھی۔ ہر ایک دستیاب نشست کے لیے کتنے افراد نے درخواست دی تھی (درخواست دہندگان فی نشست) کے ذریعے آپ یہ جان سکتے ہیں ایک پروگرام کی کتنی مانگ تھی – درخواست دہندگان کی فی نشست بڑی تعداد کا مطلب ہے کہ اس کی زیادہ مانگ ہے۔

**نشست گروپس**۔ صرف داخلوں کے مقاصد کے لیے، ہر پروگرام عام تعلیم کے طلبا اور معذوریوں کے حامل طلبا کو دو مختلف گروپس میں داخل کرتا ہے۔ آپ کے مڈل اسکول کی درخواست آپ کی تعیناتی ظاہر کرے گی۔ آپ اس کو منتخب نہیں کرتے ہیں۔

### عام تعلیم طلبا (GE)

- ان طلبا کے لیے جن کے انفرادی تعلیمی پروگرام (IEPs) نہیں ہیں
- ان طلبا کے لیے جنکے IEPs صرف متعلقہ خدمات تجویز کرتے ہیں، یا انکے موجودہ IEPs انکے تعلیمی پروگرام کے 20% یا کم کے لیے خاص تعلیم تدریسی پروگرامنگ* تجویز کرتے ہیں

### معذوری کے حامل طلبا (SWD)

ان طلبا کے لیے جن کے موجودہ IEP کی نشان دہی کے مطابق ان کے تعلیمی پروگرام کے 20% سے زیادہ کے لیے خاص تعلیم تدریس پروگرامنگ* کی تجویز کی جاتی ہے

## ہر پروگرام کی داخلے کی ترجیحات

ایک پروگرام کی داخلے کی ترجیحات یہ تعین کرتی ہیں کہ کونسے درخواست دہندگان پیشکشیں دوسروں سے پہلے موصول کریں گے۔ ایک سے زیادہ داخلے کی ترجیح والے ایک پروگرام کے لیے، درخواست دہندگان کو پیشکشوں کے لیے گروپس میں زیرِ غور لایا جاتا ہے، ترجیحی گروپ کی ترتیب میں۔

- ترجیحی گروپ 1 میں تمام طلبا کو پہلے زیرِ غور لایا جائے گا۔
- اگر نشستیں باقی رہتی ہیں، تو پھر ترجیحی گروپ 2 میں طلبا کو زیرِ غور لایا جائے گا، اور اسی طرح چلتا رہے گا۔

داخلہ ترجیحات کو صرف اس صورت میں استعمال کیا جاتا ہے اگر پروگرام میں درخواست دہندگان کی تعداد دستیاب نشستوں سے زیادہ ہو۔ آپ  کسی بھی پروگرام کی داخلے کی ترجیحات اسکے مائی اسکولز صفحے پر دیکھ سکتے ہیں۔ جب آپ اپنے اکاونٹ میں لاگ اِن ہونگے، آپ ہر پروگرام کے لیے اپنے بچے کا ترجیح گروپ بھی دیکھ سکتے ہیں۔ جب آپ اپنے مڈل اسکول انتخابات کی تحقیق کریں گے، یہ دیکھیں کہ آپ کا بچہ اپنی دلچسپی کے ہر ایک پروگرام میں داخلے کے کس ترجیحی گروپ میں ہے۔ پروگراموں کی داخلے کی مختلف ترجیحات ہوتی ہیں، اور آپکا بچہ مختلف پروگراموں کے لیے مختلف ترجیحی گروپس میں ہوگا۔

**تجویز** کچھ ایسے پروگراموں میں درخواست دیں جہاں آپ کا بچہ ترجیحی گروپ 1 میں ہے۔

## داخلے کی عام ترجیحات

### بھائی / بہن کی ترجیح

**جن اسکولوں میں حتمی سال گریڈ 8 ہے،** مڈل اسکول کے وہ درخواست دہندگان جن کے بہن / بھائی فی الوقت چھٹے یا ساتویں گریڈ میں ہیں ان کو اپنے بہن / بھائی کے اسکول میں شرکت کرنے کے لیے ترجیح دی جائے گی۔ اگر اس اسکول میں چھوٹے گریڈز ہیں (مثلاً، گریڈز K–8)، مڈل اسکول کے درخواست دہندگان جنکے بہن / بھائی فی الوقت کنڈرگارٹن، پہلے، دوسرے، تیسرے، چوتھے، یا پانچویں، چھٹے، یا ساتویں گریڈ میں ہیں انہیں اپنے بہن / بھائی کے اسکول میں شرکت کرنے میں ترجیح ملے گی۔ **بارہویں گریڈ تک جاری رہنے والے اسکولوں میں،** وہ درخواست دہندگان جن کے بہن / بھائی فی الوقت چھٹے، ساتویں، آٹھویں، نویں، دسویں یا گیارہویں گریڈ میں ہیں ان کو اپنے بہن / بھائی کے اسکول میں شرکت کرنے کے لیے ترجیح دی جائے گی۔ یہ ترجیح صرف ایسے اسکولوں میں ہوتی ہے جہاں داخلوں کا ایک کھلا طریقہ ہے۔ اگلے جز میں مزید جانیں،

### تعلیم جاری رکھنے والے گریڈ 5 کے طلبا کو ترجیح

جو طلبا فی الوقت ایک ایسے اسکول میں جاتے ہیں جو 8 یا 12 گریڈ تک جاری رہتے ہیں ان کو اپنے اسکول کے مڈل اسکول پروگرام میں ایک پیشکش کی ضمانت دی جاتی ہے اگر وہ اس کو اپنی درخواست میں شامل کرتے ہیں۔ اپنی ضمانت کو قائم رکھنے کے لیے آپ کو اپنے بچے کے تعلیم جاری رکھنے والے اسکول کی درجہ بندی پہلے انتخاب کے طور پر کرنا ضروری **نہیں** ہے، لیکن آپ کو اسے اپنی درخواست میں شامل کرنا ضروری ہے۔

### ضلع (یا برو) کے طلبا اور مکینوں کو ترجیح

طلبا کو جہاں وہ رہتے اور / یا جہاں وہ پبلک اسکول میں جاتے ہیں اس بنیاد پر کچھ پروگراموں میں شرکت کی ترجیح ہوسکتی ہے۔ اگر ایک طالب علم مختلف بروز یا اضلاع میں رہتا اور پبلک اسکول جاتا ہے تو اس طالب علم کو دونوں جگہ ترجیح حاصل ہو گی۔

**زون کے مکینوں کو ترجیح**

جو طلبا ایک مڈل اسکول کے لیے زون شدہ ہیں وہ اس اسکول کے زون پروگرام میں شرکت کرنے کے لیے ترجیح رکھتے ہیں۔ یہ ترجیح حاصل کرنے کے لیے، اپنے زون شدہ پروگرام (پروگراموں) کو اپنے بچے کی درخواست میں شامل کریں۔ یہ ترجیح حاصل کرنے کے لیے آپ کو اپنے زون شدہ پروگرام کو اپنے پہلے انتخاب کے طور پر درجہ بند کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

**مفت یا رعایتی قیمت پر لنچ (FRL) کی اہلیت رکھنے والے درخواست دہندگان کو 50% تک نشستوں کے لیے ترجیح**

یہ داخلوں میں تنوع (DIA) ترجیح کی ایک مثال ہے۔ اس صورت میں، جن درخواست دہندگان کے اہل خانہ آمدنی کے مخصوص مطلوبات کی تکمیل کرتے ہیں ان کو اس پروگرام کی 50% فیصد نشستوں کے لیے داخلوں کی ترجیح حاصل ہے۔

## داخلے کا طریقِ کار

داخلے کے طریق کار وہ طریقے ہیں جن کے ذریعے پروگرام طلبا کو پیشکش کرتے ہیں۔ ذیل میں مڈل اسکول داخلوں کے لیے داخلہ طریقِ کار ہیں:

**کھلا:** طلبا کو بلاترتیب انداز میں منتخب کیا جاتا ہے۔

**چھان بین کردہ:** طلبا کو انکے تعلیمی ریکارڈ کی بنیاد پر منتخب کیا جاتا ہے۔

**آڈیشن:** طلبا کو انکے ایک آڈیشن میں اسکور کی بنیاد پر منتخب کیا جاتا ہے۔

**لسانی معیار:** طلبا کو انکی گھریلو زبان ، اور / یا انگریزی کی تعلیم کی حیثیت کی بنیاد پر منتخب کیا جاتا ہے۔

**زون:** اگر انکا پتہ اس اسکول کے زون کا ایک حصہ ہے طلبا درخواست دے سکتے ہیں۔

داخلوں کے طریقِ کار کے بارے میں مزید جاننے کے لیے، **schools.nyc.gov/MS** پر جائیں۔

**تجویز** اسکی ایک مثال دیکھنے کے لیے کہ درخواست دہندگان نشست کی دستیابی، داخلوں کی ترجیحات اور بلاترتیب نمبروں کی بنیاد پر کسی پروگرام میں پیشکشیں کیسے موصول کرتے ہیں، **اس رہنما کتابچے کے پشت کے سرورق کے اندر دیکھیں۔**

# 7.4 مڈل اسکول میں درخواست دینا

- **موجودہ پبلک اسکول طلبا کے لیے:** آپ کے بچے کا استقبالیہ خط آپکی رہنمائی کرے گا کہ کیسے اپنا مائی اسکولز اکاؤنٹ بنائیں اور انکی درخواست تک رسائی حاصل کریں۔ آپکے بچے کا موجودہ اسکول مشیر داخلے کے پورے طریق کار میں آپکی مدد کرسکتا ہے۔
- **موجودہ نجی یا مذہبی اسکول کے طلبا کے لیے:** اگر آپ محکمئہ تعلیم کے مڈل اسکولوں میں درخواست دینا چاہتے ہیں، ہمارے خاندانی استقبالیہ مرکز کا عملہ آپکی اپنا مائی اسکولز اکاؤنٹ ترتیب دینے اور آغاز کرنے میں مدد کے لیے موجود ہے۔

## درخواست کس طرح دی جائے؟

اپنے کیلنڈر پر نشان لگائیں! **مڈل اسکول درخواست کی آخری تاریخ ہے** ___/___/___ (خالی جگہوں کو پُر کریں).

اس سے پہلے کہ آپ درخواست دیں، یہ جانچ کرنا یقینی بنائیں کہ آیا آپ کی درخواست میں شامل مخصوص پروگراموں کے اضافی مطلوبات ہیں، جیسے کہ آڈیشن، اور ان کو فراہم کردہ آخری تاریخ تک مکمل کریں۔

آخری تاریخ تک تین طریقوں میں سے ایک کے ذریعے درخواست دیں:

**آن لائن MySchools میں۔** ***تجویز کردہ!*** درخواست کے دورانیے کے دوران، دن میں 24 گھنٹے، ہفتے کے 7 دنوں میں یہ انتخاب دستیاب ہے۔ آن لائن انگریزی، عربی، بنگلہ، چینی، فرانسسی، ہیشین کریؤل، کوریائی، روسی، ہسپانوی اور اردو میں درخواست دیں۔ **درخواست جمع کروائیں** بٹن کو کلک کرنا نہ بھولیں۔ جب آپ کنفیٹی **confetti** دیکھیں، تو آپ کو علم ہو جائے گا کہ ہم نے آپ کے بچے کی درخواست موصول کر لی ہے!

**اپنے بچے کے موجودہ اسکول مشیر کے ذریعے۔** ایک اسکول مشیر سے بات کریں – وہ آپکی درخواست جمع کروانے میں مدد کرسکتے ہیں۔

**ایک خاندانی استقبالیہ مرکز کے ذریعے۔** ہمارے اوقات کار اور مقامات کی جدید ترین معلومات **schools.nyc.gov/FWC** پر تلاش کریں۔ ترجمانی کی خدمات 200 سے زائد زبانوں میں دستیاب ہیں—آپ اپنی زبان میں سوالات پوچھ سکتے ہیں اور داخلوں کے بارے میں معلومات کی گزارش کرسکتے ہیں۔

# 7.5 اپنی پیشکش موصول کریں

آپکے بچے کے مڈل اسکول کے پیشکش خط میں خزاں 2024 کے لیے محکمئہ تعلیم پبلک مڈل اسکول کے لیے ایک پیشکش شامل ہوگی۔ اس میں منتظرین کی فہرستوں اور اگلے مراحل کے بارے میں معلومات بھی شامل ہونگی۔ منتظرین کی فہرست میں جدید ترین معلومات کے لیے **schools.nyc.gov/Waitlists** پر جائیں۔

## منتظرین کی فہرستیں

ایک مڈل اسکول پروگرام کی منتظرین کی فہرست درخواست دہندگان کی ایک فہرست ہے جنہوں نے اس پروگرام میں درخواست دی تھی لیکن اس میں شرکت کی ایک پیشکش موصول نہیں کی۔ اگر پروگرام میں پیشکشیں کردینے کے بعد ایک نشست دستیاب ہوجاتی ہے، اسکول اس پروگرام کی منتظرین کی فہرست پر پہلے طالب علم کو ایک پیشکش کرسکتا ہے۔

- آپکے بچے کو کسی بھی پروگرام کے لیے منتظرین کی فہرست میں خود بخود رکھا جائے گا جو آپ نے اپنے بچے کی درخواست میں اس پروگرام سے اونچا درج کیا تھا جس میں ان کو پیشکش موصول ہوئی ہے۔ مثال کے طور پر، اگر آپ کے بچے نے اس پروگرام میں شرکت کی پیشکش موصول کی ہے جس کو آپ نے انکی درخواست میں تیسرے درجے پر درج کیا تھا تو ان کو خود کار طور پر آپ کے پہلے اور دوسرے انتخاب والے پروگراموں کی منتظرین کی فہرست میں شامل کر دیا جائے گا۔
- جب منتظرین کی فہرستیں کھلتی ہیں، (پیشکشیں بھیج دینے کے بعد)، آپ کے پاس اپنے بچے کو اضافی منتظرین کی فہرستوں میں شامل کرنے کا انتخاب ہوگا۔
- جب منتظرین کی فہرستیں کھلی ہوئی ہوں، آپ اپنے بچے کو منتظرین کی فہرست میں شامل کرنے کے لیے، اپنے بچے کی منتظرین کی فہرست میں جگہ دیکھنے اور منتظرین کی فہرست کی کسی پیشکش کو قبول یا مسترد کرنے کے لیے اپنے مائی اسکولز اکاؤنٹ کو استعمال کرسکتے ہیں۔ منتظرین کی فہرست کی پیشکشوں کو نشستوں کی دستیابی، داخلہ ترجیحات، اور داخلہ طریق کار کی بنیاد پر کیا جاتا ہے آپ کے نشست گروپ کے مطابق۔
- اگر ایک اسکول آپکو منتظرین کی فہرست پیشکش کرسکتا ہے، وہ آپ سے براہِ راست رابطہ کریں گے، اور آپ کے پاس اس پیشکش کو قبول یا مسترد کرنے کے لیے تقریباً ایک ہفتہ ہوگا۔

# میری درخواست کے انتخابات

1 ______________________________

2 ______________________________

3 ______________________________

4 ______________________________

5 ______________________________

6 ______________________________

7 ______________________________

8 ______________________________

9 ______________________________

10 ______________________________

11 ______________________________

12 ______________________________

**MySchools.nyc** پر اپنے اسکول اور پروگرام
انتخابات تلاش کریں اور درخواست دیں۔

# ہائی اسکول
## گریڈز 9-12

نیویارک شہر میں نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم (DOE) پبلک ہائی اسکول کے لیے دو طریقے ہیں، اور آپ دونوں اختیار کر سکتے ہیں!

### ☐ ایک ہائی اسکول درخواست جمع کروائیں

+400 ہائی اسکولوں میں +700 پروگراموں میں سے منتخب کریں۔ آپ اپنی انفرادی درخواست کے ساتھ 12 تک پروگراموں میں درخواست دے سکتے ہیں۔

### ☐ متخصص ہائی اسکول داخلوں میں حصہ لیں

- **8 امتحان دینے والے متخصص ہائی اسکول:** ان اسکولوں میں سے کسی میں / سب میں درخواست دینے کے لیے متخصص ہائی اسکول داخلہ امتحان (SHSAT) کے لیے رجسٹر کروائیں اور امتحان دیں۔
- **1 آڈیشن متخصص ہائی اسکول:** آڈیشن کے لیے اندراج کرائیں، اسکے بعد فیوریلو ایچ۔ لگوارڈیا ہائی اسکول آف میوزک اینڈ آرٹ اینڈ پرفارمنگ آرٹس کے 1 تا 6 پروگراموں میں درخواست دینے کے لیے آڈیشن دیں۔

**تجویز** ہمارے داخلہ وڈیو سلسلے کو **schools.nyc.gov/HS** پر ملاحظہ کریں! ہم آپکی رہنمائی کریں گے کہ کیسے پروگراموں کی تحقیق کریں، ایک مائی اسکولز اکاونٹ تخلیق کریں، اور درخواست دیں۔

## نیو یارک شہر پبلک اسکولوں میں نئے ہیں؟

**ابھی ایک اسکول درکار ہے؟ یہ جاننے کے لیے کہ کیا کرنا ہے schools.nyc.gov/NewStudents پر جائیں یا 718-935-2009 پر رابطہ کریں۔**

داخلے
**عمل کرنے کی**
**جانچ فہرست**

# 8.0 ہائی اسکول اور متخصص ہائی اسکول

*جب آپ اس جانچ فہرست کو استعمال کریں تو خالی جگہوں کو پُر کریں۔*

## 1 ہائی اسکول داخلوں کے بارے میں جانیں

- ☐ اس رہنما کتابچے کو پڑھیں! تازہ ترین معلومات کے لیے **schools.nyc.gov/HS** اور **schools.nyc.gov/SHS** پر جائیں۔
- ☐ **schools.nyc.gov/SignUp** پر ہماری ہائی اسکول داخلہ ای میل فہرست کے لیے سائن اپ کریں۔ ہم آپکو اس سال داخلوں کے گوشوارہ وقت اور تقریبات کے بارے میں جدید معلومات اور یاد دہانیاں بھیجیں گے۔
- ☐ داخلوں کی تقریبات کے بارے میں ہماری ویب سائٹ پر جانیں۔ میں ایک تقریب میں شرکت کرونگا بتاریخ ___/___/___۔

## 2 اسکولوں اور پروگراموں کی تحقیق کریں

- ☐ پروگرام کے انتخابات کی تحقیق کے لیے **MySchools.nyc** کا استعمال کریں۔ مائی اسکولز کو کیسے استعمال کرتے ہیں اسکے بارے میں ایک ٹیٹوریل کے لیے، سیکشن **2.0** دیکھیں۔
- ☐ اپنے خاندان کے ساتھ ہائی اسکول کے انتخابات پر بات کریں! اپنے پسندیدہ پروگراموں کی فہرست تیار کرنا شروع کریں۔
- ☐ اپنے ہائی اسکول انتخابات پر بات چیت کرنے کے لیے اپنے بچے کے اسکول مشیر سے وقتِ ملاقات لیں۔
- ☐ اوپن ہاوسز میں شرکت کریں! تواریخ، اوقات اور مقامات دیکھنے کے لیےمائی اسکولز تقریبات کلینڈر دیکھیں یا پروگراموں کی ویب سائٹس پر براہ راست جاکر جدید ترین تقریبات، وسائل اور رابطہ معلومات حاصل کریں۔

## 3 اپنا مائی اسکولز اکاونٹ بنائیں اور اپنے بچے کو شامل کریں۔

## 4 ہائی اسکول میں درخواست دیں

- ☐ یہ معلوم کریں کہ ہائی اسکول میں کب درخواست دینا ہے: درخواست دینے کی آخری تاریخ ___/___/___۔
- ☐ اپنی درخواست میں اپنی حقیقی ترجیح کی ترتیب میں 12پروگرام شامل کریں۔ جز **8.3** میں معلوم کریں کہ ایک متوازن درخواست کس طرح جمع کروائی جاتی ہے!
- ☐ ہائی اسکول میں آخری تاریخ تک درخواست دیں۔ آپ کس طریقے سے درخواست دینے کا منصوبہ رکھتے ہیں؟ *ایک انتخاب کو منتخب کریں:*
  - ○ آن لائن: **MySchools.nyc**
  - ○ اپنے اسکول مشیر یا ایک خاندانی استقبالیہ مرکز کے ذریعے (**schools.nyc.gov/FWC**)
- ☐ کسی بھی اضافی مطلوبات کی تکمیل کریں، جیسے کہ ایک آڈیشن۔

**اور / یا**

### متخصص ہائی اسکولز

- ☐ متخصص ہائی اسکول داخلہ امتحان (SHSAT) اور / یا لگوارڈیا ہائی اسکول آڈیشن کے لیے آخری تاریخ تک اندراج کریں۔ لگوارڈیا آڈیشنز کے لیے اندراج کروائیں بتاریخ ___/___/___، اور / یا SHSAT کے لیے اندراج کروائیں بتاریخ ___/___/___۔

آپ کس طرح اندراج کروانے کا منصوبہ رکھتے ہیں؟
*ایک انتخاب کو منتخب کریں:*

- ○ اس پر آن لائن **MySchools.nyc**
- ○ اپنے اسکول مشیر یا ایک خاندانی استقبالیہ مرکز کے ذریعے **(schools.nyc.gov/FWC)**
- ☐ SHSAT کے لیے اور / یا آڈیشن کے لیے تیاری کریں – ذیل پر معلوم کریں کہ کیسے **schools.nyc.gov/SHS**۔
- ☐ SHAST اور / یا آڈیشن دیں۔ جب آپ اندراج کروالیں، ہم ان تفصیلات کی تصدیق کریں گے کہ آپ کیسے اور کہاں امتحان اور / یا آڈیشن دیں گے۔

## 5 اپنی پیشکش کا خط موصول کریں

☐ اس خط میں کوئی ہائی اسکول پیشکش (پیشکشیں) اور متخصص ہائی اسکول نتائج شامل ہونگے، اگر قابلِ اطلاق ہو، اور ساتھ ہی منتظرین کی فہرست کے بارے میں معلومات اور اگلے اقدامات۔

**تجویز** ہمارا ہائی اسکول داخلے وڈیو سلسلہ **schools.nyc.gov/HS** پر اور ہماری متخصص ہائی اسکول وڈیوز **schools.nyc.gov/SHS** پر ملاحظہ کریں۔ ہم آپکی رہنمائی کریں گے کہ کیسے اسکولوں اور پروگراموں کی چھان بین کریں، ایک مائی اسکولز اکاونٹ تخلیق کریں، اور درخواست دیں۔

ہائی اسکول وڈیوز

متخصص ہائی اسکول وڈیوز

# 8.1 کون درخواست دے سکتا ہے؟

نیویارک شہر میں، ہائی اسکول میں درخواست دینے کے لیے اور / یا متخصص ہائی اسکول داخلوں دونوں میں حصہ لینے کے لیے لازمی ہے کہ آپ:

- نیویارک شہر کے رہائشی ہوں اور
- ایک موجودہ آٹھویں گریڈ یا نویں گریڈ کے طالب علم ہوں جو نواں گریڈ دوبرا نہیں رہا ہے۔

# 8.2 ہائی اسکولوں اور پروگراموں کی تحقیق کریں

نیویارک شہر میں، آپکے پاس سینکڑوں ہائی اسکول انتخابات ہیں، اور آپ شہر بھر میں پروگراموں میں درخواست دے سکتے ہیں۔

جب آپ تحقیق کرنا شروع کریں، اسکو زیرِ غور لائیں جو آپکے لیے سب سے زیادہ اہم ہے – یہ مقام، پیش کردہ زبانیں، AP کورسز، ایک خاص دلچسپی کا شعبہ, کھیلوں کی ایک ٹیم یا رسائی ہوسکتا ہے۔

- **سارا سال،** کوئی بھی مائی اسکولز پبلک ڈائریکٹری میں اسکولوں اور پروگراموں کو تلاش کرسکتا ہے: **MySchools.nyc/schools/high-school**۔
- **اپنا استقبالیہ خط موصول کرنے کے بعد،** آپ اپنی انفرادی تلاش تک رسائی حاصل کرنے اور اپنے پسندیدہ پروگراموں کو محفوظ کرنے کے لیے اپنے **MySchools.nyc** اکاؤنٹ میں لاگ اِن کرسکتے ہیں۔ جب درخواستیں کھلیں گی، آپ اپنی درخواست میں پروگراموں کو شامل کرنا شروع کرسکتے ہیں۔
- **متخصص ہائی اسکول** ایک علیحدہ داخلوں کا طریق کار استعمال کرتے ہیں اور آپکی ہائی اسکول درخواست میں شامل نہیں کیے جاسکتے— جز **8.0** اور **8.5-8.6** دیکھیں۔

## ہائی اسکولوں کی قسمیں

کچھ ہائی اسکول خاص طالب علم گروپس کے لیے نشستیں مخصوص رکھتے ہیں، ان طلبا کو خدمات پیش کرتے ہیں جو اس ملک میں نئے ہیں، طلبا اور خاندانوں کے لیے اضافی خدمات کی پیشکش کرتے ہیں، یا طلبا کے لیے کالج کریڈٹس حاصل کرنے اور/ یا کام کا تجربہ حاصل کرنے کے مواقع فراہم کرتے ہیں۔ آپ ان ہائی اسکول کے انتخابات کے بارے میں – بشمول طرزِ معاش اور تکنیکی تعلیم پروگرامز، ارلی کالج اسکولز، اور کمیونٹی اسکولز محکمہ تعلیم کی ویب سائٹ پر (**schools.nyc.gov**)اور مائی اسکولز میں مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

## ہائی اسکول پروگرامز

جب آپ ہائی اسکول میں درخواست دیتے ہیں، آپ دراصل پروگراموں میں درخواست دیتے ہیں۔ پروگراموں کو ایک اسکول میں داخلے کے ایک طریقےکے طور پر تصور کریں۔ اگر ایک اسکول کے پاس متعدد پروگرام ہیں، آپ اس اسکول میں ایک سے زائد پروگراموں کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر، ایک اسکول میں ایک فلم / وڈیو پروگرام اور ایک ٹکنالوجی پروگرام ہو سکتا ہے؛ اگر آپ فلم اور کمپیوٹر سائنس دونوں میں دلچسپی رکھتے ہیں تو آپ ایک ہی اسکول میں دونوں پروگراموں کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ یہ آپ کی درخواست میں دو مختلف پروگرام انتخابات شمار کیے جائیں گے۔

کچھ پروگرامز ان طلبا کے لیے علحیدہ نشستیں رکھتے ہیں جو اگلے سال دسواں گریڈ شروع کررہے ہیں؛ اگر آپ فی الوقت پہلی بار گریڈ نو کے طالب علم ہیں، آپ ان پروگراموں میں درخواست دے سکتے ہیں۔

ہر اسکول کے مائی اسکولز ڈائریکٹری صفحے میں پروگرام کی معلومات شامل ہوتی ہیں۔ اپنی دلچسپی کے پروگراموں کو تلاش کرنے کے لیے ان جزیات کا جائزہ لیں۔ پروگرام کی معلومات ایک مخصوص پروگرام سے آپ کو ایک پیشکش موصول ہونے کے امکانات معلوم کرنے میں بھی آپ کی مدد کر سکتی ہیں۔ مائی اسکولز کو کس طرح استعمال کریں اس کے بارے میں ایک ٹیٹوریل دیکھنے کے لیے جز **2.0** ملاحظہ کریں۔

تمام پروگرام ایک وسیع لبرل آرٹس تعلیم پیش کرتے ہیں، اور سب میں مضامین کے ایک وسیع دائرے پر محیط کورسز شامل ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ، زیادہ تر پروگرام دو تک دلچسپی کے شعبوں پر توجہ مرکوز رکھتے ہیں، جیسے آرکیٹیکچر یا سائنس اور ریاضی، اور وہ اس مضمون یا شعبے میں مزید کورسز پیش کرسکتے ہیں۔ سب نہیں لیکن کئی پروگراموں کے دلچسپی کے شعبے ان کے نام کا حصہ بھی ہیں۔

**اسکول ذیل کے 21 دلچسپی کے شعبوں میں پروگرامز پیش کرتے ہیں:**

| | | |
|---|---|---|
| حیواناتی سائنس | ماحولیاتی سائنس | پرفارمنگ آرٹس |
| تعمیرات | فلم / وڈیو | پرفارمنگ آرٹس / بصری فنون اور ڈیزائن |
| کاروبار | صحت سے متعلقہ پیشے | پروجیکٹ پر مبنی تعلیم |
| ابلاغ | مہمان نوازی، سفر، اور سیاحت | سائنس اور ریاضی |
| کمپیوٹر سائنس اور ٹیکنالوجی | ہیومینیٹیز اور انٹرڈسپلینری | تدریس |
| کوزمیٹالوجی | JROTC | بصری فنون اور ڈیزائن |
| کلنری آرٹس | قانون اور حکومت | |
| انجینئرنگ | | |

### اسکولز اور پروگرام اہلیت کے مطلوبات

کچھ اسکولز یا پروگرامز صرف ان طلبا کے لیے کھلے ہوتے ہیں جو انگریزی کے علاوہ دوسری گھریلو زبان بولتے ہیں یا جو اہلیت کے دیگر مطلوبات کی تکمیل کرتے ہیں۔ مثلاً، ایک پروگرام کی اہلیت ہوسکتی ہے "نیویارک شہر کے صرف ان مکینوں کے لیے کھلا ہے جنکی گھریلو زبان ہسپانوی ہے"۔ اسکا مطلب ہے کہ صرف وہ طلبا جنکی گھریلو زبان ہسپانوی ہے اس پروگرام کو اپنی درخواست پر درج کرسکتے ہیں۔

برائے مہربانی توجہ کریں کہ ایک پروگرام کے بڑے اسکول کے مقابلے میں زیادہ مخصوص اہلیت کے مطلوبات ہوسکتے ہیں۔ اگر کوئی اہلیت درج نہیں ہیں تو تمام طلبا درخواست دے سکتے ہیں۔

### چارٹر ہائی اسکولز

چارٹر اسکول ایسے مفت پبلک ہائی اسکول ہیں جو نیو یارک شہر کے تمام طلبا کے لیے کھلے ہیں اور یہ محکمئہ تعلیم سے علحیدہ خود مختار انداز میں کام کرتے ہیں۔ محکمئہ تعلیم پبلک ہائی اسکولوں میں درخواست دینے کے لیے اہل تمام طلبا چارٹر اسکولوں میں بھی درخواست دینے کے اہل ہیں۔ چارٹر اسکولوں کا ایک علحیدہ داخلوں کا طریق کار ہوتا ہے – آپ انہیں اپنی ہائی اسکول درخواست میں شامل نہیں کرسکتے۔ اگر آپ ایک چارٹر ہائی اسکول میں درخواست دینا چاہتے ہیں تو درخواست دینے کے بارے میں جاننے کے لیے اس اسکول سے براہ راست رابطہ کریں۔ مزید معلومات کے لیے یہ ملاحظہ کریں **schools.nyc.gov/Charters**

## 8.3 یہ معلوم کریں کہ طلبا پیشکشیں کیسے حاصل کرتے ہیں

ایک مخصوص ہائی اسکول پروگرام سے پیشکش موصول کرنے کے لیے آپ اپنے امکانات کس طرح جان سکتے ہیں؟ آغاز کرتے وقت یہ جاننا مددگار ہوتا ہے کہ پیشکشیں کس طرح کی جاتی ہیں۔ طلبا پروگراموں کی پیشکشیں چار کلیدی عناصر کی بنیاد پر موصول کرتے ہیں – انکے بارے میں جاننا دلچسپی کے ہر پروگرام میں آپکے ایک پیشکش موصول کرنے کے امکانات کے بارے میں جاننے میں مدد کرسکتا ہے۔ یہ کس طرح کام کرتا ہے اسکی ایک مثال کے لیے، **اس رہنما کتابچے کی پشت کا سرورق** دیکھیں۔

### آپ کی درخواست میں انتخابات

آپ اپنی درخواست میں پروگراموں کے جتنے انتخابات درج کریں گے اور آپ ان کو جس ترتیب سے درج کریں گے اس سے فرق پڑتا ہے۔ مزید پُرمعنی انتخابات شامل کرنے سے آپ کے لیے اپنے پسند کے ایک پروگرام سے پیشکش موصول کرنے کے امکانات میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ یہ سمجھنے کے لیے کہ ایک متوازن درخواست کیسے بنتی ہے، پہلے ان چار عناصر کے بارے میں پڑھیں، پھر **متوازن درخواست کی چانچ فہرست**° *[اس جز کے اختتام پر دیکھیں]* کو بطور رہنمائی استعمال کریں۔

آپ کے پہلے انتخاب، یا آپکی درخواست پر کسی بھی پروگرام کی ایک پیشکش ملنے کی ضمانت کا کوئی طریقہ نہیں ہے۔ اپنی درخواست سے ایک پیشکش موصول کرنے اور اس سے مطمئین ہونے کا بہترین طریقہ 12 پروگراموں (اس سے کم نہیں) میں درخواست دینا ہے، جن میں سے کسی ایک میں بھی جانے سے آپ خوش ہونگے۔ انتخاب کرنے کے لیے 700 سے زیادہ پروگرام انتخابات کے ساتھ، ہم آپکو مختلف انواع کے پروگراموں کی تحقیق کرنے کی دعوت دیتے ہیں۔

- اپنی درخواست میں مزید پُرمعنی انتخابات شامل کرنے سے آپ کے لیے اپنی پسند کے ایک پروگرام سے پیشکش موصول کرنے کے امکانات میں اضافہ ہو جاتا ہے۔
- مزید انتخابات شامل کرنا آپکے اپنی پسند کے پروگرام سے پیشکش موصول کرنے کے امکانات کو نقصان **نہیں** پہنچاتا ہے؛ تاہم، 12 سے کم انتخابات کو درج کرنا آپ کی اپنے پسند کے ایک پروگرام سے پیشکش موصول کرنے کے امکانات کو کم کرتا ہے۔

- پروگراموں کو اپنی درخواست پر اپنی حقیقی ترجیح کی ترتیب میں درج کریں، اپنے پہلے انتخاب کو سب سے اوپر #1 پر درج کریں۔ اس سے بہتر کوئی حکمت عملی نہیں ہے! آپ کو سب سے پہلے آپ کے پہلے انتخاب کے لیے زیر غور لایا جائے گا۔ اگر آپ اپنے پہلے انتخاب کے لیے ایک پیشکش موصول نہیں کرتے ہیں تو آپکو آپ کے دوسرے انتخاب کے لیے زیر غور لایا جائے گا جیسے کہ یہ آپ کا پہلا انتخاب تھا، اور اسی طرح۔ ہائی اسکول آپ کی درخواست کے انتخابات کی ترتیب کو نہیں دیکھ سکتے ہیں، اس لیے ان کو یہ علم نہیں ہوتا ہے کہ وہ آپ کا پہلا انتخاب ہیں یا بارہواں ۔

## ہر پروگرام کی نشست کی دستیابی

داخلوں کے مقاصد کے لیے، ہر ہائی اسکول پروگرام طلبا کو دو نشستوں کے گروپس میں داخل کرتا ہے: عام تعلیم طلبا اور معذوری کے حامل طلبا۔ آپ کی درخواست آپ کا درجہ ظاہر کرے گی – اس کا انتخاب آپ نہیں کر سکتے۔

### نشست گروپس

**عام تعلیم طلبا (GE)**

- ان طلبا کے لیے جن کے پاس IEPs نہیں ہیں
- ان طلبا کے لیے جنکے IEPs صرف متعلقہ خدمات تجویز کرتے ہیں، یا انکے موجودہ IEPs انکے تعلیمی پروگرام کے 20% یا کم کے لیے خاص تعلیم تدریسی پروگرامنگ* تجویز کرتے ہیں

**معذوری کے حامل طلبا (SWD)**

- ان طلبا کے لیے جنکے موجودہ IEP کی نشان دہی کے مطابق ان کے تعلیمی پروگرام کے 20% سے زیادہ کے لیے خاص تعلیم پروگرامنگ* کی تجویز کی جاتی ہے

*خاص تعلیم تدریسی پروگرامنگ میں ہم آہنگ باہمی تدریس (ICT) کلاسیں، خاص کلاس (SC)، اور خاص تعلیم استاد معاونتی خدمات (SETSS) شامل ہیں۔ مطابقت پذیر جسمانی تعلیم (APE) اور متعلقہ خدمات، جیسے گویائی، ذہنی/جسمانی ورزش سے علاج (OT)، اور جسمانی علاج (PT) کو ہائی اسکول داخلہ مقاصد کے لیے خاص تعلیم تدریس پروگرامنگ تصور نہیں کیا جاتا ہے۔
504 منصوبے رکھنے والے طلبا، معذوری کے حامل طلبا کی نشستوں کے مستحق نہیں ہیں اگر ان کا ایک ایسا IEP نہیں ہے جو یہ بھی تجویز کرتا ہو کہ طالب علم اپنے تعلیمی پروگرام میں 20% سے زیادہ خاص تعلیم تدریسی پروگرامنگ موصول کرے۔

### نشستیں اور مانگ

ہر ایک ہائی اسکول پروگرام میں درخواست دہندگان کے لیے نشستوں کی مخصوص تعداد ہوتی ہے۔ مائی اسکولز کے داخلوں کے جز میں آپ یہ معلوم کرسکتے ہیں کہ پچھلے سال کتنی جگہیں (نشستیں) دستیاب تھیں اور کُل کتنے طلبا نے ان نشستوں کے لیے درخواست دی تھی (درخواست دہندگان)۔ ہر دستیاب نشست کے لیے کتنے افراد نے درخواست دی تھی (درخواست دہندگان فی نشست) اسکے ذریعے یہ جانیں کہ کسی پروگرام کی کتنی مانگ تھی۔ یہ نوٹ کریں کہ تمام اعداد و شمار گزشتہ سال سے ہیں۔

ایک پروگرام کے درخواست دہندگان فی نشست دکھاتے ہیں کہ وہ پروگرام پچھلے سال کتنا مانگ میں یا مقبول تھا۔ یہ معلومات آپ کو اس پروگرام میں آپ کے پیشکش موصول کرنے کے امکانات جاننے میں مدد کرسکتی ہے۔

- اگر ایک پروگرام کے تین یا زائد فی نشست درخواست دہندگان ہیں تو اس کی مانگ اعلیٰ ہے۔ تمام درخواست دہندگان کے تین یا زیادہ درخواست دہندگان فی نشست والے پروگرام سے پیشکش موصول کرنے کے امکانات کم ہیں۔
- اگر ایک پروگرام میں دو فی نشست درخواست دہندگان ہیں تو اس کی مانگ اوسط ہے۔ اپنی پیشکش موصول کرنے کے امکانات کا تعین کرنے کے لیے مزید عناصر کو زیرِغور لائیں۔

- اگر ایک پروگرام میں ایک فی نشست درخواست دہندگان ہیں تو اس کی مانگ کم تر ہے۔ زیادہ تر صورتوں میں، آپکو اس پروگرام سے پیشکش ملنے کے اونچے امکانات ہیں، لیکن اپنے امکانات کا تعین کرنے کے لیے مزید عناصر پر غور کریں۔ پروگرام کی اہلیت کی وضاحت اور پروگرام کے لیے آپکے ترجیح گروپ کی جانچ کرنے کو یقینی بنائیں۔

## ہر پروگرام کی داخلے کی ترجیحات

کچھ پروگرامز درخواست دہندگان کے خاص گروپس کو دوسروں کے مقابلے میں ترجیح دیتے ہیں۔ اگر ایک پروگرام کے داخلے کی متعدد ترجیحات ہیں تو درخواست دہندگان کو گروپس میں زیر غور لایا جاتا ہے۔ ایک پروگرام کی داخلے کی ترجیحات اس ترتیب کا تعین کرتی ہیں جس کے مطابق ان گروپس کو ہر پروگرام کے لیے پیشکش کرنے کے لیے زیر غور لایا جاتا ہے۔

- ترجیحی گروپ 1 میں تمام درخواست دہندگان کو پہلے زیرِ غور لایا جائے گا۔
- اگر اب بھی نشستیں دستیاب ہیں، تو ترجیحی گروپ 2 میں درخواست دہندگان کو زیرِ غور لایا جائے گا۔

### جاری رہنے والے پروگرامز

جو طلبا فی الوقت ایک ایسے اسکول میں جاتے ہیں جو بارہویں (12) گریڈ تک جاری رہتے ہیں ان کو اس ہائی اسکول میں ایک پروگرام میں پیشکش کی ضمانت دی جاتی ہے اگر یہ اس کو اپنی درخواست میں شامل کرتے ہیں۔ طلبا کو ان کی درخواست پر درج کسی بھی پروگرام کے لیے پہلے زیرِ غور لایا جاتا ہے جو انہوں نے اپنے جاری اسکول سے اوپر درج کیے تھے۔ اپنی ضمانت کو قائم رکھنے کے لیے آپ کو اپنے بچے کی تعلیم جاری رکھنے والے اسکول کی درجہ بندی پہلے انتخاب کے طور پر کرنا ضروری **نہیں** ہے، لیکن آپ کو اسے اپنی درخواست میں شامل کرنا ضروری ہے۔

### داخلوں میں تنوع (DIA)

کچھ پروگرامز نشستوں میں ایک مخصوص فیصد کے لیے ان طلبا کو ترجیح دیتے ہیں جو انگریزی زبان متعلمین (ELLs) ہیں، کم آمدنی ہے، یا جو دیگر معیارات کی تکمیل کرتے ہیں۔ وہ اسکول جو فی الحال DIAs میں حصہ لے رہے ہیں **schools.nyc.gov/DiversityAdmissions** پر درج ہیں۔ آپ کسی بھی پروگرام کی داخلے کی مخصوص ترجیحات اسکے مائی اسکولز صفحے پر دیکھ سکتے ہیں۔

## داخلے کے طریقِ کار

داخلے کے طریق کار وہ طریقے ہیں جن کے ذریعے پروگرام طلبا کو پیشکش کرتے ہیں؛ یہ اس بات کی وضاحت بھی کرتے ہیں کہ آپ کو ایک پروگرام کے لیے زیر غور لائے جانے کے لیے کیا کرنے کی ضرورت ہے۔ زیادہ تر صورتوں میں، آپ کو صرف پروگرام کو اپنی درخواست میں درج کرنے کی ضرورت ہے۔ HS داخلے کے مختلف طریق کار ہیں:

**کھلا:** طلبا کو بلاترتیب انداز میں منتخب کیا جاتا ہے۔

**تعلیمی اختیار (.Ed. Opt):** طلبا کو اونچے، درمیانے اور نچلے کارکردگی گروپس میں رکھا جاتا ہے تاکہ تعلیمی تنوع کو برقرار رکھا جا سکے اور اسکے بعد بلاترتیب منتخب کیے جاتے ہیں۔

**چھان بین کردہ:** طلبا کو انکے تعلیمی ریکارڈ کی بنیاد پر منتخب کیا جاتا ہے۔

**تشخیص کے ساتھ چھان بین کردہ:** طلبا کو انکے تعلیمی ریکارڈ کی پیمائش کردہ اوسط اور اس اسکول کے داخلے امتحان کے اسکور کی بنیاد پر منتخب کیا جاتا ہے۔

**چھان بین کردہ: لسانی / تعلیمیات:** طلبا کو بنیادی طور پر انکی گھریلو زبان ، اور / یا انگریزی زبان کی تعلیم کی حیثیت کی بنیاد پر زیر غور لایا جاتا ہے۔

**آڈیشن:** طلبا کو انکے ایک آڈیشن میں اسکور کی بنیاد پر منتخب کیا جاتا ہے۔

**زون:** طلبا کو اس بنیاد پر زیر غور لایا جاتا ہے اگر انکا پتہ اس اسکول کے زون کا ایک حصہ ہے۔

**اس رہنما کتابچے کے پشت کے سرورق کے اندر** اور **schools.nyc.gov/HowAdmissionsWorks** پر مزید جانیں۔ کسی مخصوص پروگرام کے داخلہ طریقِ کار اور انتخاب کے معیار کے بارے میں جدید ترین معلومات اسکے مائی اسکولز صفحے پر دیکھیں۔

## متوازن درخواست کی جانچ فہرست

اپنی درخواست جمع کرانے سے قبل، اس جانچ فہرست کو استعمال کریں اور یقینی بنائیں کہ آپکی درخواست میں یہ شامل ہیں ...

- ☐ **12 پروگرام انتخابات** اپنی دلچسپی کے زیادہ پروگرام ڈھونڈنا اور انہیں اپنی درخواست میں شامل کرنا آپکی پسند کے پروگرام سے ایک پیشکش موصول کرنے کے امکان کو بڑھاتا ہے۔
- ☐ **آپکے پروگرام انتخابات آپکی حقیقی ترجیح کی ترتیب میں۔** ہمیشہ پروگراموں کو اپنی درخواست پر اپنی حقیقی ترجیح کی ترتیب میں درج کریں، اپنے پہلے انتخاب کو سب سے اوپر #1 پر درج کریں۔ اس سے بہتر کوئی حکمت عملی نہیں ہے!
- ☐ **صرف زیادہ مانگ والے پروگرامز ہی نہیں۔** کسی پروگرام میں فی نشست کم درخواست گزاروں کا مطلب اس میں ایک پیشکش موصول کرنے کا زیادہ امکان ہے۔
- ☐ **کچھ پروگرامز جن میں آپ ترجیحی گروپ 1 میں ہیں۔** کسی پروگرام کے پہلے ترجیحی گروپ میں ہونے کا مطلب اس میں ایک پیشکش ملنے کا اونچا امکان ہے۔
- ☐ **داخلوں کے طریقِ کار کا ایک امتزاج** اگر آپ کسی چھان بین یا آڈیشن والے پروگراموں میں درخواست دے رہے ہیں، کچھ ایسے پروگراموں کو شامل کرنا بھی یقینی بنائیں جو داخلوں کے دیگر طریقِئہ کار استعمال کرتے ہیں۔

## 8.4 ہائی اسکول میں درخواست دینا

- **موجودہ پبلک اسکول طلبا کے لیے:** آپ کے بچے کا استقبالیہ خط آپکی رہنمائی کرے گا کہ کیسے اپنا مائی اسکولز اکاؤنٹ بنائیں اور انکی درخواست تک رسائی حاصل کریں۔ آپ کا موجودہ اسکول مشیر داخلے کے مکمل طریق کار میں آپکی مدد کرسکتا ہے۔
- **موجودہ نجی یا مذہبی اسکول کے طلبا کے لیے:** اگر آپ محکمئہ تعلیم کے ہائی اسکولوں میں درخواست دینا چاہتے ہیں، ہمارے خاندانی استقبالیہ مرکز کا عملہ آپکی اپنا مائی اسکولز اکاونٹ ترتیب دینے اور آغاز کرنے میں مدد کے لیے موجود ہے— اگلے صفحے پر دیکھیں کہ ہم سے کس طرح رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

12 پروگراموں میں درخواست دینا اور انہیں اپنی حقیقی ترجیحی ترتیب میں درج کرنا یقینی بنائیں، اپنے پسندیدہ پروگرام کو بطور #1 کے ساتھ۔

## درخواست کس طرح دی جائے؟

اپنے کیلنڈر پر نشان لگائیں! **ہائی اسکول درخواست کی آخری تاریخ ہے ___/___/___** (*خالی جگہوں کو پُر کریں*)۔ آخری تاریخ تک تین طریقوں میں سے ایک کے ذریعے درخواست دیں:

**آن لائن MySchools میں**۔ *تجویز کردہ!* درخواست کے دورانیے کے دوران، دن میں 24 گھنٹے، ہفتے کے 7 دنوں میں یہ انتخاب دستیاب ہے۔ آن لائن انگریزی، عربی، بنگلہ، چینی، فرانسسی، ہیشین کریؤل، کوریائی، روسی، ہسپانوی یا اردو میں درخواست دیں۔ **درخواست جمع کروائیں** بٹن کو کلک کرنا نہ بھولیں۔ جب آپ کنفیٹی **confetti** دیکھیں، تو آپ کو علم ہو جائے گا کہ ہم نے آپ کے بچے کی درخواست موصول کر لی ہے!

**اپنے موجودہ اسکول مشیر کے ذریعے**۔ آپکے اسکول مشیر آپکی درخواست جمع کروانے میں مدد کرسکتے ہیں۔

**بذریعہ ایک خاندانی استقبالیہ مرکز**۔ جز **1.3** میں اور **schools.nyc.gov/FWC** پر مزید جانئیے۔ ترجمانی کی خدمات 200 سے زائد زبانوں میں دستیاب ہیں: آپ اپنی زبان میں سوالات پوچھ سکتے ہیں اور داخلوں کے بارے میں معلومات کی گزارش کرسکتے ہیں۔

**یاد دہانی:** متخصص ہائی اسکولوں اور چارٹر اسکولوں کا ایک علحیدہ داخلوں کا طریق ہائے کار ہوتا ہے - آپ انہیں اپنی ہائی اسکول درخواست میں شامل نہیں کرسکتے۔

## کسی چھان بین یا آڈیشن والے پروگرامز میں درخواست دے رہے ہیں؟

یہ جانچ کرنا یقینی بنائیں کہ آیا آپ کی درخواست میں شامل مخصوص پروگراموں کے اضافی مطلوبات ہیں، جیسے کہ آڈیشنز، اور ان کو فراہم کردہ آخری تاریخ تک مکمل کریں۔

# متخصص ہائی اسکول داخلوں میں حصہ لیں

نیو یارک شہر میں نو متخصص ہائی اسکول ہیں۔ ان اسکولوں کا ہائی اسکول درخواست دہی سے مختلف داخلوں کا طریقِ کار ہوتا ہے۔ آپ متخصص ہائی اسکولوں میں سے ایک میں آڈیشن کے ذریعے اور ان میں سے آٹھ تک اسکولوں میں متخصص ہائی اسکول داخلہ امتحان (SHSAT) لے کر درخواست دے سکتے ہیں۔

## ایک آڈیشن والا متخصص ہائی اسکول - درخواست دینے کے لیے آڈیشن دیں

اندراج اور آڈیشن کے دورانیے میں، آپ فیوریلو ایچ۔ لگوارڈیا ہائی اسکول آف میوزک اینڈ آرٹ اینڈ پرفارمنگ آرٹس (لگوارڈیا) میں آڈیشن کے لیے اندراج کرا کر اور پھر ایک پورٹ فولیو جمع کرا کر اور / یا ہنر کے ایک شعبے کے لیے چھ تک فنون کے مختلف پروگراموں میں آڈیشن کرکے درخواست دے سکتے ہیں:

| | | |
|---|---|---|
| فنونِ لطیفہ اور بصری فنون | سازینہ موسیقی | ڈرامہ |
| صوتی موسیقی | رقص | تکنیکی تھیٹر |

لگوارڈیا ہائی اسکول طلبا کے تعلیمی ریکارڈز کو بھی زیرِغور لاتا ہے۔ لگوارڈیا پروگراموں کے درخواست دہندگان کو SHSAT لینے کی ضرورت نہیں ہے؛ یہ امتحان لگوارڈیا میں پیشکشیں کرنے کے لیے استعمال نہیں کیا جاتا ہے۔

یہ جاننے کے لیے ذیل پر جائیں **schools.nyc.gov/SHS** :

- کب اور کیسے اندراج کرائیں اور آڈیشن دیں۔
- ہر شعبے میں آڈیشن کے لیے کیسے تیاری کریں۔

## آٹھ امتحان دینے والے متخصص ہائی اسکولز— درخواست دینے کے لیے SHSAT دیں

اندراج اور امتحان کے دورانیوں میں، آپ کسی / تمام دیگر متخصص ہائی اسکولوں کے لیے مندرج ہوکر اور پھر متخصص ہائی اسکول داخلہ امتحان (SHSAT) دے کر درخواست دے سکتے ہیں۔ اس طریقے میں یہ نشاندہی کرنا بھی شامل ہے کہ آپ ان میں سے کن اسکولوں میں جانا چاہتے ہیں، آپکی حقیقی ترجیحی ترتیب میں:

- The Bronx High School of Science
- The Brooklyn Latin School
- Brooklyn Technical High School
- High School for Mathematics, Science and Engineering at City College of New York
- High School of American Studies at Lehman College
- Queens High School for the Sciences at York College
- Staten Island Technical High School
- Stuyvesant High School

یہ جاننے کے لیے ذیل پر جائیں **schools.nyc.gov/SHS**

- کیسے، کب اور کہاں SHSAT کے لیے مندرج ہوں اور امتحان دیں۔
- مشقی امتحانات تلاش کریں اور امتحان کے بارے میں معلومات حاصل کریں۔ SHSAT کے لیے امتحانی سہولیات کے بارے میں جاننے کے لیے ذیل پر جائیں: **schools.nyc.gov/SHS**
- یہ جانیں کہ اپنے امتحان والے دن کیا توقع کریں اور کیا لائیں۔

## 8.6 اپنی پیشکش موصول کریں

### پیشکشیں

آپکے ہائی اسکول پیشکش خط میں کوئی ہائی اسکول پیشکش (پیشکشیں) شامل ہوگی، بشمول، اگر قابل اطلاق ہو، متخصص ہائی اسکولوں کے نتائج۔ اس میں منتظرین کی فہرستوں اور اگلے اقدامات کے بارے میں معلومات بھی شامل ہونگی۔ اگر آپکو ایک سے زیادہ پیشکش موصول ہوتی ہے (جیسے ایک متخصص ہائی اسکول کے لیے اور ایک آپکی درخواست سے پروگرام کے لیے)، آپکو ایک منتخب کرنے کے لیے حتمی تاریخ دی جائے گی۔

پیشکشیں جاری کر دینے کے بعد، آپ اپنے مائی اسکولز اکاونٹ کو ذیل کے لیے استعمال کرسکتے ہیں:

- اپنی پیشکش کی معلومات تک رسائی حاصل کریں۔
- مختلف پیشکشوں میں سے منتخب کریں، اگر قابلِ اطلاق ہو۔

پیشکشوں کے دورانیے میں، بہت سے اسکول متوقع اور / یا داخل کردہ طلبا کے لیے اوپن ہاوسز، واقفیتی تقریبات، اور / یا وسائل کا اہتمام کریں گے۔ ان مواقع کے بارے میں تازہ ترین معلومات کے لیے اسکولوں کی ویب سائٹس ملاحظہ کریں۔

### منتظرین کی فہرستیں

ایک پروگرام کی منتظرین کی فہرست ان درخواست دہندگان کی ایک فہرست ہے جو اس پروگرام میں شرکت کرنا چاہتے ہیں لیکن اس میں ایک پیشکش موصول نہیں کی۔ منتظرین کی فہرستیں پیشکش کے خطوط جاری ہونے کے بعد کھلتی ہیں۔ پھر، جبکہ منتظرین کی فہرستیں کھلی ہوں، ہائی اسکولز کسی بھی دستیاب نویں یا دسویں گریڈ نشست کو پُر کرنے کے لیے منتظرین کی فہرستوں کا استعمال کرتے ہیں۔ اگر پروگرام میں ایک نشست دستیاب ہوجاتی ہے جبکہ منتظرین کی فہرستیں کھلی ہوں، اسکول اس پروگرام کی منتظرین کی فہرست پر طلبا کو پیشکشیں کرسکتے ہیں۔ اسکول منتظرین کی فہرست کی پیشکشیں صرف اسی ترتیب میں کرسکتے ہیں جس میں طلبا اسکی منتظرین کی فہرست پر ہیں۔ منتظرین کی فہرست کے بارے میں مزید جاننے کے لیے **schools.nyc.gov/Waitlists** پر جائیں۔

- آپ کو ایسے کسی بھی پروگرام کے لیے منتظرین کی فہرست میں خود بخود رکھا جاتا ہے جو آپ نے اپنی درخواست میں اس پروگرام سے اونچے درجے پر درج کیا تھا جہاں سے آپکو پیشکش موصول ہوئی ہے۔ مثال کے طور پر اگر آپ نے اس پروگرام میں شرکت کی پیشکش موصول کی ہے جس کو آپ نے اپنی درخواست میں تیسرے درجے پر درج کیا تھا تو آپ خود کار طور پر آپ کے پہلے اور دوسرے انتخاب والے پروگراموں کی منتظرین کی فہرست میں ہونگے۔
- جب منتظرین کی فہرست کھلی ہوں، آپ اپنے مائی اسکولز اکاونٹ کو ذیل کے لیے استعمال کرسکتے ہیں:
  - اپنے آپ کو اضافی منتظرین کی فہرستوں میں شامل کریں – یہ اختیاری ہے۔
  - کسی بھی پروگرام کی منتظرین کی فہرست میں اپنی جگہ (پوزیشن) کو دیکھیں۔
  - منتظرین کی فہرست کی پیشکشوں کو قبول یا مسترد کریں اگر قابل اطلاق ہو۔ تمام پروگراموں میں نشستیں دستیاب نہیں ہوسکتیں، اسلئے تمام پروگرامز منتظرین کی فہرست سے پیشکشیں نہیں کریں گے۔ اگر آپ منتظرین کی فہرست پر ہیں، یہ اسکی ضمانت نہیں ہے کہ آپ منتظرین کی فہرست سے پیشکش موصول کریں گے۔
- اگر ایک اسکول آپکو منتظرین کی فہرست پیشکش کرسکتا ہے، وہ آپ سے براہِ راست رابطہ کریں گے، اور آپ کے پاس اس پیشکش کو قبول یا مسترد کرنے کے لیے تقریباً ایک ہفتہ ہوگا۔ اگر آپ منتظرین کی فہرست کی ایک پیشکش قبول کر لیتے ہیں تو یہ آپ کی اصل پیشکش کی جگہ لے گی۔

# میری درخواست کے انتخابات

1 ____________________

2 ____________________

3 ____________________

4 ____________________

5 ____________________

6 ____________________

7 ____________________

8 ____________________

9 ____________________

10 ____________________

11 ____________________

12 ____________________

**MySchools.nyc** پر اپنے اسکول اور پروگرام انتخابات تلاش کریں اور درخواست دیں۔

# نوٹس

# طلبا این وائی سی پبلک اسکولز کے لیے پیشکشیں کیسے حاصل کرتے ہیں:

## ایک مثال

**نیو یارک شہر پبلک اسکولوں میں نئے ہیں؟**
**ابھی ایک اسکول درکار ہے؟ یہ جاننے کے لیے کہ کیا کرنا ہے schools.nyc.gov/NewStudents پر جائیں یا 718-935-2009 پر رابطہ کریں۔**

# طلبا پیشکشیں کیسے حاصل کرتے ہیں

چار عناصر ہیں جو یہ تعین کرتے ہیں کہ کونسے طلبا کو کن پروگراموں سے میچ کیا جائے۔

## آپ کی درخواست کے انتخابات

آپ اپنی درخواست میں جو انتخابات شامل کریں گے اور آپ ان کو جس ترتیب سے درج کریں گے اس سے فرق پڑتا ہے! بہترین طریقہ پروگراموں کو اپنی حقیقی ترجیح کی ترتیب میں درج کرنا ہے، اپنے پہلے انتخاب کو سب سے اوپر #1 پر رکھیں۔ آپکو آپکے پہلے انتخاب کے لیے پہلے زیر غور لایا جائے گا اور ذیل کے عناصر کی بنیاد پر آپکے اونچے ترین ممکنہ انتخاب سے میچ کیا جائے گا۔ کسی اسکول یا پروگرام کو یہ معلوم نہیں ہوگا کہ آیا آپ نے انہیں اپنی درخواست میں پہلے نمبر پر رکھا ہے یا آخری۔

## ہر پروگرام کی دستیاب نشستیں

ہر ایک پروگرام میں دستیاب نشستوں کی مخصوص تعداد ہوتی ہے۔ اگر کسی پروگرام میں درخواست دہندگان کی تعداد نشستوں سے زیادہ ہوتی ہے، پیشکش کرنے کے لیے ذیل کے عناصر کو استعمال کیا جاتا ہے۔

## ہر پروگرام کی داخلے کی ترجیحات

کچھ پروگرام دیگر گروپس سے پہلے درخواست دہندگان کے مخصوص گروپس کو داخلہ ترجیحات دیتے ہیں، جیسے کہ ان طلبا کو جو ایک مخصوص ضلع میں رہتے ہیں، جنکے بھائی / بہن اس اسکول میں ہیں، یا جو مخصوص زبانیں بولتے ہیں۔ کسی پروگرام کے ترجیحی گروپ 1 میں تمام طلبا کو پیشکشوں کے لیے پہلے زیرِ غور لایا جاتا ہے۔ اس کے بعد، اگر اب بھی نشستیں دستیاب ہیں تو پھر اس پروگرام کے ترجیحی گروپ 2 کے طلبا کو زیرِ غور لایا جائے گا، اور اسی طرح چلتا رہے گا۔ آپ مختلف پروگراموں کے لیے مختلف ترجیحی گروپس میں ہونگے۔

## داخلہ طریقِ کار

**طلبا کو تفویض کردہ بلاترتیب نمبروں، تعلیمی ریکارڈز، آڈیشنز، ELL صورتِ حال، یا جاری تعلیم اسکول میں اندراج جیسے عناصر کی بنیاد پر۔**

- زیادہ تر طریقوں اور پروگراموں کے لیے، ہر درخواست دہندہ کو داخلوں کے طریقِ کار کے ایک جز کے بطور ایک بلا ترتیب نمبر تفویض کردیا جاتا ہے۔ اگر کسی ترجیحی گروپ میں درخواست دہندگان کے مقابلے میں کم نشستیں دستیاب ہیں، یہ **بلاترتیب تفویض کردہ نمبرز** اس ترتیب کا تعین کرتے ہیں جس میں طلبا پیشکش موصول کریں گے **– یہ دیکھنے کے لیے کہ یہ کیسے کام کرتا ہے سامنے والے صفحے پر مثال دیکھیں!**
- کچھ طریقے اور پروگرام داخلے کے طریقِ کار استعمال کرتے ہیں جو درخواست دہندگان کی تشخیص کرتے ہیں (جیسے آڈیشن کے ذریعے)۔ ان پروگراموں کے لیے، طلبا کا داخلہ انتخاب کے معیار کے ذریعے تعین کردہ ترتیب سے کیا جاتا ہے، جو مثال کے طور پر ایک آڈیشن اسکور یا اس طالب علم کا تعلیمی ریکارڈ ہو سکتا ہے۔


مخصوص طریقوں سے پیشکشیں کس طرح کی جاتی ہیں، اس بارے میں ذیل پر معلوم کریں:

**schools.nyc.gov/HowAdmissionsWorks**

# مثال طلبا ایک نمونہ پروگرام میں پیشکشیں کیسے حاصل کرتے ہیں


*یہ داخلے کے طریق کار کے لحاظ سے مختلف ہوتا ہے۔*

پروگرام X میں **آٹھ دستیاب نشستیں اور گیارہ درخواست دہندگان ہیں۔** کیونکہ نشستوں کے مقابلے میں درخواست دہندگان زیادہ ہیں،تمام درخواست دہندگان کو پروگرام X میں پیشکش نہیں ملے گی۔ اسکا مطلب ہے کہ پروگرام X کے لیے **داخلوں کی ترجیحات** یہ تعین کریں گی کہ درخواست دہندگان کے کونسے گروپس کو پہلے ایک پیشکش ملے گی۔





## ترجیحی گروپ 1

**پہلے**، ترجیحی گروپ 1 کے درخواست دہندگان کو پیشکش کے لیے زیر غور لایا جائے گا۔ کیونکہ یہ چار ہیں اور آٹھ نشستیں دستیاب ہیں، ترجیح 1 کے تمام درخواست دہندگان اس پروگرام کی ایک پیشکش موصول کریں گے۔





## ترجیحی گروپ 2

**اس کے بعد**، ترجیحی گروپ 2 کے درخواست دہندگان کو پیشکشوں کے لیے زیر غور لایا جائے گا۔ چار نشستیں باقی ہیں، اور کیونکہ ترجیحی گروپ 2 میں صرف تین درخواست دہندگان ہیں، وہ تمام ایک پیشکش موصول کریں گے۔





## ترجیحی گروپ 3


**آخر میں**، ترجیحی گروپ 3 کے درخواست دہندگان کو پیشکشوں کے لیے زیر غور لایا جائے گا۔ صرف ایک نشست باقی ہے۔ اسکا مطلب ہے کہ طلبا کو **بلا ترتیب تفویض کردہ نمبرز** یہ تعین کریں گے کہ یہ پیشکش کون موصول کرے گا۔




داخلے طریق کار کے حصے کے طور پر، ہر ایک درخواست دہندہ کو ایک بلا ترتیب نمبر تفویض کیا گیا تھا۔ درخواست دہندگان کو ترجیح گروپس کے اندر بلا ترتیب نمبروں کے ذریعے ترتیب دیا جاتا ہے۔




## پروگرام X کے لیے پیشکش




ترجیحی گروپ 3 میں سے صرف قوی ترین بلاترتیب نمبر والے طالب علم کو اس پروگرام کے لیے پشکش ملے گی۔ اب پروگرام X کی تمام نشستیں پُر ہو گئی ہیں۔

## منتظرین کی فہرست میں مندرج

بقایا تین درخواست دہندگان کو پروگرام X میں ایک پیشکش نہیں ملے گی۔ ان طلبا میں سے ہر ایک کو پیشکشوں کے لیے اب انکی درخواستوں میں درج اگلے پروگرام کے لیے زیرِ غور لایا جائے گا۔ ان میں سے ہر ایک کو اس پروگرام کی منتظرین کی فہرست میں بھی شامل کردیا جائے گا۔۔

# مزید جانیں اور درخواست دیں

**پروگراموں کو تلاش کریں اور درخواست دیں**
**MySchools.nyc**

پروگرام کے انتخابات کی تحقیق کریں۔ اپنی انفرادی درخواست تک رسائی کے لیے ایک اکاونٹ بنائیں، درخواست دیں، اور اپنی پیشکش موصول کریں – سب ایک ہی جگہ۔

**سب سے پہلے داخلوں کی جدید معلومات موصول کریں**
**schools.nyc.gov/SignUp**

جدید ترین خبروں، وسائل، اہم تواریخ اور تقریبات کی معلومات کے لیے ہماری داخلوں کی ای میل فہرستوں کے لیے سائن اپ کریں۔

**داخلوں کے بارے میں جانیں**
**schools.nyc.gov/Admissions**

داخلوں اور اندراج کے بارے میں جدید ترین معلومات ہمارے طریقِ کار ویب صفحات پر دیکھیں۔ مزید جاننے کے لیے ہمارا وڈیو سلسلہ دیکھیں اور تقریبات میں شرکت کریں۔

# انفرادی معاونت حاصل کریں

**آپ کا اسکول مشیر**

موجودہ ایلمنٹری اور مڈل اسکول کے طلبا کے لیے، داخلے کے طریق کار کے ہر مرحلے میں آپ کے اسکول مشیر آپ کے بہترین رہنما ہیں۔

**آپ کا خاندانی استقبالیہ مرکز**
**schools.nyc.gov/FWC**

خاندانی استقبالیہ مرکز کا عملہ ہر عمر کے طلبا والے خاندانوں کی داخلوں کے طریقِ کار میں رہنمائی کے لیے یہاں موجود ہے۔

**718-935-2009**

داخلوں کے بارے میں اگر آپ کے کوئی سوالات ہیں تو ہمیں کال کریں۔

**اس سرورق کے بارے میں** اس کتاب کے سرورق کو High School of Art and Design کی ایک طالبہ Mya Fernandez نے تیار کیا تھا (استاد: Brandon Scaglione، پرنسپل: Maximillian Re-Sugiura). یہ ڈیزائین نیویارک شہر کی تعلیم کی نمائندگی بطور کتابوں کی ایک بڑی عمارت کی صورت میں پیش کرتا ہے۔ Fernandez کو شہر کے طلبا کے تنوع، اور انکی شخصیات نے بھی متاثّر کیا تھا۔ اس گروپ میں ہر بچے کو قصداً منفرد نظر آنے والا بنایا گیا ہے تاکہ حاضرین کے لیے ایک تسکین اور تعلق کا احساس تخلیق کیا جا سکے۔

NYC Public Schools

Eric Adams
Mayor

David C. Banks
Chancellor